★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعرات 24 جمادی الاول 1446ھ 28 نومبر 2024ء 12 مگھر 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 43

فرمان الٰہی

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

900 افغانوں سمیت مظاہرین گرفتار، 200 گاڑیاں پکڑیں

آئی جی اسلام آباد

سب کو احتجاج کرنے کا حق ہے مگر احتجاج کی آڑ میں دہشت گرد کارروائی برداشت نہیں کریں گے، علی ناصر رضوی

کسی بھی غیر ملکی کو اسلام آباد کا امن تباہ کرنے کی اجازت نہیں دیں گے، پکڑے گئے مظاہرین میں افغان شہری بھی شامل تھے، چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد علی ناصر رضوی نے کہا ہے کہ اسلام آباد میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے احتجاج کے دوران 900 مظاہرین کو گرفتار کیا اور 200 گاڑیاں پکڑیں، سب کو احتجاج کرنے کا حق ہے مگر احتجاج کی آڑ میں دہشت گرد کارروائی برداشت نہیں کریں گے۔ چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کے ہمراہ پریس کانفرنس میں علی ناصر رضوی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب ای سی سی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیر داخلہ محسن نقوی کا ڈی چوک سے خیبر پلازہ تک دورہ، کلیئر کرائے علاقوں کا جائزہ لیا

قانون نافذ کرنے والے اداروں کے جوانوں سے ملاقات۔ جوانمردی کی تعریف کی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ڈی چوک سے خیبر پلازہ تک دورہ کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے ڈی چوک میں ڈیوٹی پر موجود قانون نافذ کرنے والے اداروں کے جوانوں سے ملاقات کی اور جوانوں کی جوانمردی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

بشریٰ بی بی نے پارٹی اور صوبائی حکومت ٹیک اوور کرلی، گورنر خیبر پختونخوا

علی امین گنڈاپور نے کارکنوں کو تنہا چھوڑنے کی روایت برقرار رکھی، فیصل کریم کنڈی

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے دعویٰ کیا ہے کہ عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی نے پارٹی اور صوبائی حکومت کو ٹیک اوور کرلیا ہے وہ جلد چیئرپرسن بن جائیں گی، علی امین گنڈاپور ڈمی وزیر اعلیٰ کے طور پر کام جاری رکھیں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

اسلام آباد بلیو ایریا کو شرپسندوں اور انتشار پسندوں سے خالی کروالیا گیا، سیکیورٹی ذرائع

پولیس نے آپریشن کرتے ہوئے متعدد مظاہرین کو گرفتار کر لیا جبکہ کچھ کارکن بھاگ نکلنے میں کامیاب ہو گئے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں بلیو ایریا میں خیبر چوک کے قریب پی ٹی آئی مظاہرین کے خلاف پولیس نے آپریشن کرتے ہوئے متعدد مظاہرین کو گرفتار کر لیا جبکہ کچھ کارکن بھاگ نکلنے میں کامیاب ہو گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ بلیو ایریا اس وقت مکمل طور پر کلیئر کروالیا گیا ہے، علاقہ کلیئر کروانے کے بعد اس وقت وہاں کوئی آپریشن نہیں کیا جا رہا۔ بشریٰ بی بی اور علی امین گنڈاپور ڈی چوک ایریا سے فرار ہو گئے تھے، اطلاعات کے مطابق دونوں ایک ہی گاڑی میں فرار ہوئے۔ ذرائع کے کہنا ہے کہ بشریٰ بی بی کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

31 دسمبر کے بعد بغیر این او سی افغانی اسلام آباد نہیں رہ سکیں گے

وفاقی وزیر داخلہ

مظاہرے کے دوران پی ٹی آئی کی جانب سے درجنوں ہلاکتوں کا دعوی بے بنیاد ہے، اسلام آباد پولیس اور معاون فورسز کے پاس مظاہرین کو روکنے کے دوران کسی قسم کا اسلحہ موجود ہی نہیں تھا

وزیراعلی خیبر پختونخواہ کے وزیراعلی اسلام آباد مظاہرے سے بھاگنے کے بعد ابھی منظر عام پر آئے ہیں، پی ٹی آئی سوشل میڈیا پر پراپیگنڈے میں مصروف ہے۔ کچھ لوگ صبح سے اسلام آباد کی ہسپتالوں میں میتیں ڈھونڈتے پھر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ عدالتی احکامات کے باوجود اسلام آباد پر دھاوا بولنے، سکیورٹی اہلکاروں پر جدید اسلحہ اور آنسو گیس فائرنگ، توڑ پھوڑ اور ہنگامہ آرائی پر وزارت داخلہ توہین عدالت کی درخواست دائر کرے گی، افغانیوں سمیت کسی غیر ملکی کو حملہ آور ہونے کی اجازت نہیں دیں گے، 31 دسمبر کے بعد کوئی افغانی بغیر این او سی کے اسلام آباد میں نقل وحرکت یا رہائش نہیں رکھ پائے گا، مظاہرے کے دوران پی ٹی آئی کی جانب سے درجنوں ہلاکتوں کا دعوی بے بنیاد ہے، اسلام آباد پولیس اور معاون فورسز کے پاس مظاہرین کو روکنے کے دوران کسی قسم کا اسلحہ موجود ہی نہیں تھا۔ وہ بدھ کو اسلام آباد ایف ایٹ انڈر پاس منصوبے کے دورہ کے بعد صحافیوں سے گفتگو کر رہے تھے۔ چیف سیکرٹری اسلام آباد و چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا، ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن بھی ان کے ہمراہ تھے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ وزیراعلی خیبر پختونخواہ کے وزیراعلی اسلام آباد مظاہرے سے بھاگنے کے بعد ابھی منظر عام پر آئے ہیں، پی ٹی آئی سوشل میڈیا پر پراپیگنڈے میں مصروف ہے۔ کچھ لوگ صبح سے اسلام آباد کی ہسپتالوں میں میتیں ڈھونڈتے پھر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی مظاہرین کے ہاتھوں میں کیمرے تھے اگر سکیورٹی اہلکاروں کی ایک تصویر گولی چلاتے ہوئے لے لیتے تو اب تک پوری دنیا میں پھیلا چکے ہوتے، دراصل اب انہیں شرمندگی چھپانے کا طریقہ سمجھ نہیں آرہا، وزیراعلی کے پی کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ وہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8

اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

نواز شریف، بیلاروس کے صدر الیگزینڈر لوکاشینکو کی مری میں ملاقات

وزیر اعظم شہباز شریف، ڈپٹی وزیر اعظم اسحاق ڈار، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف سمیت دیگر بھی موجود تھے

وزیراعظم شہباز شریف کی حکومت اور پنجاب حکومت دونوں کے ساتھ تعاون میں اضافہ چاہتے ہیں، الیگزینڈر لوکاشینکو

ایسے منصوبوں پر کام کیا جاسکتا ہے جس سے دونوں ممالک اور ان کے عوام کو فائدہ مل سکتا ہے، صدر مسلم لیگ (ن) نواز شریف

لاہور (خبر نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف اور بیلا روس کے صدر الیگزینڈر لوکاشینکو نے مری میں ملاقات کی۔ اس موقع پر وزیر اعظم شہباز شریف، ڈپٹی وزیر اعظم اسحاق ڈار، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ ملاقات میں پاکستان اور بیلاروس کے درمیان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9

پمز ہسپتال جا کر جھوٹی ویڈیو بنائی گئی، بیرسٹر دانیال چوہدری

سوشل میڈیا پر پی ٹی آئی کے لوگوں کی ہلاکت پر پروپیگنڈا کیا جارہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات ونشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا پر پی ٹی آئی کارکنوں کی ہلاکت پر پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے، پمز ہسپتال جا کر جھوٹی ویڈیو بنائی گئی، یہ پلان کر کے آئے تھے کہ انہیں لاشیں ملیں، حکومت اور امن قائم کرنے والے اداروں نے لاشیں نہ گرنے کو یقینی بنایا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو یہاں نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

احتجاج پی ٹی آئی کا نومئی کے بعد ایک اور بلنڈر رہے، طلال چوہدری

بہترین حکمت عملی سے مظاہرین منتشر ہوئے اور لاشیں بھی نہیں گریں، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) رہنما ن لیگ کے طلال چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت کی بہترین حکمت عملی سے مظاہرین منتشر بھی ہوئے اور لاشیں بھی نہیں گریں۔ طلال چوہدری نے کہا کہ احتجاج پی ٹی آئی کا نومئی کے بعد ایک اور بلنڈر ہے۔ گزشتہ روز نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے طلال چوہدری کا کہنا تھا کہ حکومت کا مذاکرات کا صرف ایک مقصد ہے کہ کوئی اور لاش نہ گرے۔ مسلم لیگ ن کے رہنما نے کہا کہ ملک کے مسائل پر پی ٹی آئی کی بے حسی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

علی امین اور میں ڈی چوک احتجاج کے حق میں نہیں تھے، شیر افضل مروت

ہم احتجاج کرنے گئے تھے، گولیوں کا ہمارے پاس کیا علاج ہے؟ نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی رہنما و رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت کا کہنا ہے کہ میں اور علی امین گنڈاپور ڈی چوک احتجاج کے حق میں نہیں باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7

راولپنڈی، وزیر اعظم شہباز شریف بیلاروس کے صدر کو الوداع کر رہے ہیں

4 روز سے بند موٹر ویز کو ہر طرح کے ٹریفک کیلئے کھول دیا گیا

ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان میمن کی تمام اسسٹنٹ کمشنرز کو بند راستے کھولنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریکِ انصاف (پی ٹی آئی) کا احتجاج ختم ہونے کے بعد 4 روز سے بند موٹرویز کو ہر طرح کی ٹریفک کے لیے کھول دیا گیا۔ اس حوالے سے موٹروے حکام کا کہنا ہے کہ موٹروے ایم 2 اسلام آباد تا لاہور کھول دی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

بشریٰ بی بی، گنڈاپور، عمر ایوب مانسہرہ پہنچ گئے

علی امین گنڈاپور اور بشریٰ بی بی نے رات کو سرکٹ ہاؤس مانسہرہ میں قیام کیا، تیمور سلیم کی تصدیق

مانسہرہ (این این آئی) وزیرِ اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور، عمر ایوب اور بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی مانسہرہ پہنچ گئے۔ اسپیکر کے پی اسمبلی بابر سلیم کے بھائی تیمور سلیم نے تصدیق کی ہے کہ وزیرِ اعلیٰ خیبر پختون خوا علی امین گنڈاپور اسلام آباد سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

بشریٰ بی بی بانی پی ٹی آئی سے بھی دو ہاتھ آگے نکلیں، شرجیل میمن

بانی پی ٹی آئی کو لیے بغیر نہیں جاؤں گی، مگر آپریشن شروع ہوتے ہی بشریٰ بی بی فرار ہو گئیں، میڈیا گفتگو

کراچی (این این آئی) وزیرِ اطلاعات سندھ شرجیل میمن نے کہا ہے کہ بشریٰ بی بی نے منفی سیاست کی، وہ بانی پی ٹی آئی سے بھی دو ہاتھ آگے نکلیں۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بشریٰ بی بی نے عوام کو مروانے کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

ریڈ زون میں اکٹھے ہوئے تو دوبارہ آپریشن ہوگا، رانا ثنا

جو لوگ شہید ہوئے ہیں ان کے مقدمات میں یہ سارے لوگ نامزد ہوں گے، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ کا کہنا ہے کہ پُرامن احتجاج سب کا جمہوری حق ہے، ریڈ زون میں اکٹھے ہوئے تو دوبارہ آپریشن ہوگا۔ نجی ٹی وی سے بات کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے کہا کہ علی امین اور بشریٰ بی بی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

تاریخ میں کوئی انقلاب اتنی جلدی نہیں بھاگا جتنی جلد کل بھاگے، عظمیٰ بخاری

عوام کھڑی رہی جبکہ باجی بھاگ گئی، سوشل میڈیا پر اسکی کافی لے دے ہو رہی، محترمہ نے بانی پی ٹی آئی کی سیاست تباہ کر دی

گنڈاپور کو اپنے ہی لوگوں سے ڈنڈے اور گالیاں پڑی، مقدمات درج ہو چکے اب کسی کو نہیں چھوڑا جائیگا، وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (سمعیہ فیاض) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ انقلاب لانے والے جوتے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

اسلام آباد، پارلیمانی سیکرٹری بیرسٹر دانیال چوہدری پریس کانفرنس کر رہے ہیں

علی امین گنڈاپور کا نام بھگوڑا ہونا چاہیے

عطا تارڑ

اہم عہدوں پر تعینات سرکاری شخصیات کو نشانہ بنانے کا پلان تھا، کنٹینر کو اس لیے آگ لگائی گئی کیونکہ اس میں اہم معلومات تھیں

گنڈاپور اور بشریٰ بی بی ایک گاڑی میں فرار ہوئے، پی ٹی آئی کا اسلام آباد کو ٹیک اوور کرنے کا پلان تھا، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ علی امین گنڈاپور کا نام

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34

لاہور، وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری پریس کانفرنس کر رہی ہیں

لیڈر شپ نے مایوس کیا: شوکت یوسفزئی احتجاج پر پھٹ پڑے

جب لیڈر شپ کے پاس فیصلے کا اختیار نہیں تھا تو اتنے زیادہ کارکنوں کو کیوں لیکر گئی؟ انٹرویو

پشاور (این این آئی) تحریک انصاف کے رہنما شوکت یوسفزئی نے فائنل کال احتجاج کو لے کر پارٹی قیادت پر مایوسی کا اظہار کیا ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے شوکت یوسفزئی نے تصدیق کی کہ بشریٰ بی بی اور وزیر اعلیٰ کے پی علی امین

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

لگتا ہے بشریٰ کو زبردستی اغوا کر کے لے جایا گیا، بہن بشریٰ بی بی

بشریٰ بی بی کے پی میں نہیں ہو سکتیں، خیریت سے ہوتیں تو ضرور فیملی سے رابطہ کرتیں، ویڈیو بیان

اسلام آباد (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی بہن مریم ریاض وٹو نے نئے ویڈیو بیان میں کہا ہے کہ کچھ لوگ کہہ رہے ہیں کہ بشریٰ بی بی گرفتار ہو گئی ہیں، کچھ کہہ رہے ہیں بشریٰ بی بی کے پی پہنچ گئی ہیں۔ مریم ریاض وٹو نے کہا کہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

لاہور، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

ڈی جی خان، رات گئے پنجاب کے پی سرحد پر قائم چیک پوسٹ پر دہشتگردوں کا حملہ ناکام

25 سے زائد دہشتگردوں نے چیک پوسٹ پر راکٹ اور دستی بموں سے حملہ کیا: پولیس حکام

ڈیرہ غازیخان (این این آئی) ڈی جی خان: پنجاب اور کے پی کی سرحد پر رات گئے دہشتگردوں نے غازی خان میں پنجاب اور کے پی بارڈر پر قائم لاکھانی چیک پوسٹ پر دہشتگردوں نے رات گئے حملہ کردیا۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

مظاہرین کی اموات کے دعوے جھوٹے اور بے بنیاد ہیں، سیکیورٹی ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) سیکیورٹی ذرائع نے اسلام آباد میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے احتجاج کے خاتمے کے بعد سوشل میڈیا پر کیے جانے والے پروپیگنڈے کو مسترد کر دیا۔ سیکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ چند لوگوں کی جانب سے جھوٹا پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے اور سوشل

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

پی ٹی آئی میں اختلافات، بشریٰ بی بی احتجاج کی ناکامی کی ذمہ دار قرار

جب تک علی امین اور دیگر سے دوبارہ رابطہ قائم کرنے کی کوشش کی گئی، ریلی اسلام آباد میں داخل ہو چکی تھی، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں احتجاج کی ناکامی کے بعد پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی قیادت میں اختلافات سامنے آ گئے۔ رہنماؤں نے بشریٰ بی بی کو احتجاج کی ناکامی کا ذمے دار قرار دے دیا۔ نجی ٹی وی نے اپنی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

محکمہ معدنیات کا مستقبل ڈیجیٹائزیشن، آئی ٹی میں ہے، شیر علی گورچانی

لاہور (این این آئی) وزیر معدنیات پنجاب سردار شیر علی گورچانی کی زیر صدارت محکمہ معدنیات میں اجلاس ہوا جس میں محکمے کے مختلف امور کے حوالے سے جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر وزیر معدنیات شیر علی گورچانی نے کہا کہ محکمہ معدنیات پنجاب کو جدید ٹیکنالوجی پر منتقل کرنا وقت کا تقاضا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31

خیبر پختونخوا اور پنجاب کو ملانے والا اٹک پل بند

اٹک خورد کے مقام پر روڈ بلاک کرنے کے لئے کنٹینر دوبارہ لگا دیے گئے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں پی ٹی آئی کارکنوں کے خلاف آپریشن کرتے ہوئے خیبر پختونخوا اور پنجاب کو ملانے والا اٹک پل بند کردیا گیا۔ خیبر پختونخوا اور پنجاب کو ملانے والے رابطہ پل پر پولیس کی بھاری نفری تعینات ہے۔ اٹک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32

سانحہ نو مئی مقدمات، یاسمین راشد کی بعد از گرفتاری ضمانت پر سماعت ملتوی

یاسمین راشد نے جناح ہاؤس کے قریب چوک میں پولیس کی گاڑیاں جلانے کے دو مقدمات میں ضمانت دائر کر رکھی ہے

لاہور (این این آئی) سانحہ نو مئی، جناح ہاؤس کے قریب چوک میں پولیس کی گاڑیاں جلانے کے دو مقدمات میں ڈاکٹر یاسمین راشد کی بعد از گرفتاری ضمانت پر سماعت 10 دسمبر تک ملتوی کر دی گئی۔ انسداد دہشتگردی عدالت کے جج منظر علی گل

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

ایف ایٹ انڈر پاس دسمبر کے آخری ہفتے میں آمدورفت کے لئے کھول دیا جائے گا، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ ایف ایٹ انڈر پاس تکمیل کے بعد دسمبر کے آخری ہفتے میں آمدورفت کے لئے کھول دیا جائے گا، ایف نائن، ایف 10 جنکشن

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21

وزیر داخلہ محسن نقوی پمز ہسپتال میں اے ایس پی محمد علیم کی عیادت کر رہے ہیں

احتجاج کے دوران مظاہرین کی اموات کی خبروں میں کوئی صداقت نہیں، سکیورٹی ذرائع

رات گئے پولیس اور رینجرز کے آپریشن میں کسی قسم کے آتشیں اسلحے کا استعمال نہیں کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) سکیورٹی ذرائع نے پی ٹی آئی احتجاج کے دوران مظاہرین کی اموات کی خبروں کو جھوٹا اور من گھڑت قرار دے دیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق سوشل میڈیا پر چند لوگوں کی جانب سے جھوٹا پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

پی ٹی آئی احتجاج منسوخ، لاہور میں نظام زندگی بحال، داخلی وخارجی راستے، موٹر ویز کھل گئیں

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کا احتجاج منسوخ ہونے کے بعد لاہور کے داخلی و خارجی راستے کھول دیے گئے جبکہ موٹرویز کو بھی ٹریفک کیلئے کھول دیا گیا ہے۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق شہر کے تمام داخلی و خارجی راستے کھلے ہیں، راوی پل، پرانا راوی پل، سگیاں، راوی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

جیل میں پرویز الٰہی کی پسلیاں ٹوٹ گئی تھیں، عدالت حاضری سے استثنا کی درخواست

پرویز الٰہی کو ڈاکٹر نے آرام کا مشورہ دیا ہے، عدالت حاضری معافی کی درخواست قبول کرے، استدعا

لاہور (این این آئی) پرویز الٰہی کی جانب سے عدالت میں حاضری سے استثنا کی درخواست دائر کی گئی ہے، جس میں بتایا گیا ہے کہ جیل میں ان کی پسلیاں ٹوٹ گئی تھیں۔ سابق وزیر اعلیٰ پرویز الٰہی سمیت دیگر کے خلاف پنجاب اسمبلی میں غیر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29

سرکاری سکیم کے تحت حج درخواستوں کی تعداد 24 ہزار 266 تک پہنچ گئی

ملک کے 15 بینکوں کی نامزد شاخوں میں حج درخواستیں وصول کی جارہی ہیں، ترجمان مذہبی امور

اسلام آباد (این این آئی) سرکاری سکیم کے تحت حج درخواستوں کی تعداد 24 ہزار 266 تک پہنچ گئی۔ ترجمان وزارت مذہبی امور کے مطابق سرکاری سکیم میں حج درخواستوں کی وصولی میں تیزی آگئی ہے، ملک کے 15 بینکوں کی نامزد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

دھرنا ایک تحریک ہے جو جاری رہے گا، علی امین گنڈاپور کا دعویٰ

بدقسمتی سے پچھلے ڈھائی سال سے ہماری جماعت کے ساتھ فسطائیت اور جبر کا مظاہرہ کیا جا رہا ہے

مانسہرہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ بدقسمتی سے پچھلے ڈھائی سال سے ہماری جماعت کے ساتھ فسطائیت اور جبر کا مظاہرہ کیا جا رہا ہے، چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال کیا جا رہا ہے، ہمارا لیڈر اس وقت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22

پاک چین کے تعلقات باہمی اعتماد و تعاون پر مبنی ہیں، آرمی چیف

چین کے سینٹرل ملٹری کمیشن کے وائس چیئرمین جنرل ژانگ یوشیا کا اعلیٰ سطح کے وفد کے ہمراہ جنرل ہیڈ کوارٹرز (جی ایچ کیو) کا دورہ

جنرل ژونگ نے پہلے آرمی چیف جنرل عاصم منیر سے ون آن ون ملاقات کی بعد ازاں وفود کی سطح کے مذاکرات ہوئے

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کے تعلقات باہمی اعتماد اور تعاون پر مبنی ہیں۔ پاک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

چین کے سینٹرل ملٹری کمیشن کے وائس چیئرمین جنرل ژانگ یوشیا آرمی چیف جنرل عاصم منیر سے ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان اسٹاک ایکسچینج: پی ٹی آئی کے احتجاج کے خاتمے کیساتھ ہی انڈیکس کی گراوٹ بھی ختم

اسٹاک ایکسچینج کا 100 انڈیکس 3 ہزار 618 پوائنٹس کے اضافے سے 98 ہزار 192 پر آگیا

کراچی (این این آئی) احتجاج کے خاتمے کے ساتھ ہی پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے 100 انڈیکس کی گراوٹ بھی ختم ہوگئی۔ یہ بات معاشی تجزیہ کار

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

بشریٰ بی بی نے خواتین کی سیاست پر داغ لگا دیا ہے

گورنر پنجاب

احتجاج کی آڑ میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کیخلاف پرتشدد واقعات کسی طرح بھی ٹھیک نہیں، سلیم حیدر خان

ملک کی تعمیر وترقی میں خواتین کا اہم کردار ہے وہ نہ صرف اپنے خاندان بلکہ پروفیشنل کیریئر میں بھی سوسائٹی کا اہم حصہ بن چکی ہیں

لاہور (خبر نگار) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ بشریٰ بی بی خواتین کی سیاست پر داغ لگا رہی ہیں، احتجاج کے دوران رینجرز اور پولیس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

لاہور، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے ویمن چیمبر کے وفد کا ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

پی ٹی آئی احتجاج، اسلام آباد کے اسپتالوں میں لائے گئے جاں بحق اور زخمیوں کی فہرست

وفاقی دارالحکومت کے تین اسپتالوں میں 10 جاں بحق افراد اور 71 زخمی لائے گئے

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی احتجاج کے دوران اسلام آباد کے تین مختلف اسپتالوں میں لائے گئے جاں بحق اور زخمیوں کی تعداد سامنے آگئی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25

کراچی، کارساز روڈ پر ٹرک کی موٹر سائیکل کو ٹکر، خاتون جاں بحق

پولیس نے منی ٹرک کو تحویل میں لے کر ڈرائیور محمد عالم کو گرفتار کرلیا، کارروائی شروع

کراچی (این این آئی) کراچی میں کارساز روڈ پر منی ٹرک کی موٹر سائیکل کو ٹکر سے خاتون جاں بحق اور 4 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق زخمیوں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26

روزنامہ قوت لاہور



سٹی نیوز

پنجاب جوڈیشل اکیڈمی میں "نامور" کے موضوع پر ادبی سیشن کا انعقاد

لاہور (این این آئی) پنجاب جوڈیشل اکیڈمی میں "نامور" کے موضوع پر ادبی سیشن منعقد کیا گیا، جس میں معروف حسین مجروح نے خصوصی شرکت کی۔ ڈائریکٹر جنرل پنجاب جوڈیشل اکیڈمی جسٹس (ر) سردار احمد نعیم نے معزز مہمان کو خوش آمدید کہا اور زیر تربیت جوڈیشل افسران کے ساتھ تعارف کروایا، انہوں نے پنجاب جوڈیشل اکیڈمی میں نامور کے نام سے منعقد ہونے والے ادبی سیشن کے اغراض و مقاصد اور اہمیت سے بھی آگاہ کیا۔ سیشن سے اظہار خیال کرتے ہوئے حسین مجروح کا کہنا تھا کہ عدل و انصاف اور انسانیت کی خدمت سب سے بہترین عبادات ہیں۔ انہوں نے شرکا سے کہا کہ ادب سے لگاؤ انسان کو انسانیت کے قریب کرتا ہے اور ہماری روزمرہ زندگی میں عجز و انکساری لاتا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ادب سے تعلق رکھنے والا منصف انسانی زندگی کے بہتر طریقے سے سمجھتے ہوئے اچھے فیصلے کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ شرکا حسین مجروح کی گفتگو اور شاعری سے بہت محظوظ ہوئے اور پنجاب جوڈیشل اکیڈمی کی جانب سے ادبی نشستوں کے اہتمام کے اقدام کو سراہا۔

گریجویٹ کالج برائے خواتین میں فن گالا کا انعقاد

نصابی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ کلرفل ایونٹس بھی ضروری ہیں، پروفیسر ڈاکٹر شہناز کوثر

لاہور (این این آئی) گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین میں فن گالا کا اہتمام کیا گیا۔ ایونٹ کی چارج پروفیسر ڈاکٹر ناصر ساجد اور ڈاکٹر عاصمہ کامران تھیں، فن گالا کا افتتاح پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر شہناز کوثر نے فیتہ کاٹ کر کیا۔ وائس پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر محسنہ منیر، پروفیسر ڈاکٹر شبانہ سحر، مسز بشریٰ زوبی اور مسز نورین رضا نے پرنسپل صاحبہ کو گلدستہ پیش کرتے ہوئے خوش آمدید کہا۔ کالج پرنسپل نے ایونٹ کا جائزہ لیا اور فن گالا پروگرام کے کامیاب انعقاد پر منتظمین کی کاوشوں کو سراہا۔ اس موقع پر پرنسپل صاحبہ کا کہنا تھا کہ ایسے کلرفل ایونٹس اور نصابی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ غیر نصابی سرگرمیاں بھی ضروری ہیں۔ ایسے فیسٹیولز طالبات کے لیے تفریح کا ذریعہ ہونے کے ساتھ ساتھ خوشگوار یادیں تخلیق کرنے کا موقع بھی فراہم کرتے ہیں۔ طالبات کے لیے یہ دن خوشیوں اور رنگا رنگ سرگرمیوں اور تفریح سے بھرپور تھا۔ جس میں کھانے پینے کے سٹالز اور جھولوں نے مرکزی توجہ حاصل کی۔ طالبات نے رنگ برنگے ملبوسات زیب تن کر کے فن گالا کو چار چاند لگا دیے۔ انہوں نے اپنے پسندیدہ پروگرام میں بھرپور شرکت کی اور اپنے دن کو یادگار بنایا۔

تاجر مرکزی منڈی میں سبزیاں فروخت کر رہے ہیں

لاہور ڈیفنس میں پیسوں کی خاطر دوست کو قتل کرنے والا ملزم گرفتار

ملزم عبداللہ شاہد مقتول احسن سلیم کا قریبی دوست تھا، مقتول بینک آف پنجاب گلبرگ میں منیجر تھا

لاہور (کرائم رپورٹر) گلبرگ پولیس نے پیسوں کی خاطر دوست کو قتل کرنے والے ملزم کو جدید ٹیکنالوجی سے ٹریس کر کے واہگہ سے گرفتار کرلیا، ملزم عبداللہ شاہد مقتول احسن سلیم کا قریبی دوست تھا جبکہ مقتول بینک آف پنجاب گلبرگ میں منیجر تھا۔ تفصیلات بتاتے ہوئے ایس پی ماڈل ٹاؤن اخلاق اللہ تارڑ نے کہا کہ 22 نومبر کی شام کو ملزم نے مقتول کو کال کر کے واہگہ 27 نمبر اسٹاپ بلایا، ملزم نے ویگنار گاڑی کرائے پر لی ہوئی تھی جس میں دونوں سوار ہو کر ڈیفنس ایچ بلاک گئے، واپسی پر ملزم نے مقتول سے پیسوں کا تقاضا کیا جس پر دونوں میں جھگڑا ہوا اور ملزم نے طیش میں مقتول کے سر میں گولی مار کر قتل کر دیا۔ ایس پی اخلاق اللہ تارڑ کے مطابق ملزم نے مقتول کا موبائل اور پرس اپنے پاس چھپا لیا اور رات 10 بجے ہربنس پورا کے قریب جا کر لاش نہر میں پھینک دی، ملزم نے مقتول احسن کی بیوی سے اس کے فون کے ذریعے آن لائن 50 ہزار منگوائے جس پر بیوی کو شک ہوا اور پولیس کو 15 کال پر اطلاع دی۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن نے ایس ایچ او گلبرگ کی سربراہی میں اسپیشل ٹیم تشکیل دی تھی۔ پولیس افسر کا کہنا تھا کہ ملزم عبداللہ شاہد کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے، قانون کو ہاتھ میں لینے والوں کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔

ایک بچہ دریائے راوی کے قریب صدقے کا گوشت فروخت کر رہا ہے

پی آئی ٹی بی ریجنل پلان 9 کے تحت نئے سیشن میں سٹارٹ اپس کیلئے انکیوبیشن سینٹرز میں درخواستوں کی وصولی شروع

سٹارٹ اپس کو 6 ماہ تک کام کرنے کی جگہ، نیٹ ورکنگ کے مواقع، مفت قانونی اور کاروباری معاونت فراہم ہوگی

لاہور (خبر نگار) انٹرپرینیورشپ کے فروغ کیلئے پنجاب آئی ٹی بورڈ کے منصوبے ریجنل پلان 9 کے تحت لاہور، ڈی جی خان، راولپنڈی، ساہیوال، گوجرانوالہ، کامرہ اور کھاریاں میں قائم کردہ انکیوبیشن سینٹرز میں نئے سیشن کیلئے درخواستوں کی آن لائن وصولی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس منصوبے کا مقصد نئے سٹارٹ اپس کو 6 ماہ تک کام کرنے کی جگہ، نیٹ ورکنگ کے مواقع، مفت قانونی راہنمائی اور کاروباری معاونت فراہم کرنا ہے۔ اس حوالے سے پی آئی ٹی بی چیئرمین فیصل یوسف کا کہنا تھا کہ ان انکیوبیشن سینٹرز کا قیام پاکستان میں انٹرپرینیورشپ اور جدت کو فروغ دینے کے ہمارے عزم کا منہ بولتا ثبوت ہے جس سے سٹارٹ اپس کو تکنیکی مہارت تک رسائی اور صنعتوں میں کام کرنے والے پیشہ ور افراد کی راہنمائی حاصل ہو سکے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ 360 سے زائد سٹارٹ اپس کے ساتھ مجموعی طور پر ریجنل پلان 9 کے تحت 11 انکیوبیشن سینٹرز فعال ہیں جو نوجوانوں کو گلوبل مارکیٹ ملازمتیں فراہم کر رہے ہیں۔ پاکستان کے سب سے بڑے انکیوبیشن سینٹر کا حصہ بننے کیلئے نوجوان آن لائن اپلائی کر سکتے ہیں۔

چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر شاہد حیدر نے صنعتی صارفین کو بجلی کی سپلائی بہتر بنانے اور بہترین سروس فراہم کرنے کی ہدایات جاری کردیں

لاہور (خبر نگار) چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر شاہد حیدر نے صنعتی صارفین کو بجلی کی سپلائی بہتر بنانے اور بہترین سروس فراہم کرنے کی ہدایات جاری کردیں۔ ترجمان لیسکو کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر شاہد حیدر نے فنکشن ہیڈز کے اجلاس کے دوران ڈائریکٹر کسٹمر سروسز سرور مغل اور چیف انجینئر آپریشنز عباس علی کو ہدایات جاری کی ہیں کہ صنعتی صارفین کو بہترین سہولیات فراہم کی جائیں اور بجلی کی بلاتعطل سپلائی کو بھی یقینی بنائی جائے، اس کے علاوہ صنعتی صارفین کی شکایات کا فوری ازالہ کیا جائے اور اس معاملے میں کسی قسم کی کوتاہی کا مظاہرہ نہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ صنعتیں ملکی ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتی ہیں اس لیے ضروری ہے کہ انہیں بہترین سے بہترین سہولیات فراہم کی جائیں۔ چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر شاہد حیدر نے ڈائریکٹر کسٹمر سروسز سرور مغل اور چیف انجینئر آپریشنز عباس علی کو صنعتی صارفین کے معاملات کی نگرانی کرنے کی بھی ہدایت کی ہے۔ اجلاس میں ڈائریکٹر ایچ آر ضمیر حسین کلاچی، چیف فنانس آفیسر بشریٰ عمران، ڈائریکٹر کسٹمر سروسز سرور مغل، ڈی جی ایڈمن نعمان غفور، ڈی جی ایکومینیشن رائے محمد اصغر، چیف انجینئر آپریشنز عباس علی، چیف انجینئر ٹی اینڈ جی ظفر اقبال، چیف انجینئر پی آئی یو اعجاز بھٹی، ڈائریکٹر ایس اینڈ آئی اصغر سکھیرا، ڈائریکٹر کمرشل ندیم طاہر، ڈائریکٹر ریکوری اور ڈائریکٹر اینٹی تھیفٹ احمد شہزاد چغتائی شریک تھے۔

جوہر ٹاؤن سکیم میں ابھی تک 280 کنال سے زائد ایل ڈی اے اراضی کو کلیئر کرایا جا چکا ہے، طاہر فاروق

فنانس اینڈ ٹریڈ سنٹر جوہر ٹاؤن کی باؤنڈری پر فینسنگ لگا کر کمرشل پلاٹوں کو ڈویلپ کیا جائے، ڈی جی ایل ڈی اے

ایل ڈی اے ملکیتی پراپرٹی کے تحفظ کی مہم جاری، ڈی جی ایل ڈی اے کا جوہر ٹاؤن "آر" بلاک، فنانس اینڈ ٹریڈ سنٹر اور "کے" بلاک کا دورہ

لاہور (خبر نگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر ایل ڈی اے ملکیتی پراپرٹی کے تحفظ کے لیے خصوصی مہم جاری ہے۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے جوہر ٹاؤن میں "آر" بلاک، فنانس اینڈ ٹریڈ سنٹر اور "کے" بلاک کا دورہ کیا اور ایل ڈی اے ملکیتی قیمتی اراضی پر تجاوزات و جھگیاں ہٹانے کے لیے جاری آپریشن کا جائزہ لیا۔ ڈائریکٹر ہاؤسنگ سیون معظم رشید نے ڈی جی ایل ڈی اے کو جاری آپریشن کے متعلق بریفنگ دی۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے بتایا کہ جوہر ٹاؤن سکیم میں ابھی تک 280 کنال سے زائد ایل ڈی اے اراضی کو کلیئر کرایا گیا ہے۔ ایل ڈی اے ملکیتی پراپرٹی پر تجاوزات و جھگیاں بنانے کی کسی صورت اجازت نہیں ہے۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے آر بلاک اور "کے" بلاک میں واگزار و کلیئر کرائی گئی اراضی اور فنانس اینڈ ٹریڈ سنٹر جوہر ٹاؤن میں 12، 12 کنال کے دو پلاٹوں سے جھگیاں و تجاوزات ہٹانے کے آپریشن کا جائزہ لیا اور افسران کو ہدایات جاری کیں کہ فنانس اینڈ ٹریڈ سنٹر جوہر ٹاؤن کی باؤنڈری پر فینسنگ لگا کر کمرشل پلاٹوں کو ڈویلپ کیا جائے اور فنانس اینڈ ٹریڈ سنٹر کے تمام کمرشل پلاٹس کو مکمل طور پر کلیئر کروایا جائے۔ اس موقع پر چیف انجینئر ایل ڈی اے اسرار سعید، ڈائریکٹر ہاؤسنگ سیون معظم رشید اور متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔

وزیر اقلیتی امور پنجاب رمیش سنگھ اروڑہ کا منتو بھاجیکے میں گوردوارہ کھارا صاحب کے دورے کے موقع پر دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

صوبائی وزراء صحت خواجہ سلمان رفیق اور خواجہ عمران نذیر محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں ہیلتھ ایڈوائزری کمیٹی کے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اجلاس میں وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمود ایاز، ویڈیو لنک کے ذریعے ڈاکٹر زاہد پرویز و دیگر افسران کی شرکت

وزراء صحت خواجہ سلمان رفیق اور خواجہ عمران نذیر کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں ہیلتھ ایڈوائزری کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد

نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ کے ماسٹر پلان میں ضروری تبدیلیوں، سٹیٹ آف دی آرٹ طبی آلات اور مشینری کی خریداری و دیگر معاملات کو حتمی شکل دے دی گئی صوبائی وزراء صحت

لاہور (خبر نگار) نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ کے ماسٹر پلان میں ضروری تبدیلیوں، سٹیٹ آف دی آرٹ طبی آلات اور مشینری کی خریداری و دیگر معاملات کو حتمی شکل دے دی گئی ہے۔ صوبائی وزراء صحت خواجہ سلمان رفیق اور خواجہ عمران نذیر کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں ہیلتھ ایڈوائزری کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اس موقع پر سیکرٹری صحت عظمت محمود، سپیشل سیکرٹری سید واجد علی شاہ، سی ای او آئی ڈیپ کیپٹن (ر) شامیر و دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمود ایاز، ویڈیو لنک کے ذریعے ڈاکٹر زاہد پرویز و دیگر افسران نے شرکت کی۔ وڈیو لنک کے ذریعے ایڈوائزر برائے صحت میجر جنرل ریٹائرڈ ڈاکٹر اظہر محمود کیانی، سیکرٹری محکمہ پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر نادیہ ثاقب، شہاب خواجہ اور ممبر پی اینڈ ڈی نے اجلاس میں شرکت کی۔ سی ای او آئی ڈیپ نے نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ کے حوالہ سے بریفنگ بھی دی۔ اجلاس میں کینسر کے علاج کے لئے جدید مشینری کی خریداری پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر ہسپتال کے قیام اور تکمیل کے لئے اقدامات تیز کرنے کی ہدایت کردی گئی۔ ہسپتال میں پنجاب کے سب سے بڑے بون میرو ٹرانسپلانٹ کے قیام کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں کینسر کیئر ہسپتال میں بیڈز کی تعداد بڑھانے پر بھی فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں نہایت اہل اور قابل کینسر ماہرین کی تعیناتی کا فیصلہ کر لیا گیا۔ اجلاس میں کینسر کے لیول فور مریضوں کے لئے الگ سے ہاسپائس سینٹر کے قیام کا فیصلہ کیا گیا۔ ہسپتال کو ایشیا کا جدید ہسپتال بنانے پر تمام ممبران پر عزم ہیں جس میں ایک ہی چھت تلے کینسر کے امراض کا علاج ممکن ہو سکے گا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ آئی ڈیپ کو نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ پراجیکٹ کو مقررہ وقت پر مکمل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ کینسر ہسپتال کے پہلے فیز کی تکمیل کے لئے بارہ ماہ کا ہدف دے دیا گیا ہے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ عوام کی زندگی میں بہتری لانے والا ہر کام حکومت پنجاب کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ کینسر ہسپتال کی توسیع مرحلہ وار کر کے مریضوں کے علاج و معالجہ کیلئے جدید ایکوپمنٹس نصب کئے جائیں گے۔ صوبائی وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ پہلے سرکاری کینسر ہسپتال میں ریڈی ایشن تھراپی، کیموتھراپی، اینڈوسکوپی و دیگر سہولیات میسر ہوں گی۔ نواز شریف کینسر ہسپتال پنجاب ہی نہیں بلکہ انشاء اللہ پورے پاکستان کا منصوبہ ہے۔ کینسر کے ہر مریض کو کینسر کے علاج کی بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔

پنجاب بھر میں 1423 ٹریفک حادثات میں 09 افراد جاں بحق، 1473 زخمی، ہوئے

لاہور (کرائم رپورٹر) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1423 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 640 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 833 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (75 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 865 ڈرائیورز، 69 کم عمر ڈرائیور، 457 مسافر اور 160 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے۔

ڈاکٹر عثمان انور کی زیر نگرانی صوبے کی بارڈر چیک پوسٹوں پر پولیس ٹیمیں شب و روز ہائی الرٹ

25 سے 30 خوارجی دہشت گرد لکھانی چیک پوسٹ پر چاروں طرف سے حملہ آور ہوئے

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر نگرانی صوبے کی بارڈر چیک پوسٹوں پر پولیس ٹیمیں شب و روز ہائی الرٹ ہو کر فرائض سرانجام دے رہی ہیں اسی سلسلے میں پنجاب پولیس ڈیرہ غازی خان نے ایک بار پھر بہادرانہ کارروائی کرتے ہوئے خوارجی دہشت گردوں کے عزائم خاک میں ملا دیے، حملہ آور دہشت گرد پسپا ہو کر فرار ہونے پر مجبور ہو گئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ ڈیرہ غازی خان کے تھانہ وہوا کی سرحدی چوکی لکھانی پر خوارجی دہشت گردوں نے رات دیر گئے اچانک حملہ کیا، 25 سے 30 خوارجی دہشت گرد لکھانی چیک پوسٹ پر چاروں طرف سے حملہ آور ہوئے، تھرمل امیج کیمروں کی مدد سے خوارجی دہشت گردوں کی نشاندہی کی گئی، خوارجی دہشتگردوں نے راکٹ، ہینڈ گرنیڈ سمیت بھاری اسلحہ کا استعمال کیا، پولیس کے جانبازوں نے مشین اور مارٹر گنز سے فائرنگ کر کے فوری جوابی کارروائی کی، پولیس، ایلیٹ فورس، رینجرز اور سی ٹی ڈی نے مل کر خوارجی دہشتگردوں کا مقابلہ کیا، پولیس کی بھرپور جوابی کارروائی نے خوارجی دہشت گردوں کو پسپائی اور فرار ہونے پر مجبور کر دیا۔ موثر جوابی کارروائی کے نتیجے میں دہشتگرد بھاری جانی نقصان اٹھا کر فرار ہو گئے، دہشت گردوں کے خلاف آپریشن کی کمانڈ آر پی او ڈی جی خان کیپٹن (ر) سجاد حسن خان نے کی، ڈی پی او ڈی جی خان سید علی کی زیر کمانڈ ایلیٹ اور کیو آر ایف کی بیک اپ ٹیمیں فوری موقع پر پہنچیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ خیبر پختونخوا بارڈر پر تمام چیک پوسٹس پہلے سے ہائی الرٹ تھیں، جس کے باعث یہ حملہ ناکام بنایا گیا، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی دہشت گردوں کا حملہ پسپا کرنے پر ڈیرہ غازی خان پولیس کو شاباش دی۔

ڈپٹی سپیکر ملک ظہیر اقبال چنڑ کی پریس گیلری کمیٹی کے نومنتخب صدر خواجہ نصیر، سیکرٹری محمد عدنان شیخ سے ملاقات، مبارکباد دی

لاہور (این این آئی) ڈپٹی سپیکر ملک ظہیر اقبال چنڑ نے پنجاب اسمبلی پریس گیلری کمیٹی کے نومنتخب عہدیداروں اور سینئر صحافیوں سے ڈپٹی سپیکر چیمبر میں ملاقات کی۔ ڈپٹی سپیکر ملک ظہیر اقبال چنڑ نے نومنتخب صدر خواجہ نصیر اور سیکرٹری محمد عدنان شیخ کو منتخب ہونے پر مبارکباد دی۔ ڈپٹی سپیکر ملک ظہیر اقبال چنڑ نے منتخب صدر و سیکرٹری کو گلدستے پیش کیے۔ اس موقع پر ڈپٹی سپیکر ملک ظہیر اقبال چنڑ نے کہا کہ پنجاب اسمبلی پریس گیلری کمیٹی صوبائی اسمبلی کا اہم حصہ ہے۔ اس موقع پر صدر نو منتخب پریس گیلری کمیٹی خواجہ نصیر، سیکرٹری جنرل محمد عدنان شیخ، الفت مغل، اعظم ملک، ندیم چوہدری، عمر اسلم، راو دلشاد، فصیح اللہ بھی موجود پی اے او ذیشان رانا بھی موجود تھے۔

ایک شخص لوڈر رکشے پر بغیر حفاظتی اقدامات کے لوہے کے پائپ اور راڈز لے کر جا رہا ہے جو کسی بھی ناخوشگوار حادثے کا سبب بن سکتا ہے

پر امن احتجاج جمہوری معاشروں میں سیاسی و مذہبی جماعتوں کا حق ہے، علماء و مشائخ

تمام سیاسی و مذہبی جماعتیں قومی وحدت و سلامتی، معاشی ترقی و استحکام کیلئے اپنا کردار ادا کریں، علماء و مشائخ

لاہور (این این آئی) پاکستان کے مختلف مکاتب فکر کے علماء و مشائخ نے تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں سے اپیل کی ہے کہ وہ قومی وحدت و سلامتی، معاشی ترقی و استحکام کیلئے اپنا کردار ادا کریں، گزشتہ چند روز کے دوران جس طرح ملک میں ایک انتشار کی کیفیت پیدا کرنے کی سازش کی گئی وہ قابل مذمت اور قابل افسوس ہے، پر امن احتجاج جمہوری معاشروں میں سیاسی و مذہبی جماعتوں کا حق ہے لیکن احتجاج کی آڑ میں شر پھیلانا کسی بھی صورت درست نہیں۔ چیئرمین پاکستان علماء کونسل حافظ محمد طاہر محمود اشرفی، علامہ عبد الحق مجاہد، مولانا اسعد زکریا قاسمی، مولانا نعمان حاشر، مولانا محمد شفیع قاسمی، مولانا اسد اللہ فاروق، علامہ طاہر الحسن، مولانا حق نواز خالد، مولانا عبید اللہ گورسانی، مولانا ابوبکر حمید صابری، قاری عبد الحکیم اطہر، مولانا انوار الحق مجاہد، مولانا طاہر عقیل اعوان، مولانا عزیز اکبر قاسمی، مولانا محمد اسلم صدیقی، مولانا انوار الحق مجاہد، قاری عصمت اللہ معاویہ، مولانا امین الحق اشرفی، مولانا عقیل زبیری، مفتی عمر فاروق، مفتی عمران معاویہ، مولانا حبیب الرحمن عابد، مولانا احمد علی اور دیگر نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مورخہ 29 نومبر بروز جمع المبارک کو ملک بھر کے علماء و مشائخ خطبات جمعہ میں قومی یکجہتی، وحدت اور اتحاد کو بیان کریں گے اور قوم اور ملک کے سلامتی کے اداروں کا بھی شکریہ ادا کریں گے کہ جنہوں نے ملک میں انتشار و فساد پھیلانے کی یہود و ہنود کی سازش کو ناکام بنایا۔

چیئرپرسن وزیر اعلیٰ بابر علاؤالدین کا یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز، چلڈرن ہسپتال اور ٹی ڈی سی پی کا دورہ

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن وزیر اعلیٰ ڈائریکٹوریٹ برائے ایویلیوایشن مانیٹرنگ اینڈ فیڈ بیک بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین نے یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز، چلڈرن ہسپتال اور ٹی ڈی سی پی کا دورہ کیا۔ رجسٹرار یو سی ایچ ایس نے بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین کو یونیورسٹی کے مختلف شعبوں بارے بریفنگ دی۔ اس موقع سنڈیکیٹ اجلاس کے فیصلوں کی عملدرآمد رپورٹ بھی پیش کی گئی۔ چیئرپرسن نے یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز کی مین بلڈنگ کی تعمیر بارے آئی ڈیپ کے افسران سے بریفنگ بھی لی۔ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین کو فنانس اینڈ پلاننگ کمیٹی کے اجلاس کے فیصلوں کی منظوری بارے بھی آگاہ کیا گیا۔ چیئرپرسن نے یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز کی بعض پوسٹوں پر بھرتی سے متعلق استفسار کیا۔ چیئرپرسن سی ایم مانیٹرنگ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین نے کہا کہ حکومت پنجاب یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز کی استعداد کار بڑھانا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت کی بچوں کو طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔

کاریگر ٹرک کی باڈی ویلڈنگ کر رہا ہے

وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر کی زیر صدارت سپورٹس کے اہم امور بارے اجلاس

سپورٹس بورڈ پنجاب کے بجٹ بڑھانے کیلئے بھی اقدامات کیے جائیں گے

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر کی زیر صدارت سپورٹس کے اہم امور بارے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری سپورٹس پنجاب مظفر خان سیال، ڈی جی سپورٹس پنجاب خضر افضال چوہدری اور ایڈیشنل سیکرٹری میاں عثمان علی نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر نے کہا کہ 52 نئے سٹیڈیمز تعمیر کرنے کے ساتھ ریونیو بڑھانے کیلئے فوڈ سٹریٹس اور دکانیں بنائی جائیں گی۔ نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس میں سٹیڈیمز کے گرد شاپس بنائی جائیں گی۔ سپورٹس بورڈ پنجاب کے بجٹ بڑھانے کیلئے بھی اقدامات کیے جائیں گے۔ ملک فیصل ایوب کھوکھر نے کہا کہ سپورٹس کی بہتری کیلئے سپورٹس بورڈ پنجاب میں ترامیم کی جا رہی ہیں۔ سپورٹس اور ریونیو کی جانچ پڑتال کیلئے مانیٹرنگ سیل قائم کیا جائے گا۔

دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں بوسنیا کا شہر سراجیوو پہلے، لاہور دوسرے، نئی دہلی تیسرے اور کراچی چوتھے نمبر پر

لاہور (این این آئی) آلودگی نے لاہور شہر میں اپنے پنجے گاڑ رکھے ہیں، شہر کا ایئر کوالٹی انڈیکس 305 ریکارڈ کیا گیا۔ ایئر کوالٹی انڈیکس کے مطابق دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں بوسنیا کا شہر سراجیوو 315 ایئر کوالٹی انڈیکس کے ساتھ پہلے، لاہور 305 انڈیکس کے ساتھ دوسرے، نئی دہلی 253 کے ساتھ تیسرے اور کراچی 220 کے ساتھ چوتھے نمبر پر ہے۔ واضح رہے کہ حکومت پنجاب نے شہر بھر کے تعلیمی ادارے اور تفریحی مقامات عوام کیلئے پہلے ہی کھول دیے ہیں جبکہ لاہور سمیت چار اضلاع میں تعمیراتی کام کی بھی اجازت دے دی گئی ہے۔ زگ زیگ ٹیکنالوجی پر بھٹے بھی کام کر سکیں گے، سرکاری و نجی دفاتر کو 100 فیصد عملے کے ساتھ کام کی اجازت مل گئی ہے، ہیوی ٹریفک پیر سے جمعرات تک اضلاع میں داخل ہو سکے گی، جمعے سے اتوار تک ہیوی ٹریفک کو داخلے کی اجازت نہیں ہوگی۔ دکانیں، شاپنگ مالز 8 بجے بند کرنے کا فیصلہ برقرار ہے۔

پنجاب یونیورسٹی میں معاشی، طلباء امور، سکیورٹی اور زمینوں کے معاملات میں بہتری کیلئے نظام میں تبدیلیاں

مینجمنٹ کمیٹی یونیورسٹی کے مالی وسائل کو بڑھانے کے لئے سٹریٹجک پلان مرتب کرے گی

لاہور (این این آئی) وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی نے پنجاب یونیورسٹی میں معاشی، طلباء امور، سکیورٹی اور زمینوں کے معاملات کو بہتر کرنے کے لئے نظام میں اہم تبدیلیاں کرتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل سٹوڈنٹ افیئرز، اسٹیٹ و سکیورٹی کا نیا عہدہ تخلیق کر دیا۔ ڈائریکٹر سنٹر فار اپلائیڈ مالیکیولر بائیولوجی (کیمب) پروفیسر ڈاکٹر ریحان صادق شیخ کو ڈی جی سٹوڈنٹ افیئرز، اسٹیٹ اینڈ سکیورٹی کا اضافی چارج دیا گیا ہے۔ وائس چانسلر ڈاکٹر محمد علی نے معاشی، تعلیمی و سکیورٹی معاملات میں بہتری کے لئے پرو وائس چانسلر ڈاکٹر خالد محمود کی سربراہی میں 6 رکنی مینجمنٹ کمیٹی بھی تشکیل کر دی جو طلباء امور، اسٹیٹ و سکیورٹی سے متعلق باقاعدہ پالیسی بنائے گی۔ مینجمنٹ کمیٹی میں پروفیسر ڈاکٹر محمد سلیم، پروفیسر ڈاکٹر ارم خالد، پروفیسر ڈاکٹر محمد شفیق، پروفیسر ڈاکٹر شازیہ نورین قریشی شامل ہیں جبکہ پروفیسر ڈاکٹر ریحان صادق ممبر/سیکرٹری ہوں گے۔ مینجمنٹ کمیٹی یونیورسٹی کے مالی وسائل کو بڑھانے کے لئے سٹریٹجک پلان مرتب کرے گی۔ مینجمنٹ کمیٹی یونیورسٹی کی پالیسیوں پر عملدرآمد و مانیٹرنگ کو بھی یقینی بنائے گی۔ کمیٹی مختلف شعبہ جات میں رابطوں کا فروغ یقینی بنائے گی۔ مینجمنٹ کمیٹی طلباء امور، زمینوں سے متعلق مسائل کو حل کرنے میں بھی کردار ادا کرے گی۔ ڈائریکٹر جنرل پروفیسر ڈاکٹر ریحان صادق شیخ اب اسٹیٹ آفیسر ون، اسٹیٹ آفیسر ٹو، چیئرمین ہال کونسل اور سکیورٹی کے معاملات کو بھی دیکھیں گے۔

کینیڈا میں مقیم بھارتی شاعر اور مصور پرتیک سنگھ کے اعزاز میں تقریب

لاہور پریس کلب ادبی تخلیق کاروں کی پذیرائی میں پیش پیش ہے اور ان کے اعزاز میں تقاریب سجاتا رہتا ہے

لاہور (این این آئی) لاہور پریس کلب کی لائبریری کمیٹی کے زیر اہتمام کینیڈا میں مقیم بھارتی پنجابی شاعر اور مصور پرتیک سنگھ کے اعزاز میں شام منعقد کی گئی جس کی صدارت بین الاقوامی شاعر بابا نجمی نے کی اور مہمان خصوصی اداکار راشد محمود تھے جبکہ کلب کے نائب صدر و چیئرمین لائبریری کمیٹی احمد عثمانی بھی سٹیج پر موجود تھے۔ انہوں نے معزز مہمان کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ لاہور پریس کلب ادبی تخلیق کاروں کی پذیرائی میں پیش پیش ہے اور ان کے اعزاز میں تقاریب سجاتا رہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجابی کے باب میں بابا نجمی ایک معتبر حوالہ ہیں اور وہ کسی غیر معتبر حوالے کو کم ہی اہمیت دیتے ہیں۔ اداکار راشد محمود نے کہا کہ میں دعا گو ہوں کہ پرتیک سنگھ ایسی منفرد شاعری لکھتے رہیں۔ پرتیک سنگھ نے اپنے بارے میں بتایا اور اس کے بعد انہوں نے شاعری سنائی جس پر انہیں بھرپور داد ملی۔ حاضرین میں سے یوسف پنجابی، سعید ویپ، قمر الزمان بھٹی، اقبال جگڑا، اعظم خاور اور لائبریری کمیٹی کے رکن سعید اختر نے پرتیک سنگھ سے ان کے فن، صحافت اور مصوری سے متعلق سوالات کیے۔

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	5:03
فجر	5:45
ظہر	1:30
عصر	3:45
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	6:45

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

Punjab Land Records Authority
Govt. of Punjab, Lahore

HIRING OF SENIOR LEGAL ADVISOR FOR PLRA

Punjab Land Records Authority (PLRA) intends to engage the services of an experienced Senior Legal Advisor for a period of 03 years. The Senior Legal Advisor will be engaged in accordance with procedure set out by the Government in accordance with PLRA (Engagement of Legal Advisors/Counsels) Regulations, 2020.

Post Name	No. of Posts	Qualification / Experience	Retainership (PKR per month)	Per Case Basis (PKR)
Senior Legal Advisor (Supreme Court & High Court)	01	Advocate Supreme Court having minimum 5 years' experience as Advocate Supreme Court	Rs.120,000/-	SC--100,000/- Clerk Fee--10,000/- AOR--11,000/- Misc. Expenses/Court Fee – Actual Expenses certified by the AOR HC--50,000/- Clerk Fee--5,000/- Misc. Expenses/Court Fee – Actual Expenses certified by the SLA

Duties/ TORs/ Terms & Condition:

a. It shall be the duty of Senior Legal Advisor engaged by the Authority to tender legal advice(s), take care and conduct court cases on behalf of the Authority and its officers/officials.
b. Senior Legal Advisor engaged by the Authority shall not accept any case to be instituted / filed against the interests of PLRA.
c. Senior Legal Advisor shall be bound to disclose his conflict of interest to the Authority at the earliest.
d. All the instances of breach of professional conduct by Senior Legal Advisor shall be promptly reported to the respective Bar Council for the initiation of appropriate proceeding. Provided that PLRA shall be entitled to recover damages for indemnification of loss caused due to professional misconduct.
e. Advocate engaged by PLRA shall sign a non-disclosure agreement with PLRA.

General Instructions:

1. Interested candidates must submit the following with documentary evidence:
   a) Total experience in service matters
   b) Total experience in revenue matters
   c) Total No. of Judgements Quoted/published
2. In addition to above mentioned General Instructions, all candidates must submit the Curriculum Vitae (CV) along with attested copies of all educational degrees/certificates/marksheets, experience letters, advocacy license of Supreme Court Bar, domicile, CNIC and two passport size photographs on below mentioned address through post/courier by clearly mentioning their name, postal address and contact number on the envelope by 16 December, 2024 till 05:00 p.m.
3. Authority reserves the right to call off the engagement / hiring process at any stage.
4. Only shortlisted candidates shall be called for interview for which no TA/DA shall be admissible.
5. Any application incomplete in any regard and received after the scheduled date & time shall not be entertained.

IPL 10285

Director (Human Resource), Punjab Land Records Authority (PLRA)
2 Kilometer Thokar Bypass, Main Multan Road, Opposite EME, DHA Housing Society, Lahore.

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت
لاہور

حکومت زرعی ترقی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے، راؤ محمد اجمل خان

بلاسود قرضے، سبڈی پر ٹریکٹرز اور زیادہ رقبہ پر گندم کاشت کرنے والے زمینداروں کی حوصلہ افزائی کیلئے بذریعہ قرعہ اندازی لیزر لینڈ لیولر اور ٹریکٹرز کی فراہمی اس سلسلے کی ایک کڑی ہے

دیپال پور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) محکمہ زراعت توسیع دیپال پور کی طرف سے زیادہ گندم اگاؤ مہم کے سلسلہ میں گزشتہ روز ڈیرہ ماسٹر منور موضع مرزا پور تحصیل دیپال پور میں ایک میگا فارمر کا انعقاد ہوا زیادہ گندم اگاؤ مہم کے عنوان سے منعقدہ سیمینار میں سابق وفاقی پارلیمانی سیکرٹری حاجی راؤ محمد اجمل خاں، سمیت معززین علاقہ اور زمینداروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر حاجی راؤ محمد اجمل خاں نے زمینداروں کو محکمہ زراعت (توسیع) کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے زیادہ سے زیادہ رقبہ پر گندم کاشت کرنے کی ترغیب دی ان کا کہنا تھا کہ پنجاب حکومت زراعت کی ترقی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے اس موقع پر چوہدری محمد اعجاز ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع اوکاڑہ نے گورنمنٹ کی طرف سے زمینداروں کو مہیا کی جانے والی سبڈیز اور پراجیکٹس سے آگاہی دی۔ انہوں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلاسود قرضے، سبڈی پر ٹریکٹرز اور زیادہ رقبہ پر گندم کاشت کرنے والے زمینداروں کی حوصلہ افزائی کیلئے بذریعہ قرعہ اندازی لیزر لینڈ لیولر اور ٹریکٹرز کی فراہمی اس سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ ڈاکٹر محمد آصف رفیق اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت توسیع تحصیل دیپال پور نے زمینداران کو گندم کی جدید پیداواری ٹیکنالوجی کے بارے تفصیلی آگاہی دی اس علاوہ انہوں نے سموگ اور اس کے نقصانات بارے میں بھی زمینداران سے سیر حاصل گفتگو کی اور کہا کہ کاشتکار حضرات دھان کے مڈھوں کو جلانے کی بجائے اسے زمین میں مکس کریں اس سے نہ صرف زمین کی زرخیزی بحال ہو گی بلکہ آئندہ فصلات کی پیداوار میں بھی اضافہ ہو گا۔

موجودہ صورتحال کو کنٹرول کرنے کیلئے دانشمندانہ فیصلہ کیا جائے، چوہدری امتیاز علی وریاہ

ملک اسوقت گھمبیر صورتحال میں ہے۔ سابق صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) اسوقت دانشمندانہ فیصلہ کرنے کی ضرورت ہے حالات گھمبیر ہیں معیشت زبوں حالی کا شکار اور عام پاکستانی ہوشربا مہنگائی سے پریشان ہے مہنگائی کو کنٹرول کیے بغیر عوام کو ریلیف فراہم کرنا مشکل کام ہے۔ حکومت عوام کو بجلی گیس بلوں میں طرح طرح کے ٹیکسز لگا کر غریب عوام کا جینا دوبھر کر رہی ہے۔ یوٹیلیٹی بلز کی ادائیگی کے لئے عوام گھر کے زیورات فروخت کر رہے ہیں۔ ملک کی موجودہ صورتحال اقتدار دینے اور لینے والوں اور آئین کی حفاظت کا حلف اٹھانے والوں کے درمیان روابط و تعلقات میں فقدان کی وجہ سے ہے۔ ان باتوں کا اظہار معروف رئیل اسٹیٹ بزنس مین چوہدری امتیاز علی وریاہ سابق صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ نے سنیئر صحافیوں کیساتھ خصوصی نشست کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا افسوسناک امر یہ ہے کہ ملک وقوم کی طرف دھیان دینے کی بجائے ہر کوئی اپنی ذات اور مفاد کے حصول کیلئے جدوجہد کرنے کو ترجیح دے رہا ہے۔ جس سے غریب عوام ہر چیز سے محروم ہیں اور انہیں ضروریات زندگی انتہائی مہنگی قیمت پر خریدنا پڑتی ہیں۔ جبکہ بااثر افراد ہر چیز مفت استعمال کر رہے ہیں اور اصلاح کی طرف توجہ نہیں دینا چاہتے۔ ایسے حالات میں کسی بڑے نقصان سے بچنے کیلئے ذمہ داران کو سب کو ساتھ لیکر اچھے انداز سے ملک کو ان حالات سے نکالنا چاہیے۔ ملکی معیشت اس وقت انتہائی گھمبیر صورتحال سے دو چار ہے معیشت کو مضبوط کیے بغیر ملکی ترقی ممکن نہیں ہے۔

جناح لائرز فورم: ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے امیدوار برائے جنرل سیکرٹری محمد عمران خاں بھٹی ایڈووکیٹ کی حمایت کا اعلان کر دیا

وکلاء برادری کا بھرپور اعتماد میرے لئے اعزاز سے کم نہیں وکلاء کے اعتماد کو کبھی ٹھیس نہیں پہنچاؤں گا، محمد عمران خاں بھٹی ایڈووکیٹ



شیخوپورہ (بیوروپورٹ) جناح لائرز فورم کے درجنوں وکلاء نے ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے امیدوار برائے جنرل سیکرٹری محمد عمران خاں بھٹی ایڈووکیٹ کی حمایت کا اعلان کر دیا ہے، اس سلسلہ میں منعقدہ تقریب میں رانا وزیر علی خاں ایڈووکیٹ، ملک طارق عزیز ایڈووکیٹ، رانا احسن رشید ایڈووکیٹ، رانا شفیق انور ایڈووکیٹ، طارق گجر ایڈووکیٹ، چوہدری قربان ایڈووکیٹ، رانا منور ایڈووکیٹ، غلام حسین ڈوگر ایڈووکیٹ، سیٹھ افتخار طیب ایڈووکیٹ، رانا سرفراز ایڈووکیٹ، حامد پاشا ایڈووکیٹ و دیگر نے شرکت کی اور محمد عمران خاں بھٹی ایڈووکیٹ کو یقین دہانی کروائی کہ انکی کامیابی یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن کردار ادا کرنے سمیت ان کی انتخابی مہم میں شانہ بشانہ شرکت کی جائے گی، حمایت کا اعلان کرنے پر وکلاء کا شکریہ ادا کرتے ہوئے محمد عمران خاں بھٹی ایڈووکیٹ نے کہا کہ وکلاء برادری کا بھرپور اعتماد میرے لئے اعزاز سے کم نہیں وکلاء کے اعتماد کو کبھی ٹھیس نہیں پہنچاؤں اور کامیاب ہو کر بار ایسوسی ایشن کے پلیٹ فارم سے بطور جنرل سیکرٹری وکلاء کے اجتماعی و انفرادی مسائل کے حل اور انکے حقوق کے تحفظ کی خاطر بھرپور جدوجہد کی جائے گی۔

ماحولیاتی آلودگی، بھٹہ خشت، زہریلا دھواں سموگ کا سبب بنتا ہے، محمد افضل ملک

زہریلے دھویں سے کاربن مونو آکسائیڈ، نائیٹروجن آکسائیڈ، جان لیوا میتھین گیس، کاربن ڈائی آکسائیڈ وغیرہ کا اخراج ہوتا ہے

سیالکوٹ (بیوروپورٹ) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کی ہدایات پر ایس ایم او جی کے تدارک کیلئے کوڑا کرکٹ وفصلوں کی باقیات جلانے والوں کیخلاف بھرپور قانونی کارروائی جاری ہے۔ مبینہ طور پر فصلوں کی باقیات جلانے پر تھانہ کوٹلی سید میر علی کے موضع رومال جٹاں کے زوہیب نامی شخص پر مقدمہ درج کرلیا گیا۔ ان باتوں کا اظہار چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ محمد افضل ملک نے میڈیا گفتگو میں کیا انہوں نے کہا کہ سموگ سے بچاؤ اور شہریوں کی حفاظت کیلئے ہر ذمہ دار شہری کو ہر ممکن عملی اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ سموگ ماحولیاتی آلودگی کا نتیجہ ہے اور اس کا سبب بھٹہ خشت وگاڑیوں کا زہریلا دھواں، فصلوں کی باقیات وکوڑا کرکٹ وکیمیکل شدہ باقیات کو جلانے جانا ہے۔ زہریلے دھویں سے کاربن مونو آکسائیڈ، نائیٹروجن آکسائیڈ، جان لیوا میتھین گیس، کاربن ڈائی آکسائیڈ وغیرہ کا اخراج ہوتا ہے، جو ہومن باڈی آرگنز ونظام تنفس سمیت آنکھ ناک گلی و جلدی امراض کا باعث بنتا ہے۔ سموگ و ماحولیاتی آلودگی کے اسباب کو دور کرنے میں حکومت کا ساتھ دینا ہر ایک پاکستانی کا فرض ہے۔

پروفیسر ڈاکٹر محمد عمران حسن خان کی طرف سے کالج کے کانووکیشن کے موقع پر شہر کی دو ممتاز شخصیات اور ایک فیملی کو خراج تحسین پیش

غریب افراد کی مدد کرنے کا جذبہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے خاص کرم ہے جو نصیب والوں کو ہی ملتا ہے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) شہر کے سماجی وسیاسی حلقوں اور سول سوسائٹی نے پرنسپل ساہیوال میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر محمد عمران حسن خان کی طرف سے کالج کے کانووکیشن کے موقع پر شہر کی دو ممتاز شخصیات اور ایک فیملی کو خراج تحسین پیش کرنے اور ان کی خدمات کو سراہنے پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے دوسروں کو بھی انسانیت کی خدمت کرنے کی تحریک ملے گی اور وہ بھی سماجی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ غریب افراد کی مدد کرنے کا جذبہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے خاص کرم ہے جو نصیب والوں کو ہی ملتا ہے اور ساہیوال کے عوام ان شخصیات سابق صوبائی وزیر ملک ندیم کامران اور شیخ محمد یونس مرحوم اور فرشتہ فیملی کی شہر کے لئے خدمات کو کبھی بھلا نہیں سکتے۔

عارفوالا: حکومت کھیلوں کے فروغ کی خواہاں ہے، ڈپٹی کمشنر

حکومت کھیلوں کی مثبت سرگرمیوں کو پروان چڑھانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کر رہی ہے،

عارفوالا (نامہ نگار نصر اللہ سے) ڈپٹی کمشنر سعدیہ مہر نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے عوام کو تفریح کے بہترین مواقع فراہم کرنے اور کھیلوں کے فروغ کی خواہاں ہیں، حکومت پنجاب ٹیکنالوجی کے نئے دور میں کھیلوں کی مثبت سرگرمیوں کو پروان چڑھانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کر رہی ہے، جشن فرید سپورٹس گالہ جسمانی کھیلوں کے فروغ اور عوام الناس کو مختلف کھیلوں کے دلچسپ مقابلوں سے محظوظ کرنے کی جانب اہم قدم ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے میونسپل کمیٹی کے زیر اہتمام جشن فرید سپورٹس گالہ کے والی بال میچ کی افتتاحی تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ملک احمد فراز اعوان، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی فیاض وڑائچ سمیت دیگر محکموں کے افسران، سول سوسائٹی، شہریوں اور شائقین والی بال کی کثیر تعداد بھی موجود تھی، والی بال میچز کا پہلا مقابلہ پاکستان واپڈا اور پاکستان نیوی کی ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا جس میں سنسنی خیز مقابلے کے بعد پاکستان واپڈا نے پاکستان نیوی کی ٹیم کو شکست دے دی، شہریوں نے جشن فرید سپورٹس گالہ کے شاندار انعقاد پر ڈپٹی کمشنر سعدیہ مہر کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے زیر اہتمام بین الاقوامی سیمینار کا انعقاد

مقررین میں دھرم سنگھ گورایہ یو ایس اے اور اسد سلیم شیخ تاریخ دان شامل

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) شعبہ پاکستان سٹڈیز گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے زیر اہتمام ایک روزہ بین الاقوامی سیمینار کا انعقاد ہوا۔ مقررین میں دھرم سنگھ گورایہ یو ایس اے اور اسد سلیم شیخ تاریخ دان شامل تھے۔ مقررین نے علاقائی تاریخ کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ دھرم سنگھ گورایہ کی چھ کتابیں منظر عام پر آ چکی ہیں۔ جن میں دلا بھٹی، جگا ڈاکو اور بلند حویلی قابل ذکر ہیں۔ اس کے علاوہ پنجاب ٹو پنجاب جس میں انڈین پنجاب اور پاکستانی پنجاب کا تاریخی موازنہ کیا گیا ہے۔ دھرم سنگھ نے اپنی کتابوں میں مسخ شدہ تاریخ کو نیے انداز بیان کیا ہے۔ اسد سلیم شیخ نے اپنی کتاب نگر نگر پنجاب اور شجر کہانی پر روشنی ڈالی۔ علاقائی تاریخ کے حوالے اسد سلیم شیخ اپنا خاص مقام رکھتے ہیں اور اکیس کتابوں کے مصنف ہیں۔ سامعین میں ایم فل اور پی ایچ ڈی کے طلبہ و طالبات شامل تھے۔ تقریب کے اختتام پر چیرمین ڈاکٹر عبدالقادر مشتاق نے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور اپنے شعبہ کے اساتذہ کی علمی خدمات کی تعریف کی۔ اس موقع پر شعبہ انگریزی کے چیرمین ڈاکٹر غلام مرتضیٰ، چیئرپرسن شعبہ ماس کمیونیکیشن ڈاکٹر سلمیٰ امبر، ڈاکٹر ظل ہما اور ڈاکٹر توحید احمد چٹھہ موجود تھے۔

ننکانہ صاحب کی تمام پبلک پارکس کی بحالی کا عمل تیزی سے جاری

شہر کی تزئین و آرائش کا جائزہ لینے کے لیے شہر کی مختلف پبلک پارکس کا دورہ



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق ننکانہ صاحب کی تمام پبلک پارکس کی بحالی کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے تزئین و آرائش کا جائزہ لینے کے لیے شہر کی مختلف پبلک پارکس کا دورہ کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل رائے ذوالفقار علی، اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ وجیہہ ثمرین، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ حماد یوسف، سی او ضلع کونسل عامر اختر بٹ، سی او میونسپل کمیٹی راو انوار سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی ڈی سی کے ہمراہ تھے۔ دوران وزٹ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ننکانہ صاحب کی تمام پبلک پارکس کی بحالی اور خوبصورت بنانے کا عمل تیزی سے جاری ہے، پبلک پارکس میں واکنگ ٹریک، پودے، گھاس، بینچز سمیت بچوں کے لیے جھولے بھی لگائے جا رہے ہیں، تمام پبلک پارکس شہریوں کو خوبصورت اور کشادہ ملیں گی۔ انہوں نے بتایا کہ تحصیل شاہکوٹ اور سانگلہ ہل میں بھی پارکس کی بحالی کا آغاز کر دیا گیا ہے، ہل پارک میں جوائے لینڈ اور چڑیا گھر بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ وزیر اعلی پنجاب کی ہدایت پر شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائیں گے۔

بانی وچیئرمین متحدہ انصار موومنٹ پاکستان نے عہدیداران نامزد کر دیئے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) بانی و چیئرمین متحدہ انصار موومنٹ پاکستان میاں نور حیدر انصاری نے محبوب عالم انصاری کو متحدہ انصار موومنٹ پاکستان پنجاب کا صدر اور جواد مقبول ڈھولا انصاری ایڈووکیٹ کو انفارمیشن سیکرٹری پنجاب نامزد کر دیا۔ متحدہ انصار موومنٹ کے ضلعی سیکرٹری انفارمیشن/میڈیا ایڈوائزر احسان اللہ قادری انصاری سمیت ضلع بھر کی عوامی، سماجی، فلاحی، مذہبی اور سیاسی شخصیات نے محبوب عالم انصاری اور جواد مقبول ڈھولا ایڈووکیٹ انصاری کو مبارکباد پیش کی ہے۔

قیمتوں کی بار بار خلاف ورزی کرنے والے دوکانداروں پر بھاری جرمانے عائد کیے جائیں، ڈپٹی کمشنر

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل غلام سرور نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے اشیاء ضروریہ کی مقرر کردہ قیمتوں کی بار بار خلاف ورزی کرنے والے دوکانداروں پر بھاری جرمانے عائد کیے جائیں۔ انہوں نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو شادی ہالز چیک کرنے کی بھی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ میرج ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والوں کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہ برتی جائے۔ وہ یہاں ڈی سی آفس کے منٹگمری ہال میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں ایس این اے خرم سلیم سمیت تمام مجسٹریٹس نے شرکت کی۔

ہمارا مشن نوجوانوں کو کرکٹ کی بہترین سہولیات مہیا کرنا ہے جمیل احمد انجم صدر برادرز کرکٹ کلب احمد آباد

قلعہ احمد آباد (نمائندہ خصوصی) قلعہ احمد آباد گورنمنٹ ہائی سکول بوائز احمد آباد میں کرکٹ کی پریکٹس کے لئے نیٹ کی تنصیب کا کام مکمل ہونے پر جمیل احمد انجم صدر برادرز کرکٹ کلب (رجسٹرڈ) قلعہ احمد آباد نے گورنمنٹ ہائی سکول قلعہ احمد آباد کی گراؤنڈ میں نیٹ کی تنصیب کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم گراؤنڈ کو آباد کرنے کے مشن پہ گامزن ہیں نوجوانوں میں کھیلوں کے مثالی فروغ کے لئے کوشاں ہیں۔ اس موقع پر بشارت سراج کیپٹن برادرز کرکٹ کلب قلعہ احمد آباد نے کہا کہ آج ایک تاریخی موقع ہے جس پہ ہم سب کو فخر ہے۔

چنیوٹ: ماہ نومبر میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ٹریفک پولیس ایجوکیشن یونٹ کی طرف سے شہر بھر میں آگاہی مہم جاری ٹریفک پولیس کی جانب سے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر رواں ماہ میں کاروائیاں جاری، ماہ نومبر میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر اب تک 85 سو سے زائد گاڑیوں کے چالان کیے گئے ہیں۔ سموگ% ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر رواں ماہ میں 85 لاکھ روپے سے زائد جرمانہ کیا گیا ہے، اوور لوڈنگ 1545، اوور سپیڈ 240، ڈرائیونگ لائسنس کے بغیر 464 ڈرائیوروں کے چالان کیے گئے کم عمر 386 ہیلمٹ کے بغیر 276، غفلت سے ڈرائیونگ پر 71، لائن اور لین کی خلاف ورزی 88 گاڑیوں کے چالان کیے گئے، جبکہ ون وے موبائل فون کا استعمال کرنے اور ٹریفک اشاروں کی خلاف ورزی اور دیگر خلاف ورزی پر 52 سو سے زائد گاڑیوں کے چالان کیے گئے۔

پی ٹی آئی کارکنان پر فائرنگ کی مذمت کرتے ہیں، میاں شوکت تھہیم

فارم 47 کے ذریعے آنے والی حکومت کو اب گھر جانا ہوگا، رہنما پاکستان تحریک انصاف



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اسلام آباد دھرنے میں پی ٹی آئی کارکنان پر فائرنگ اور تشدد کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہیں حکومت بوکھلاہٹ کا شکار ہو چکی ہے احتجاج کے دوران پی ٹی آئی اپنے حق کیلئے میدان میں آئی تھی ان خیالات کا اظہار تحریک انصاف چنیوٹ کے ضلعی صدر میاں شوکت علی تھہیم ایڈووکیٹ نے اپنے ایک بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ وزیر داخلہ محسن نقوی کو فوری طور پر برطرف کیا جائے فارم 47 کے ذریعے آنے والی حکومت کو اب گھر جانا ہوگا حکمرانوں کا بوریا بستر گول ہو چکا ہے پی ٹی آئی کے کارکنان کی اموات پر انتہائی دکھ ہوا ہے پولیس نے تشدد اور ظلم کی داستان رقم کی ہے تحریک انصاف اپنے حق کی خاطر اپنا احتجاج جاری رکھے گی اسلام آباد دھرنے میں مظاہرین پر آنسو گیس لاٹھی چارج کر کے سینکڑوں کارکنوں کو زخمی کیا گیا جس کی پر زور مذمت کرتے ہیں ہمارا مطالبہ ہے کہ اڈیالہ جیل سے ہمارے قائد عمران خان کو فورا رہا کیا جائے اور ان کے اوپر ناجائز اور جھوٹے مقدمات خارج کیے جائیں۔

سموگ کی چھٹیوں میں بچوں کی اکیڈمک سرگرمیوں میں تعطل آیا۔ شاف علی کھانڈ

سلیبس نامکمل ہونے سے امتحانات میں کارکردگی متاثر ہوتی ہے۔ پروفیسر زوالفقار زکریا

سیالکوٹ (بیوروپورٹ) سموگ کے دوران چھٹیوں کیوجہ سے جہاں بچوں کی روٹین کی تعلیمی سرگرمیاں متاثر ہوئی ہیں وہیں سلیبس مکمل نہ کر پانے سے انکی مجموعی کارکردگی سے سالانہ نتائج پر بھی مضر اثرات مرتب ہوئے ہیں۔ ان باتوں کا اظہار معروف سکالر وجناح کا پاکستان کے سینٹرل گورنر پنجاب شاف علی کھانڈ نے سیالکوٹ میں دی نالج ان سکول میں تعلیمی نظام اور ہم کے نام سے منعقدہ فکری سیمینار میں دوران خطاب کیا۔ اس موقع پر پرنسپل وسیکرٹری جنرل پرائیویٹ سکول ایسوسی ایشن ماڈل ٹاؤن اگوکی سیالکوٹ پروفیسر زوالفقار زکریا کھانڈ نے کہا کہ افسوسناک امر یہ ہے کہ حکومت سموگ کے موجب بننے والے محرکات کا تدارک کرنے کی بجائے تعلیمی اداروں میں چھٹیاں کرا دیتی ہے جس سے دوران تعلیم طلباء کے ردھم وتعلیمی سرگرمیوں میں برے اثرات مرتب ہوتے اور سالانہ نتائج میں لامحالہ ایسی چھٹیوں کے رزلٹس سے منفی اثرات نکلتے ہیں۔

وقت کی پابندی سب سے اہم ہے چھٹی برداشت نہیں کروں گا، ڈپٹی کمشنر

اساتذہ معمار قوم ہیں ان کو وقت کی ہر صورت پابندی کرنا ہوگی محمد تسلیم اختر راؤ

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کی زیر صدارت ضلع بھر کے سرکاری اسکولوں میں تعلیمی معیار کو بہتر بنانے، اساتذہ اور بچوں کی حاضری کو یقینی بنانے کے لیے اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا سی او ایجوکیشن، ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ آفیسر، سمیت محکمہ تعلیم کے دیگر افسران بھی اجلاس میں شریک تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے محکمہ تعلیم کے افسران اور ٹیچرز کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ وقت کی پابندی سب سے اہم ہے، چھٹی برداشت نہیں کروں گا، غیر حاضری اور سکول دیر سے آنے پر کوئی معافی نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ معمار قوم ہیں ان کو وقت کی ہر صورت پابندی کرنا ہوگی اور اپنے سٹوڈنٹس کو وقت کا پابند بنانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری سکولوں میں وسائل کی ترجیحی بنیادوں پر دستیابی یقینی بنائیں گے تاکہ ضلع کا کوئی بھی بچہ تعلیم سے محروم نہ رہ سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے سی او ایجوکیشن کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ تعلیم کے افسران ضلع بھر میں روزانہ کی بنیاد پر سکولوں کے اچانک دورے کریں، دیر سے آنے والے اساتذہ کو شوکاز نوٹس جاری کریں، دوبارہ خلاف ورزی کرنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے، اس معاملے میں کسی قسم کی سفارش قبول نہ کی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے یہ بھی کہا کہ بچوں کو اوائل عمری میں حیات طیبہ کے مختلف پہلوؤں سے آگاہ کرنا بہت ضروری ہے۔ بچوں کی تربیت کے حوالے سے سکول ایک کردار ساز ادارہ ہوتے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پنجاب حکومت بچوں کی ذہنی، فکری، اخلاقی تربیت کیلئے موثر حکمت عملی بنا رہی ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے سی او ایجوکیشن کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری سکولوں کو سولرائزیشن پر منتقل کرنے کے لیے اقدامات کو تیز کیا جائے، پہلے مرحلے میں ایسے سکولوں کو سولر انرجی پر منتقل کیا جائے جہاں پر سیکورٹی گارڈز رات کے وقت بھی ڈیوٹی پر موجود ہوں۔

مریدکے: دارالعلوم محمدیہ سیفیہ رضویہ کا سنگ بنیاد رکھ دیا گیا

سادات کرام علمائے حق صحافیوں وکلاء سول سوسائٹی اور سیاستدانوں نے بھرپور شرکت کی

مریدکے (تحصیل رپورٹر) سادات کے مبارک ہاتھوں سے مفتی توصیف سیفی کے زیر اہتمام دارالعلوم محمدیہ سیفیہ رضویہ کا سنگ بنیاد رکھ دیا جس میں ملک کے طول وارض سے سادات کرام علمائے حق صحافیوں وکلاء سول سوسائٹی اور سیاستدانوں نے بھرپور شرکت کی شرکاء نے کامیابی کے لیے دعاؤں اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا تفصیل کے مطابق مریدکے کی نواحی آبادی بھیانوالہ روڈ چک 29 میں عظیم نوجوان مذہبی سکالر مفتی توصیف محمدی سیفی نے جدید ٹیکنالوجی پر استوار دینی و دنیاوی تعلیم اور علمائے حق پیدا کرنے کے لیے سادات کے ہاتھوں عظیم دینی درسگاہ کا سنگ بنیاد رکھ دیا جس میں کثیر تعداد میں سادات علمائے عظام سیاستدانوں صحافیوں سول سوسائٹی اور وکلاء ٹی ایل پی سے میاں نعمان خالد پیر سید طیب شاہ پیر سید صداقت شاہ مفتی طاہر نورانی مفتی سلیم رضوی مفتی حامد رضا عامر زبیر رضوی مفتی زمرالیاس مفتی ابوالحسن اسماعیل قادری علامہ خلیل نورانی سعید احمد مجددی علامہ بابر شہزاد جلالی روحانی شخصیت ملک اشرف میاں ریاض عمران شیرازی ڈاکٹر اجمل ملک و دیگر نے شرکت کی شرکاء نے اپنے انداز بیاں میں نوجوان سحر انگیز اور فکر رضا کے داعی مفتی توصیف کی محنت کتب لکھنے اور ایسی عظیم درسگاہ کا سنگ بنیاد رکھنے کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسا شخص صدیوں میں پیدا ہوتا ہے جو دینی و دنیاوی اور اللہ عزوجل کی خاص عنایت سے بے شمار علم اور خوبیوں سے مالا مال ہو شرکاء نے مخیر حضرات سے اپیل کی کہ ایسی درسگاہوں کے لیے خالق کائنات کے دیے ہوئے خزانوں کے منہ کھول دو تاکہ آخرت میں بخشش کا ذریعہ بن سکے محفل کے اختتام پر مفتی توصیف نے شرکاء سے ملنے والی شفقت پر سب کا شکریہ ادا کیا۔

شکرگڑھ شہر بھر میں گداگروں کی تعداد میں تشویشناک حد تک اضافہ

سڑکوں چوراہوں بازاروں میں بھی گداگر مافیا لوگوں سے زبردستی بھیک مانگ رہا ہے

شکرگڑھ (عمران عارف سے) شکرگڑھ شہر بھر میں گداگروں کی تعداد میں تشویشناک حد تک اضافہ ہو گیا ہے۔ سڑکوں چوراہوں بازاروں میں بھی گداگر مافیا لوگوں سے زبردستی بھیک مانگ رہا ہے اس کیساتھ ساتھ شہر کے مختلف چوراہوں پر نوجوان لڑکیاں بھی بھیک مانگنے کی آڑ میں جسم فروشی کا مکروہ دھندا بھی کر رہی ہیں پولیس محکمہ سوشل ویلفیئر اور دیگر قانون نافذ کرنیوالے ادارے اس سلسلہ میں مسلسل خاموشی اختیار کیے ہوئے ہیں جس پر شہری حلقوں نے تشویش کا اظہار کیا ہے شہریوں نے بتایا کہ بعض منشیات فروش بھی گداگروں کے ذریعے ڈرگ سپلائی کا مکروہ دھندا بھی کر رہے ہیں۔ انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب، چیف سیکرٹری پنجاب، انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب سے مطالبہ کیا کہ گداگر مافیا کے گروہ کیخلاف فوری کارروائی کی جائے۔

صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ کا مٹو بھائیکے میں گوردوارہ کھارا صاحب کا دورہ

گوردوارے میں تعمیراتی کاموں کی بنیاد رکھی، اپنے مذہبی طریقہ سے دعا بھی کرائی

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اقلیتی امور پنجاب سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے کہا کہ اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے وزیراعظم میاں شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا تعاون مثالی ہے۔ سکھ برادری غیر آباد گردواروں کی آبادکاری اور تعمیر و مرمت کے لیے فنڈز کی فراہمی پر پنجاب حکومت کے مشکور ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نوشہرہ ورکاں کے نواحی گاؤں مٹو بھائیکے میں گوردوارہ کھارا صاحب کے دورے کے موقع پر کیا۔ سردار رمیش سنگھ اور دیگر نے ملکر تعمیراتی کام کے آغاز کی بنیاد بھی رکھی اور اپنے مذہبی طریقہ سے دعا بھی کرائی۔ صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اور دیگر رفقاء کا گوردوارہ کھارا صاحب پہنچنے پر شاندار استقبال کیا گیا جبکہ گوردوارہ کی خستہ حالی پر سردار رمیش سنگھ کا کہنا تھا کہ غیر فعال گردواروں کو فعال بنانے کے لیے صوبائی حکومت کے فنڈز سے مٹو بھائیکے گردوارہ کے احاطہ میں کمروں کی تعمیر کا منصوبہ بھی شروع کیا جا رہا ہے۔

شاہین ریجنل نیٹ ورک سرگودھا لیہ کے زیر اہتمام یوتھ کنونشن کا انعقاد

طلبہ اور طالبات نے تعلیم صحت کے حوالے سے چارٹر آف ڈیمانڈ ترتیب دیا

سرگودھا لیہ (عبدالمنان چودری سے) شاہین ریجنل نیٹ ورک سرگودھا لیہ نیو لدھانہ ڈویلپمنٹ سوسائٹی کے زیر اہتمام اور بیداری کے تعاون سے لیہ میں یوتھ کنونشن کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف سیاسی جماعتوں کے یوتھ ونگ کے طلبہ اور طالبات نے تعلیم صحت اور دیگر گورننس کے شعبوں میں اصلاحات کے لیے چارٹر اف ڈیمانڈ ترتیب دیا اس موقع پر 1۔ جاوید اقبال نے اج کی ترکیب کے حوالے سے روشنی ڈالی اور خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم سب کو ایک دوسرے کی رائے کا احترام کرنا چاہیے نہ کہ اپنا خاص نقطہ نظر اپنی مرضی دوسروں پر مسلط کرنی چاہیے ہمارا معاشرہ انتشار کا شکار ہوتا ہے جب ہم اپنے اپ کو صحیح اور باقی سب کو غلط ثابت کرنے کے لیے اپنی ہر چیز داو پر لگا دیتے ہیں پاکستان پیپلز پارٹی سے تعلق رکھنے والے پیپلز سٹڈی سرکل کے صدر پروفیسر ڈاکٹر مزمل حسین کا کہنا تھا کہ ایک وقت تھا جب فتنہ اور فساد کی وجہ سے طلبہ اور طالبات کو سیاست سے دور رکھا جاتا تھا اور اسی وجہ سے طلبہ یونینز پر پابندی بھی عائد کی گئی۔ جس کے بعد طلبہ سیاست سے دور ہوتے چلے گئے اور ہمارے ملک میں قیادت کا فقدان پیدا ہوتا رہا۔ مسلم لیگ نون سے تعلق رکھنے والے سیاسی وسماجی کارکن عابد انوار علوی کا کہنا تھا کہ موجودہ دور میں نوجوانوں کی سیاست میں دلچسپی ایک خوش اسند بات ہے جو ایک بیداری کی علامت ہے اس موقع پر مختلف جماعتوں سے تعلق رکھنے والے طلبہ اور طالبات نے بھی اپنے مسائل بیان کیے پروگرام کے اختتام پر سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے طلبہ اور طالبات کے چارٹر اف ڈیمانڈ کو وصول کیا اور نوجوانوں سے وعدہ کیا کہ وہ گورننس کے مسائل کے حل کے لیے اپنی بھرپور کوششیں جاری رکھیں گے۔ اس موقع پر انہوں نے طلبہ اور طالبات سے بھی وعدہ کیا کہ ہر سطح پر طلبہ اور طالبات کے مسائل کے حل کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے نہ صرف طلبہ اور طالبات کے مسائل بلکہ لوکل سطح پر مسائل کے حل کے لیے مل کر کام کریں گے۔ سماجی کارکن سید عمران علی شاہ اور یوتھ لیڈر کائنات نے نوجوانوں کے مسائل پر بات کی۔ سیاسی وسماجی کارکن مہر منصور عالم تھند اور محمد ثقلین نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ آخر میں جاوید اقبال نے تمام شرکا کا شکریہ ادا کیا۔

پاراچنار میں دہشت گردی اور امن کی لڑائی ہے، آغا سید حسین مقدسی

اگر جائز آئینی مطالبات پورے نہ کیے گئے تو پاکستان کی ہر شاہراہ اور چوک پر احتجاج کریں

شکرگڑھ (عمران عارف سے) تحریک نفاذ فقہ جعفریہ پاکستان کے سربراہ علامہ آغا سید حسین مقدسی نے حکومت کو عزاداری کے خلاف ناروا ایس او پیز کے خاتمے اور شیعہ حقوق کیلئے 90 دن کا الٹی میٹم دے دیا، اگر جائز آئینی مطالبات پورے نہ کیے گئے تو پاکستان کی ہر شاہراہ اور چوک پر احتجاج کریں گے، اپنا عقیدہ کسی پر مسلط نہیں کرنا چاہتے کوئی دوسرا اپنے اوپر مسلط نہیں ہونے دیں گے، ذکر حسین کو دبا کر آئینی حقوق کو پامال کیا جا رہا ہے، پاراچنار میں شیعہ سنی مسئلہ نہیں، دہشت گردی اور امن کی لڑائی ہے، کالعدم تنظیموں سے بھرے متحدہ علماء بورڈ کو اپنے عقائد کا فیصلہ نہیں کرنے دیں گے، جن جماعتوں کو کالعدم قرار دیا گیا انہیں محترم بنانا ہی دہشت گردی کی جڑ ہے، شیعہ سنی یکجہتی اور تحفظ عزا کے خط موسوی پر کاربند رہیں گے، راولپنڈی کے تمام داخلی راستے بند ہیں اس کے باوجود ہزاروں عزاداروں کا اجتماع ثابت کر رہا ہے کہ کوئی طاقت حسینیت کا راستہ نہیں روک سکتی، عزاداروں پر قائم غیر قانونی ایف آئی آرز کا خاتمہ کیا جائے، عمران خان دور حکومت میں نافذ کیے گئے فرقہ وارانہ نصاب کو واپس لیا جائے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ٹی این ایف جے راولپنڈی ریجن کے زیر اہتمام دربار عالیہ سخی شاہ پیارا کاظمی المشہدی چوہڑ ہڑپال میں تحفظ عزاداری احتجاجی کنونشن کی پہلی نشست سے صدارتی خطاب کرتے ہوئے کیا۔

ساہیوال: گندم کے کاشتکاروں کے لئے انعامات کی بارش

25 ایکڑ سے زائد ملکیتی رقبے پر گندم کاشت کرنے والوں میں ایک ہزار مفت گرین ٹریکٹر تقسیم

SAHIWAL DIVISION
2nd MEETING OF DIVISIONAL COMMITTEE FOR WHEAT CAMPAIGN 2024-25 SAHIWAL DIVISION SAHIWAL 27.11.2024
DIRECTOR OF AGRICULTURE (EXTENSION) SAHIWAL DIVISION SAHIWAL

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) پنجاب حکومت کی طرف سے گندم کے کاشتکاروں کے لئے انعامات کی بارش، ساڑھے 12 ایکڑ سے 25 ایکڑ تک ملکیتی رقبے پر گندم کاشت کرنے والوں کے لئے ایک ہزار لیزر لینڈ لیولر اور 25 ایکڑ سے زائد ملکیتی رقبے پر گندم کاشت کرنے والوں میں ایک ہزار مفت گرین ٹریکٹر تقسیم کیے جائیں گے۔ یہ بات ڈائریکٹر زراعت ساہیوال چوہدری شہباز اختر نے کمشنر آفس میں گندم آگاہی مہم کے جائزہ اجلاس میں بتائی جس کی صدارت کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے کی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر ساہیوال صائمہ علی، ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر صفدر حسین، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو اعتزاز اسلم مارتھ، ڈائریکٹر زراعت چوہدری شہباز اختر، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر طاہر جاوید سمیت کراپ رپوٹنگ، اریگیشن اور کاشتکاروں کی بڑی تعداد نے شرکت کی جبکہ اوکاڑہ اور پاک پتن کے افسران نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ انہوں نے بتایا کہ ساہیوال ڈویژن میں 26 نومبر تک 8 لاکھ 5 ہزار ایکڑ سے زائد رقبے پر گندم کاشت کی جا چکی ہے جبکہ ڈویژن کے لئے ہدف 9 لاکھ 20 ہزار ایکڑ ہے اس طرح 88 فی صد ہدف حاصل کیا جا چکا ہے۔ کمشنر شعیب اقبال سید نے گندم کی بوائی کی رفتار پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ ملک کی فوڈ سیکورٹی یقینی بنانے کے لئے زیادہ سے زیادہ گندم کاشت کرنا انتہائی ضروری ہے۔

ہمیشہ آئین کی بالادستی یقینی بنانے کیلئے جدوجہد کی۔ خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ

وکلاء کی فلاح و بہبود کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہیں۔ سابق صدر سیالکوٹ بار



سیالکوٹ (بیوروپورٹ) ملکی بقاء و استحکام کیلئے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح ایڈووکیٹ کے زریں اصولوں پر عمل پیرا ہونا انتہائی اہم ہے۔ وکلاء برادری ملکی و صوبائی سطح سے لیکر ڈویژن و ڈسٹرکٹ لیول تک ہمیشہ ایک پیج پر رہی ہے۔ رول آف لاء کیلئے وکلاء تحریک سے پاکستانی لاء آفیسرز کی دنیا بھر میں جہاں پزیرائی ہوئی وہیں وکلاء نے آئین و قانون اور انصاف کے لئے آہنی جانوں کے نذرانے بھی پیش کیے۔ ان باتوں کا اظہار ملک کے معروف قانون دان خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ نے قانون و انصاف کی فراہمی میں وکلاء کا کردار سیمینار کے دوران خطاب میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ بطور سابق صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ ہم نے ہمیشہ آئین و قانون کی بالادستی اور وکلاء برادری کی فلاح و بہبود کیلئے عملی کاوشیں کیں۔ بطور سنیئر لاء ایکسپرٹ قانونی آگاہی سیمینار اور میرے شاگردوں کو بھی ہمیشہ محنت و رول آف لاء کی سپرمیسی کیلئے جدوجہد کا درس دیا۔

شہر میں لگایا جانے والا بدھ بازار عوام کیلئے زحمت بن گیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) شہر میں لگایا جانے والا بدھ بازار عوام کیلئے زحمت بن گیا پارکنگ سسٹم نہ ہونے سے ٹریفک جام ایمرجنسی گزرنے والی گاڑیوں کو بھی مشکلات کا سامنا بدھ بازار کے دوکانداروں نے مرکزی شاہراہ پر بھی قبضہ کر لیا متعلقہ حکام خاموش تماشائی شہریوں کا شدید احتجاج تفصیل کے مطابق شہر کی مرکزی شاہراہ تھانہ روڈ کی ملحقہ پرائیویٹ جگہ پر ہر بدھ کو بدھ بازار لگایا جاتا ہے مگر دوکاندار من مرضی کرتے ہوئے شاہراہ پر بھی قبضہ کر لیتے ہیں جس وجہ سے پارکنگ کے لئے مناسب جگہ نہ سے ٹریفک کا نظام درہم برہم ہو جاتا ہے گزرنے والوں کو شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ جاتی ہیں ایمرجنسی کی صورت میں گزرنے والی گاڑیاں بھی متاثر ہوتی ہیں اہل علاقہ نے انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ غفلت کی نیند سے بیدار ہوں اور بدھ بازار کو شہر سے باہر کھلے میدان میں منتقل کیا جائے تاکہ اہل علاقہ کی مشکلات کم ہو سکیں۔

حافظ آباد: موٹروے پر ٹریفک کھول دی گئی

حافظ آباد (بیوروپورٹ) حافظ آباد ضلع کے تینوں انٹرچینج کوٹ سرور، پنڈی بھٹیاں اور خانقاہ ڈوگراں سے گذشتہ روز موٹر وے پر ٹریفک کھول دی گئی جبکہ ضلع کے دیگر خارجی و داخلی راستوں سے بھی رکاوٹوں کو ہٹا دیا گیا۔

رانا محمد اویس خاں، رانا محمد طاہر وسیم خاں کو عمرہ ادائیگی پر مبارکباد

کھڑیانوالہ (نمائندہ قوت نیوز) کھڑیانوالہ کے سماجی شخصیات رانا محمد اویس خاں، رانا محمد طاہر وسیم خاں کو عمرہ ادائیگی پر پریس کلب کھڑیانوالہ کے جنرل سیکرٹری شبیر قادری نمائندہ قوت نیوز، فرہاد، سنیئر نائب صدر فرہاد چوہدری و دیگر کی جانب سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ اور دعا گو ہیں کہ کائنات کا مالک آئندہ کی زندگی کو صراط المستقیم والی بنا دے۔

الحرمین ڈینٹل کیئر خالد روڈ پر ماہانہ فری ڈینٹل کیمپ کا انعقاد

شیخوپورہ (بیوروپورٹ) الحرمین ڈینٹل کیئر خالد روڈ پر ماہانہ فری ڈینٹل کیمپ اتوار یکم دسمبر کو لگایا جائے گا جس میں ڈاکٹر رانا عبدالمنیب اکرم، ڈاکٹر منیزہ منیب اکرم اور ڈاکٹر فراز محمود ڈوگر مریضوں کے مفت چیک کر کے فری ادویات فراہم کریں گے کیمپ کا اہتمام آل صدیق ویلفیئر سوسائٹی بھکھی کے عہدیدار کریں گے جبکہ نیو لاہور لیب کی طرف سے شوگر کے مرض کے بھی مفت چیک اپ کیے جائیں گے۔

تفریح کے بہترین مواقع فراہم کرنے اور کھیلوں کے فروغ کی خواہاں ہیں، سعدیہ مہر

عارفوالا (نامہ نگار نصر اللہ سے) ڈپٹی کمشنر سعدیہ مہر نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے عوام کو تفریح کے بہترین مواقع فراہم کرنے اور کھیلوں کے فروغ کی خواہاں ہیں، حکومت پنجاب ٹیکنالوجی کے نئے دور میں کھیلوں کی مثبت سرگرمیوں کو پروان چڑھانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کر رہی ہے، جشن فرید سپورٹس گالہ جسمانی کھیلوں کے فروغ اور عوام الناس کو مختلف کھیلوں کے دلچسپ مقابلوں سے محظوظ کرنے کی جانب اہم قدم ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے میونسپل کمیٹی کے زیر اہتمام جشن فرید سپورٹس گالہ کے والی بال میچ کی افتتاحی تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ملک احمد فراز اعوان، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی فیاض وڑائچ سمیت دیگر محکموں کے افسران، سول سوسائٹی، شہریوں اور شائقین والی بال کی کثیر تعداد بھی موجود تھی، والی بال میچز کا پہلا مقابلہ پاکستان واپڈا اور پاکستان نیوی کی ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا جس میں سنسنی خیز مقابلے کے بعد پاکستان واپڈا نے پاکستان نیوی کی ٹیم کو شکست دے دی، شہریوں نے جشن فرید سپورٹس گالہ کے شاندار انعقاد پر ڈپٹی کمشنر سعدیہ مہر کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔

نفرت زدہ ماحول ملک وقوم کے لئے کسی صورت مناسب نہیں،

سید آفتاب عظیم بخاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان فلاح پارٹی کے مرکزی رہنما سید آفتاب عظیم بخاری نے ملک کی موجودہ گھمبیر صورتحال پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ زور زبردستی دھونس دھاندلی سے عوام پر حکمرانی کرنے کا وقت گزر چکا ہے۔ عوامی رائے کے برعکس نااہل اور کرپٹ حکمرانوں کو عوام پر زبردستی مسلط کرنے اور ناقص پالیسیوں وحکمت عملی سے عوام اور ریاستی ادارے ایک دوسرے کیخلاف دست و گریباں ہیں۔ انتہائی نفرت زدہ ماحول ملک وقوم کے لئے کسی صورت مناسب نہیں۔ صاحبان اختیار واقتدار کو جذبات کی بجائے حکمت عملی سے بڑھتی مایوسی و نفرت کے جذبات کو کم کرنے کے لئے اقدامات کرنا ہونگے۔ بظاہر لگتا ہے کہ انتہائی خطرناک ایجنڈا پہ کام ہو رہا ہے۔ پاکستان کو متحد و مستحکم رکھنے کے لئے ججس کی جو ذمہ داری و کردار بنتا ہے یا اچھا انداز میں کرنے کی سخت ضرورت ہے۔

ایڈیٹوریل
DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

پولیس اور رینجرز اہلکاروں کی شہادتیں، اسلام آباد میں فوج طلب

اسلام آباد میں سری نگر ہائی وے پر شرپسندوں نے گاڑی رینجرز اہلکاروں پر چڑھا دی جس کے نتیجے میں 4 رینجرز اہلکار شہید ہو گئے، جس کے بعد وفاقی دارالحکومت میں پاک فوج کو طلب کر لیا گیا اور شرپسندوں کو دیکھتے ہی گولی مارنے کے احکامات دے دیے گئے ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق شرپسندوں کی جانب سے قانون نافذ کرنے والے اداروں پر حملہ کیا گیا جس کے نتیجے میں 6 اہلکار شہید ہوئے جن میں 2 پولیس اہلکار بھی شامل ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا تھا کہ اسلام آباد میں سری نگر ہائی وے پر شرپسندوں نے ڈیوٹی پر موجود رینجرز اہلکاروں پر گاڑی چڑھا دی۔ حادثے کے نتیجے میں 4 رینجرز اور ایک پولیس اہلکار زخمی بھی ہوا، جنہیں فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، مجموعی طور پر اب تک 100 سے زائد پولیس اہلکار زخمی ہو چکے ہیں جن میں متعدد شدید زخمی ہیں۔ پاک فوج کو آرٹیکل 245 کے تحت طلب کیا گیا ہے اور انہیں شرپسندوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹنے کے احکامات دے دیے گئے ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع نے مزید کہا کہ انتشار پسند اور دہشت گرد عناصر کی جانب سے کسی بھی قسم کی دہشت گردانہ کارروائی سے نمٹنے کے لیے تمام اقدامات بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سری نگر ہائی وے پر شرپسندوں کی جانب سے گاڑی سے کچلے گئے رینجرز اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور غم کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ نام نہاد پر امن احتجاج کی آڑ میں پولیس و رینجرز کے اہلکاروں پر حملے قابل مذمت ہیں۔ انہوں نے واقعے میں ملوث افراد کی فوری نشاندہی کر کے انہیں قرار واقعی سزا دلوانے کی ہدایت کی۔

کسی بھی مہذب معاشرے میں پر امن احتجاج کا حق نہیں چھینا جا سکتا۔ تحریک انصاف کی طرف سے پہلے بھی احتجاج کیے جاتے رہے ہیں۔ آج کل بھی احتجاج ہو رہا ہے۔ پہلے احتجاجوں میں بھی تشدد کا عنصر در آتا تھا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کی طرف سے حکومت کو اسلام آباد میں کسی قسم کے احتجاج اور مظاہرے روکنے کا حکم دیا گیا ہے۔ حکومت اس پر عمل کروانا چاہتی ہے۔ تحریک انصاف کی طرف سے احتجاج کی کال دی گئی تھی۔ جب اسلام آباد ہائی کورٹ نے منع کر دیا تو اس کے بعد کسی بھی قسم کے احتجاج کا جواز نہیں بنتا تھا۔ اس کے باوجود تحریک انصاف نے پہلے سے اعلان شدہ احتجاج جاری رکھنے کا فیصلہ کیا۔ جس کے باعث ہر گزرتے دن کے ساتھ صورتحال گمبھیر ہوتی چلی گئی تا آنکہ اب تک چھ رینجرز اور پولیس کے اہلکار شہید ہو چکے ہیں زخمی ہونے والوں کی تعداد 100 سے زیادہ ہے۔ ان میں سے بہت سے شدید زخمی ہو کر زندگی اور موت کی کشمکش میں ہیں۔ حکومت کی طرف سے پی ٹی آئی کے جارحانہ رویوں پر طاقت سے گریز کا مظاہرہ کیا جا رہا ہے۔ جسے شاید اس پارٹی نے حکومت کی کمزوری سمجھ لیا ہے۔

ہکلہ کے مقام پر مظاہرین نے تشدد کر کے کانسٹیبل مبشر کو شہید کر دیا تھا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے ان کے جنازے میں شرکت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے کہا کہ اہلکاروں کی شہادتوں اور ان کے زخمی ہونے کے ذمے دار کال دینے والے ہیں۔ وہ آئیں اور ہم انہیں جانے دیں یہ نہیں ہو گا۔ یہ بات کلیئر کر رہوں جو ڈی چوک پہنچے گا وہ گرفتار ہو گا۔ یہ لوگ چاہتے تھے کہ بیلا روس کے صدر کا دورہ منسوخ ہو جائے۔ صبر کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ اگر پانچ منٹ فائرنگ ہو تو ایک بندہ نظر نہیں آئے گا۔ اسلام آباد پولیس کے چار اور پنجاب پولیس کے پانچ اہلکاروں کی حالت نازک ہے۔ پولیس والوں کے پاس اسلحہ نہیں۔ میانوالی میں ہم پر فائرنگ کی گئی۔ وہ لاشیں لینا چاہتے ہیں۔ ہمارے تمام لوگ گولیوں سے زخمی ہوئے۔ اگر ہم جوابی فائرنگ کرتے تو یہ پتھر گڑھ سے آگے نہیں بڑھ سکتے تھے۔ گولی کا جواب گولی سے دینا آسان تھا۔ پولیس نے گولی کا جواب آنسو گیس یا ربڑ بلٹ سے دیا۔ چار شہیدوں کی فیملی سے وعدہ ہے ان کا خون رائیگاں نہیں جانے دیں گے۔

تحریک انصاف اور عمران خان کا یہ موقف رہا ہے کہ ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کا سیاست سے کوئی تعلق نہیں ہے اس کے باوجود وہ مظاہرے منظم کرتی ہیں۔ عوام کو ویڈیو پیغامات کے ذریعے احتجاج اور مظاہروں میں شرکت پر آمادہ کرتی ہیں۔ پشاور سے وزیر اعلیٰ علی امین گنڈا پور کی سربراہی میں حکومتی وسائل کو استعمال کرتے ہوئے اسلام آباد کی طرف مظاہرین نکلے تو بشریٰ بی بی کی طرف سے اس میں ایک عام کارکن کی حیثیت سے شرکت کا عندیہ دیا گیا لیکن اب وہ اس احتجاج کو لیڈ کر رہی ہیں۔ حکومت کی طرف سے عمران خان کے ساتھ پی ٹی آئی کے لیڈروں بیرسٹر گوہر اسد قیصر اور شبلی فراز کی 25 نومبر کی رات کو دو ملاقاتیں کروائی گئیں جن میں عمران خان تک اپنے احتجاج کو ڈی چوک کی بجائے سنگجانی منتقل کرنے کے لیے پیغام پہنچایا گیا۔ وزیر داخلہ کے بقول عمران خان اس پر آمادہ تھے لیکن کوئی عمران خان کے اوپر بھی قیادت ہے جس کی طرف سے انکار کر دیا گیا اور حالات بے قابو ہوتے چلے جا رہے ہیں۔ عمران خان کے اوپر قیادت کا اشارہ بادی النظر میں بشریٰ بی بی کی طرف ہے۔

اب جو کچھ ہو رہا ہے یہ احتجاج نہیں بلکہ یہ تصادم ہے۔ بشریٰ بی بی کی طرف سے کہا گیا ہے کہ عمران خان کو رہا کروا کے لائیں گے۔ عمران خان کو کسی بھی طریقے سے رہا کروانے کا اعلان کیا جا رہا ہے۔ ایسا ممکن نہیں ہو سکتا۔ صورتحال ملک میں انارکی کی طرف جا رہی ہے۔ احتجاجی 9 مئی جیسے واقعات کو دہرانے کی کوشش کر رہے ہیں۔

پی ٹی آئی کی جانب سے جو انتشار پھیلایا جا رہا ہے اس پر ریاستی مشینری کا حرکت میں آنا فطری ہے۔ اگر پی ٹی آئی مذاکرات کی طرف نہیں آتی تو یہ سیاست نہیں بلکہ سسٹم کو نقصان پہنچانے والا ایجنڈا نظر آتا ہے۔ ایسی سیاست سے بانی پی ٹی آئی کی رہائی تو ممکن نہیں ہو سکتی البتہ ملک کی معیشت تباہ ہو رہی ہے جس سے سسٹم کو بھی نقصان پہنچ سکتا ہے۔ ملک پہلے بھی کئی مرتبہ تلخ تجربات سے گزر چکا ہے جس سے سیاست دانوں نے کیا یہی سبق سیکھا ہے کہ ایک مرتبہ پھر طالع آزماؤں کو موقع دے دیا جائے؟ تحریک انصاف کی جارحت کو دیکھتے ہوئے جس میں چھ رینجرز اور پولیس اہلکار شہید اور زخمی ہو چکے ہیں۔ حکومت کو مجبوراً فوج طلب کرنا پڑی ہے۔ فوج کو وہ اختیارات بھی دے دیے گئے ہیں۔ جن کا تذکرہ کرتے ہوئے بھی خوف محسوس ہوتا ہے۔ اس سے حالات مزید بدتر ہو سکتے ہیں۔ جمہوریت خطرات سے دوچار ہو سکتی ہے۔ بہتر ہے کہ افہام و تفہیم کا راستہ اختیار کیا جائے مذاکرات سے ہی معاملات بہتری کی طرف لائے جا سکتے ہیں۔

اسرائیل کا جنگی جنون عالمی امن کیلئے خطرہ

بے باک
خان فہد خان
Mr.kfkhan66@gmail.com

اسرائیل کی جانب سے فلسطین پر گزشتہ برس 7 اکتوبر کو مسلط کی جانے والی جنگ میں اب تک 44 ہزار سے زائد فلسطینی شہید اور ایک لاکھ چار ہزار سے زائد زخمی ہو چکے ہیں۔ عرب میڈیا کی تازہ رپورٹ کے مطابق اسرائیلی فورسز کی شمالی غزہ میں بیت لاہیا میں پانچ منزلہ رہائشی عمارت پر فضائی حملہ کے نتیجے میں 34 فلسطینی شہید اور درجنوں زخمی ملبے کے نیچے دبے ہوئے ہیں۔ شہدا میں بڑی تعداد میں خواتین اور بچے شامل ہیں۔ فلسطینی سول ڈیفنس کے مطابق بیت لاہیا کے علاوہ وسطی غزہ میں پناہ گزینوں کے کیمپوں پر حملے میں 15 شہری شہید ہوئے جبکہ رفح میں اسرائیلی ڈرون حملے میں بھی 5 شہری شہید ہوئے۔ فلسطینی وزارت صحت نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ اسرائیلی فورسز نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران غزہ کی پٹی میں فلسطینی خاندانوں کے خلاف تین بار قتل عام کیا جس کے نتیجے میں 50 سے زائد فلسطینی شہری شہید اور 110 زخمی ہوئے۔ وزارت نے نشاندہی کی کہ ہزاروں متاثرین ملبے کے نیچے اور سڑکوں پر بکھرے ہوئے ہیں لیکن قابض اسرائیلی فورسز ایمبولینس اور شہری دفاع کے عملے کو ان تک پہنچنے سے روک رہا ہے۔ جبکہ شمالی غزہ میں اسرائیلی فورسز کی زمینی کارروائیوں میں گزشتہ پانچ ہفتوں کے دوران ایک لاکھ تیس ہزار افراد کو بے گھر کیا ہے۔ اقوام متحدہ کا جنگ سے تباہ فلسطین کی صورت حال پر کہنا ہے کہ جبالیہ، بیت لاہیہ اور بیت حنون کے قصبوں میں 75 ہزار افراد پانی اور خوراک کی کم ہوتی ہوئی فراہمی کے باعث محصور ہیں۔ اس ہفتے ہیومن رائٹس واچ کی ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اسرائیل نے جان بوجھ کر غزہ میں فلسطینیوں کی بڑے پیمانے پر نقل مکانی کر کے جنگی جرائم اور انسانیت کے خلاف جرائم کا ارتکاب کیا ہے۔ اقوام متحدہ کے مطابق تقریباً 1.9 ملین افراد غزہ کی آبادی کا 90٪ پچھلے ایک سال کے دوران اپنے گھر بار چھوڑ چکے ہیں اور 79٪ علاقہ اسرائیل کے جاری کردہ انخلاء کے احکامات کے تحت ہے۔

اس ساری صورت حال سے یہ واضح ہوتا ہے کہ صیہونی حکومت اس خطے کو پوری طرح برباد کر دینے کے ساتھ ساتھ مجبور فلسطینیوں سے خالی بھی کروانا چاہتی ہے۔ جبکہ دوسری طرف اسرائیل، غزہ کو ملیا میٹ کرنے کے ساتھ ساتھ لبنان میں بھی کارروائیاں کر رہا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق تقریباً 56 لاکھ فلسطینی پناہ گزین شام، لبنان، اردن، اسرائیل کے مقبوضہ علاقوں اور غزہ میں رہتے ہیں۔ پناہ گزین تکالیف سے بھرپور زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ دنیا بھر کے کئی ممالک امریکہ، اسرائیل گٹھ جوڑ اور انکی غزہ میں دہشت گردانہ کارروائیوں کی مخالفت کر چکے ہیں جبکہ دنیا کے طاقتور ممالک صرف اسرائیل مخالف بیان بازی تک محدود ہیں اور اسرائیل کی جارحیت ہے کہ رکتی نظر نہیں آرہی۔ ایران، شام اور یمن کی حوثی حکومت کھل کر فلسطینی مزاحمت کاروں کی حمایت کر رہے ہیں۔ اس لیے اسرائیل نے ایران، لبنان کے خلاف بھی ایک طرح جنگ کا آغاز کر رکھا ہے۔ حماس سربراہ اسماعیل ہنیہ کو تہران میں شہید کیا گیا، لبنان میں حزب اللہ کے سربراہ حسن نصر اللہ کو شہید کر دیا گیا اسماعیل ہنیہ کی شہادت کے بعد حماس کی سربراہی انکی یحییٰ سنوار کے سپرد ہوئی لیکن اسرائیل نے انہیں بھی شہید کر دیا۔ ایران کی کئی اہم شخصیات کو بھی شہید کیا گیا۔ ان واقعات نے مشرق وسطیٰ ہی نہیں دنیا کے امن کو خطرے میں ڈال دیا ہے۔ غزہ میں فلسطینیوں کی نسل کشی اپنی انتہا کو چھو رہی ہے اور اب ایران بھی مسلسل اسرائیلی جارحیت کا شکار ہو رہا ہے۔ یمن پر امریکہ اور اسرائیل دونوں بمباری کر رہے ہیں، اسرائیل شام اور لبنان میں مسلسل کارروائیاں کر رہا ہے۔ اس وقت اسرائیلی جارحیت کا جو سلسلہ جاری ہے اس سے اہل فلسطین اپنے ہی ملک میں صیہونیوں کے رحم و کرم پر زندگی گزارنے پر مجبور ہو گئے ہیں۔ امریکہ اور مغربی یورپ کے ممالک برسوں سے اسرائیل کی پشت پر کھڑے ہیں۔ یہ سب اسرائیل کے ناجائز قبضے کے حامی ہیں۔ امریکہ نے تو 2018 میں یروشلم کو اسرائیل کا دارالحکومت تسلیم کرتے ہوئے اپنا سفارت خانہ وہاں منتقل کر دیا تھا۔ اقوام متحدہ کی منظور کردہ قراردادوں کے مطابق فلسطینیوں کو حق آزادی ملنا چاہیے، لیکن آج تک ان قراردادوں پر ذرہ برابر عمل نہیں ہو سکا۔ بین الاقوامی امور کے ماہرین اور تجزیہ کار اس ساری صورتحال کو کسی گریٹر تقسیم کا حصہ بھی خیال کر رہے ہیں تب ہی حماس کے حملے کو جواز بناتے ہوئے اسرائیل اپنے مقاصد حاصل کرنے کیلئے قتل عام جاری رکھے ہوئے ہے اور جنگ کا دائرہ کار بڑھاتا جا رہا ہے۔ فلسطین پر اسرائیلی حملے کے تناظر میں اگر عالمی صورتحال پر غور کیا جائے تو یہ واضح ہوتا ہے کہ رفتہ رفتہ عالمی استعماری طاقتیں اپنا رسوخ کھوتی جا رہی ہیں۔ اسرائیل نے غزہ کے عوام پر جو ظلم و ستم جاری رکھا ہے اسے حماس کے خلاف اس کی انتقامی کارروائی کہنا قطعی مناسب نہیں ہو گا۔ اسرائیل، حماس کے حملے کو بہانہ بنا کر فلسطینی عوام کے خلاف انتہائی انسانیت سوز جارحیت کا جو شرمناک اور افسوسناک کھیل کھیل رہا ہے۔

اس سے یہ واضح ہے کہ اس کا مقصد صرف حماس کو زیر کرنا نہیں ہے بلکہ وہ اس خطے کو مکمل طور پر ان لوگوں سے خالی کرانا چاہتا ہے جن کے اجداد نے اسرائیلی مہاجرین کو پناہ دی تھی۔ ان احسان فراموشوں نے دنیا کے سامنے اپنی بے چارگی اور پریشان حالی کا ایسا سوانگ رچایا کہ دنیا کی بڑی طاقتوں نے ان کے ہر اقدام کی تائید کی یا دانستہ طور پر صیہونی سازشوں کو نظر انداز کرتے رہے۔ عالمی سطح پر اپنی مکاری اور دیدہ دلیری کے سبب اسرائیل نے وہ مرتبہ حاصل کر لیا کہ اہل فلسطین کا اس کے رحم و کرم پر منحصر ہو جانا نام نہاد انسانیت کے ٹھیکے دار طاقتوں کے لیے ایک عام بات ہو کر رہ گئی ہے۔ فلسطینیوں کی جانب سے جنگ بندی کا مطالبہ کرنے کی آواز اسرائیلی بمباری کی گھن گرج میں دب کر رہ گئی ہے اگرچہ آج کی ترقی یافتہ دنیا کے نام نہاد مہذب ممالک انسانی حقوق کے بارے میں نہایت حساس ہیں۔ یہ ممالک اور ان کی نامور عالمی تنظیمیں کتے، بلیوں اور دیگر جانوروں کے حقوق کے لیے کوشاں نظر آتے ہیں لیکن فلسطینیوں پر ہونے والے مظالم انہیں دکھائی نہیں دیتے۔ اصولی طور پر ایسے مسئلے جو خطے کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کا باعث بن رہے ہوں انہیں حل کرنے کیلئے عالمی برادری خصوصاً بڑی طاقتوں اور اقوام متحدہ کو اپنا قرار واقعی کردار ادا کرنا چاہیے۔ ایک عالمی جنگ کے ہر روز بڑھتے ہوئے خطرے کے سدباب کے لیے بلا تاخیر تمام فریقوں کو مذاکرات کی میز پر بٹھانے اور اسرائیل سے جنگ بندی کرانے کیلئے فیصلہ کن اقدامات کرنے ہونگے۔ اگر عالمی برادری ایسا کرنے میں مزید تاخیر سے کام لے گی تو وہ دن دور نہیں جب فلسطین سے شروع ہونے والی جنگ پوری دنیا میں پھیل جائے گی اور عالمی امن تباہ ہو جائے گا۔

بیلاروس کے صدر کا دورہ، بامقصد مذاکرات کی ضرورت اور احتجاج میں سرکاری وسائل کا استعمال!!

سائرن
محمد اکرم چوہدری
lahore1947@gmail.com

پاکستان اور بیلا روس کے مابین تعلقات مضبوط ہو رہے ہیں۔ یہ کوئی مثالی وقت تو نہیں ہے کیونکہ ایک وقت بیلا روس کے صدر ہے ساتھ بڑی تعداد میں اہم غیر ملکی شخصیات پاکستان کے دورے پر ہیں۔ دوسری طرف ملک میں ہنگامے ہیں، خیبر پختونخوا کی حکومت سرکاری وسائل استعمال کرتے ہوئے وفاق پر چڑھائی کر چکی ہے۔ ملک کو میدان جنگ میں بدلنے کی کوشش ہو رہی ہے۔ کئی روز سے نظام زندگی معطل ہے، انٹرنیٹ کے ساتھ جڑے تمام کام بری طرح متاثر ہو رہے ہیں، ایمبولینس راستے میں پھنس جاتی ہے، مزدوروں کو کام نہیں مل رہا، بچے سکول نہیں جا پا رہے، امتحانات الگ سے متاثر ہیں، گھر سے نکلنے والوں کو خوف ہے کہ منزل پر پہنچیں گے یا نہیں جو کسی جگہ پہنچ گئے ہیں وہ اس سوچ میں رہتے ہیں کہ نجانے بروقت گھر واپس پہنچ پائیں گے یا نہیں غرضیکہ ہر کوئی اپنی اپنی جگہ حیران و پریشان ہے۔ حکومت کوشش کر رہی ہے کہ کسی بھی طریقے سے احتجاج بھی ہو جائے اور بڑے نقصان سے بھی بچا جائے، مظاہرین کے خلاف طاقت کا استعمال سب سے آسان راستہ ہے۔ حکومت نے اب تک اس سے یوں گریز ضرور کیا ہے کہ آئی جی پنجاب کے مطابق لگ بھگ سوا سو پولیس اہلکار زخمی ہوئے ہیں جبکہ ایک شہادت بھی ہوئی ہے۔ سو یہ حالات ایسے تو نہیں کہ بیلا روس کا بڑا وفد جس کی قیادت ان کے صدر کر رہے ہیں ان سب لوگوں کو یہ خبر نہ ملتی ہو کہ پاکستان میں اندرونی طور پر کیا ہو رہا ہے، ساری حکومت کن کاموں میں مصروف ہے۔ رات گئے تک حکومت اور مظاہرین میں مذاکرات کی خبریں سامنے آتی رہی ہیں۔ درحقیقت یہ بامقصد مذاکرات کا وقت ہے، اس وقت میں اگر صرف اکٹھے بیٹھے ایک دوسرے کے سامنے مطالبات رکھے اور اپنے اپنے موقف پر قائم رہنے کی حکمت عملی اختیار کی گئی تو راستہ نہیں نکلے گا۔ اس سارے عمل میں اگر کوئی قابل ذکر بات ہے تو وہ یہ بھی ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت صوبے کے وسائل کو وفاقی حکومت کے خلاف احتجاج کے لیے استعمال کر رہی ہے اور ڈھٹائی سے کر رہی ہے کیا یہ ایک اچھا قدم ہے، کیا مستقبل میں دیگر صوبے بھی وفاق کے خلاف اس عمل کو ایک حوالے کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ اتنی اچھی مثال تو ہرگز نہیں ہے۔ اب بھی یہ خبریں آ رہی ہیں کہ خیبر پختونخوا حکومت نے رواں احتجاج کے دوران بھی سرکاری مشینری استعمال کی ہے ماضی میں ہونے والا احتجاج بھی سرکاری وسائل پر کیا گیا تھا یقیناً اس مرتبہ بھی کروڑوں روپے خرچ کیے گئے ہوں گے۔

پاکستان تحریک انصاف کے گزشتہ احتجاج میں خیبر پختونخوا کی ریسکیو 1122 کا عملہ، مشینری اور ایمبولینسز اسلام آباد لیجانے پر چار کروڑ خرچ ہوئے تھے۔ بتایا جاتا ہے کہ اس دوران ریسکیو 1122 کی دو بڑی کرینز خراب ہوئیں، کرینز گزشتہ احتجاجوں میں رکاوٹیں ہٹانے کیلئے استعمال کی گئی تھیں۔ ایک کرین خراب حالت میں صوابی دوسری اسلام آباد میں کھڑی ہے۔ کیا یہ اختیارات کا ناجائز استعمال نہیں، کیا یہ سرکاری خزانے کو نقصان پہنچانے کے مترادف نہیں، کیا جمہوریت یہ سکھاتی ہے، کیا یہی درس ہے جمہوریت کا، کیا جمہوریت صرف احتجاج کا ہی نام ہے۔ اگر مظاہرین سڑکوں پر ہے تو ان کی قیادت ذمہ داری ہے کہ اس نے اپنے لوگوں کو تکلیف سے بچانا ہے۔ مذاکرات کی کامیابی کے لیے پاکستان تحریک انصاف کی قیادت بھی حکومت سے کم ذمہ دار نہیں بلکہ پی ٹی آئی قیادت کو زیادہ سنجیدگی اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا ہو گا۔ یہ روز روز ملک بند کرنا، سڑکوں پر کنٹینرز لگانا کوئی خوشی کا مقام تو نہیں ہے۔ یہ پاکستان تحریک انصاف کی قیادت کو بھی سوچنا ہے۔ وہ مسلسل تیسری مرتبہ صوبے پر حکومت کر رہے ہیں کیا یہ دور بھی گذرے ادوار کی طرح ہو گا۔ صوبے کو ترقی کرنی چاہیے اس کی تو کرنیں ہی صوبے میں آپ کو نظر نہیں آ رہی ہیں۔ یہ سب باتیں تو اپنی جگہ ہیں اہم غیر ملکی مہمانوں کی آمد کے موقع پر اس قسم کی احتجاجی سیاست یہ ثابت کرتی ہے کہ ملکی مفاد کی کسی کو فکر نہیں ہے، ملکی مفاد ان لوگوں کے لیے معنی نہیں رکھتا۔ عدالتی احکامات اپنی جگہ موجود ہیں سو کیا یہ بہتر نہیں کہ جب ملک کے ہر صوبے میں ایک صوبائی اسمبلی ہے، ایک قومی اسمبلی ہے ایک سینیٹ ہے اگر اس نظام کی موجودگی میں بھی ایک صوبائی حکومت کو اپنی وفاقی حکومت کے خلاف سڑکوں پر نکلنے کی ضرورت پیش آ رہی ہے تو پھر انہیں اسمبلیوں میں بیٹھنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سمیت ان سب کو اسمبلیوں سے مستعفی ہو کر سیاست کرنی چاہیے کیونکہ یہ ثابت کر چکے کہ اسمبلیوں کا وجود بے معنی ہے۔ دوسری طرف پاکستان اور بیلا روس کے درمیان مختلف شعبوں میں دو طرفہ تعاون کے معاہدے طے پا گئے ہیں۔ پاکستان اور بیلا روس کے وزرائے خارجہ کی ملاقات میں دو طرفہ امور پر گفتگو کی گئی اور دونوں ممالک کے وزرائے خارجہ کی موجودگی میں پاکستان اور بیلا روس کے درمیان مختلف معاہدوں پر دستخط کیے گئے۔ بیلا روس کے صدر الیگزینڈر لوکا شینکو آج اسلام آباد پہنچ چکے ہیں۔ جبکہ بیلا روس کا اڑسٹھ رکنی وفد چھتالیس بڑی کاروباری شخصیات کے ساتھ اتوار کو اسلام آباد پہنچا تھا۔ وفاقی وزیر جام کمال کہتے ہیں کہ پاکستان میں بیلا روس کے ٹریکٹرز پائیداری اور مضبوطی کی علامت سمجھے جاتے ہیں اور یہاں مقامی مارکیٹ میں ان کی طلب بہت زیادہ ہے۔ پاکستان اور بیلاروس علاقائی تجارت اور ٹیکنالوجی کے فروغ کے لیے شنگھائی تعاون تنظیم میں شراکت دار بھی ہیں، پاکستان بیلاروس سے ٹیکنالوجی منتقلی اور مشترکہ منصوبوں میں سرمایہ کاری کا خواہاں ہے۔

جام کمال نے کہا کہ پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے توانائی، زراعت، آئی ٹی اور دیگر شعبے کھلے ہیں۔ بیلاروس کے صدر الیگزینڈر لوکاشینکو تین روز کے دورے پر اسلام آباد پہنچ گئے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے نور خان ائیربیس پر بیلاروس کے صدر کا استقبال کیا، بیلاروس کے صدر ستائیس نومبر تک پاکستان کا دورہ کر رہے ہیں۔ اس دورے سے پاکستان اور بیلاروس کے مابین تجارتی تعلقات مزید مضبوط ہو سکتے ہیں۔ پاکستان کی معیشت کو مضبوط بنانے کے لیے بھرپور تجارتی سرگرمیوں کی ضرورت ہے۔ ملک میں سیاسی قیادت کو اس انداز میں ضرور سوچنا چاہیے کہ اگر احتجاج اور سیاسی اختلافات کو ایک طرف نہیں رکھیں گے تو ملک کے مسائل حل نہیں ہوں گے اور معیشت مضبوط نہیں ہو گی، کوئی بھی نظام حکومت اس وقت تک ہی چل سکتا ہے جب تک اس کی افادیت باقی رہے اگر کسی نظام حکومت سے فائدے کے بجائے نقصان ہوتا رہے تو پھر منظر نامہ بدلنے میں دیر نہیں لگتی۔

آخر میں محسن نقوی کا کلام

میں نے دیکھا تھا ان دنوں میں اُسے
جب وہ کھلتے گلاب جیسا تھا
اس کی پلکوں سے نیند چھنتی تھی
اس کا لہجہ شراب جیسا تھا
اس کی زلفوں سے بھیگتی تھی گھٹا
اس کا رخ ماہتاب جیسا تھا
لوگ پڑھتے تھے خال و خد اس کے
وہ ادب کی کتاب جیسا تھا
بولتا تھا زبان خوشبو کی
لوگ سنتے تھے دھڑکنوں میں اسے
میں نے دیکھا تھا ان دنوں میں اُسے
ساری آنکھیں تھیں آئینے اس کے
سارے چہروں میں انتخاب تھا وہ
سب سے گھل مل کے اجنبی رہنا
ایک دریا نما سراب تھا وہ
خواب یہ ہے کہ وہ حقیقت تھا
یہ حقیقت ہے، کوئی خواب تھا وہ
دل کی دھرتی پہ آسماں کی طرح
صورتِ سایہ و سحاب تھا وہ
اپنی نیندیں اسی کی نذر ہوئیں
میں نے پایا تھا رتجگوں میں اُسے
یہ مگر دیر کی کہانی ہے
یہ مگر دور کا فسانہ ہے
اس کے میرے ملاپ میں حائل
اب تو صدیوں بھرا زمانہ ہے
اب تو یوں ہے کہ حال اپنا بھی
دشتِ ہجراں کی شام جیسا ہے
کیا خبر ان دنوں وہ کیسا

سارے ہی خدشات درست نکلے!

صدائے سحر
شاہد ندیم احمد
sadaaysehar@gmail.com

تحریک انصاف کا احتجاج ایک بار پھر ناکام ہو گیا، ایک بار پھر سارے ہی خدشات درست نکلے، لیکن اس کا ذمہ دار ایک دوسرے کو ٹھہرایا جا رہا ہے، ایک دوسرے پر ہی الزام لگایا جا رہا ہے، جبکہ اس نا اہلی پر ایک بار پھر عوام رُل گئے ہیں، ایک بار پھر عوام کی اُمیدوں پر پانی پھر گیا ہے، ہر بار ہی عوام کو اُمید لائی جاتی رہی ہے، ہر بار ہی عوام کو آزمائش میں ڈالا جاتا رہا ہے اور ہر بار ہی عوام کو تن تنہا چھوڑ کر قیادت کہیں روپوش ہوتی رہی ہے، اس بار بھی ایسا ہی کچھ ہوا ہے، عوام سے ساتھ نہ چھوڑنے کا حلف لینے والے خود ہی کہیں کھو گئے ہیں اور احتجاج کرنے والوں کو سیکورٹی اداروں کے رحم و کرم پر چھوڑ گئے ہیں، حکومت ان لوگوں پر مقدمات بنائے گی اور سیاسی انتقام کا نشانہ بھی بنائے گی، لیکن تحریک انصاف قیادت ان کے پیچھے آئے گی نہ ہی انہیں چھڑانے آئے گی، انہیں اپنے ناکردہ گناہوں کی سزا خود ہی بھگتنا پڑے گی۔

میں شک نہیں کہ اتحادی حکومت سے عام عوام بے زار ہو چکے ہیں اور اس سے نجات چاہتے ہیں، اس کیلئے جد و جہد کر رہے ہیں، بھرپور احتجاج بھی کر رہے ہیں، لیکن اس احتجاج کی قیادت کرنے والوں کے پاس کوئی موثر حکمت عملی نہیں ہے، اس کے باعث ہر بار ہی احتجاج ناکام ہو رہا ہے اور اس کی سب سے بڑی قیمت عام عوام دے رہے ہیں، یہ پہلے سڑکوں پر رل رہے ہیں اور اس کے بعد پابند سلاسل ہو کر سزائیں بھی بھگت رہے ہیں، عوام کب تک ایسی ہر آزمائش سے گزرتے رہیں گے اور کب تک ایسے ہی قربانیاں دیتے رہیں گے، عوام اب تھکنے لگے ہیں، آئے روز کی خواری سے بے زار ہونے لگے ہیں، اس کا حکومت اور اپوزیشن دونوں کو ہی احساس کرنا ہو گا، عوام پر رحم کرنا ہو گا اور مل بیٹھ کر سارے معاملات کا کوئی حل تلاش کرنا ہی ہو گا۔

اس طرح کب تک حکومت اور اپوزیشن دست گریباں رہیں گے اور کب تک ایسے ہی جگ ہنسائی کا باعث بنتے رہیں گے، اس سے ملک میں جہاں عدم استحکام بڑھتا جا رہا ہے، وہیں معیشت کا بھی برا حال ہوتا جا رہا ہے لیکن اس کی حکومت اور اپوزیشن دونوں کو ہی کوئی پرواہ نہیں ہے، اگر انہیں کوئی پرواہ ہوتی تو ایک دوسرے سے دست گریباں ہوتے نہ ہی عوام کو ذلیل و خوار کرتے، بلکہ ملک و عوام کی بہتری کیلئے کوئی اقدامات کرتے، لیکن ایسا کچھ بھی نہیں کیا جا رہا ہے، حکومت صبح و شام دعوے ہی کیے جا رہی ہے کہ ملک میں استحکام آ رہا ہے، معیشت بحال ہو رہی ہے، لیکن اس کے آثار کہیں بھی دکھائی نہیں دے رہے ہیں، ملک میں سرمایہ کاری ہو رہی ہے نہ ہی عوام کی زندگی میں کوئی تبدیلی آ رہی ہے، عوام کل بھی مہنگائی بے روزگاری سے دو چار تھے، عوام آج بھی مہنگائی بے روزگاری کا عذاب برداشت کر رہے ہیں۔

اس ملک میں تبدیلی تب ہی آئے گی، جب اہل سیاست اپنی روش بدلیں گے اور مقتدرہ ان کے سر پرستی چھوڑیں گے، اس کے بغیر ملک و عوام کی زندگی میں تبدیلی کا خواب ادھورا ہی رہے گا، یہ بات جانتے ہوئے بھی اہل سیاست اپنی روش بدل رہے ہیں نہ مقتدرہ کی سر پرستی سے نکل رہے ہیں، بلکہ اس کے رحم و کرم پر ہی رہنا پسند کر رہے ہیں اور اس کے ہی اشاروں پر چل رہے ہیں، اس کا نہ صرف سارا بوجھ اُٹھا رہے ہیں، بلکہ اس کو راضی رکھنے کیلئے اپنا سب کچھ داؤ پر بھی لگا رہے ہیں، اگر اس میں حکومت دو قدم آگے ہے تو اپوزیشن بھی کچھ پیچھے نہیں جا رہی ہے، وہ بھی ایک پیج پر آنے کیلئے اپنا ہر احتجاج داؤ پر لگا رہی ہے، اس بار بھی ایسا ہی کچھ کیا گیا ہے، اس لیے ہی مانسہرہ نکلنے کا راستہ دیا گیا ہے، لیکن اس میں بے چارے احتجاج کرنے والوں کا کیا قصور ہے کہ ان کو ہی آزمائش میں ڈالا جا رہا ہے، ان کو ہی بار بار رگڑا لگایا جا رہا ہے، ان کی ہی زندگی کو عذاب بنایا جا رہا ہے۔

تحریک انصاف کے کارکنان کو سوچنا ہو گا اور ان کا ساتھ دینے والوں کو بھی دیکھنا ہو گا کہ اُن کے ساتھ کونسا کھیل کھیلا جا رہا ہے، عوام باشعور ہیں اور جلد ہی جان جاتے ہیں کہ انہیں کون استعمال کر رہا ہے اور کون سر راہ چھوڑ کر بھاگ رہا ہے، عوام جس طرح آزمائے کے چنگل سے نکلے ہیں، اس طرح بھگوڑوں کے سحر سے بھی نکلنا ہو گا، کیونکہ یہ سب بکے ہوئے ہیں، دوغلی پالیسی کی راہ پر چلے ہوئے ہیں، یہ وکٹ کے دونوں ہی اطراف کھیل رہے ہیں اور بانی پی ٹی آئی کو بھی گہری دلدل میں دھکیل رہے ہیں، یہ بانی پی ٹی آئی کو رہائی دلانا چاہتے ہیں نہ ہی پارٹی کو آگے چلانا چاہتے ہیں، یہ پارٹی پر پابندی لگوا کر چھوڑیں گے اور اپنے مخالف کا ایجنڈا پورا کروا کر ہی چھوڑیں گے، بانی پی ٹی آئی کو اپنی سیاسی حکمت عملی بارے جہاں سوچنا ہو گا، وہیں اپنی دوغلی قیادت کو بھی بدلنا ہو گا، اگر ایسا نہ کیا گیا تو ان کی شہرت و مقبولیت کسی کام آئے گی نہ ہی پارٹی اقتدار میں آ پائے گی، کیونکہ اُن کے اپنے ہی اغیار سے مل کر انہیں مات دینے کا باعث بن جائیں گے، اس طرح سارے ہی خدشات پورے ہو جائیں گے کہ جن کے بارے بار ہا اظہار کیا جاتا رہا ہے۔

کاش معاملات یہاں تک نہ پہنچتے



nusrat.javeed@gmail.com

سرکار مائی باپ نے ہمارے اذہان کو مفسد خیالات سے محفوظ رکھنے کے لئے گزشتہ کئی مہینوں سے ان دنوں ایکس کہلاتے ٹویٹر پر پابندی لگا رکھی ہے۔ میں کئی برسوں سے یہ پلیٹ فارم استعمال کرنے کی علت میں مبتلا ہوں۔ ڈالروں کی ادائیگی سے اپنے اکاؤنٹ کو مستند بھی بنوالیا تھا۔ سرکار نے ٹویٹر کو لیکن مستقلاً بند بھی نہیں کیا۔ کبھی کبھار اس تک رسائی ممکن بنادی جاتی ہے۔ جب ایسا ہوتا ہے تو میں بچوں کی طرح مچل جاتا ہوں۔ دھڑا دھڑ دور حاضر کے انقلابیوں سے برا بھلا سننے کے لئے سوالات اٹھاتا رہتا ہوں۔

گزرے ہفتے یا اتوار کی شب مگر دل و دماغ فکر مند ہونا شروع ہو گئے۔ ملکی سیاست کے دیرینہ شاہد کو شدت سے احساس ہونے لگا کہ عمران خان صاحب کی اہلیہ محترمہ بشریٰ بی بی کی جانب سے خیبرپختونخوا سے اسلام آباد کی طرف یلغار کی طرح رخ کرتے قافلے کی قیادت سنبھال لینا ایک اہم واقع ہے۔ ان کے مذکورہ قافلے میں ہوتے ہوئے علی امین گنڈا پور کے لئے ممکن نہیں رہا کہ وہ اپنے ہمراہ آئے قافلے کو غچہ دے کر اسلام آباد تنہا پہنچ جائیں اور وہاں سے گزرے ماہ کے پہلے دن کی طرح "غائب" ہو جائیں۔ بشریٰ بی بی نے خیبرپختونخوا سے آئے قافلے کی قیادت سنبھال لی ہے تو اسے اب ہر صورت اسلام آباد آنا ہو گا۔

یہ سوچتے ہوئے ذہن میں سوال یہ اٹھا کہ بشریٰ بی بی کی قیادت میں پشاور سے چلا کارروان اسلام آباد داخل ہو گیا تو پھر کیا ہو گا۔ نہایت عاجزی سے اعتراف کرتا ہوں کہ کئی گھنٹوں تک سوچنے کے باوجود میں کوئی معقول منظر نامہ سوچنے میں ناکام رہا۔ میری خوش قسمتی کہ ٹویٹر اس وقت کام کر رہا تھا۔ نہایت اخلاص سے میں نے ذہن پر مسلط ہوئے سوال کو اپنے ٹویٹر اکاؤنٹ پر پوسٹ کر دیا۔ انگریزی کی ایک اصطلاح ہے -End Game- شطرنج کے کھیل سے مستعار لی گئی ہے۔ مطلب اس کا یہ جاننا ہوتا ہے کہ دو فریقین کے مابین مقابلے کی صورت کوئی ایک فریق کونسا مہرہ کہاں پہنچا کر بالآخر کیا حاصل کرنا چاہ رہا ہے۔

بشریٰ بی بی کو عمران خان ہمیشہ ایک "گھریلو خاتون" ٹھہرانے کو مصر رہے۔ وہ نامحرموں سے اجتناب برتتی پردہ دار خاتون کی شناخت اپنائے ہوئے تھیں۔ عمران خان کی اجازت و مشاورت کے بغیر ان کا پشاور سے اسلام آباد کی جانب روانہ ہوئے قافلے کی قیادت سنبھالنا ممکن ہی نہیں تھا۔ سوال لہٰذا یہ اٹھانا لازمی تھا کہ ایک "گھریلو خاتون" کو ایک سیاسی معرکے کے درمیان اتار کر درحقیقت عمران خان کس نوع کی "اینڈ گیم (End Game)" کی جانب بڑھ رہے ہیں۔ میں اپنے تئیں اس سوال کا جواب ڈھونڈنے میں ناکام رہا تو ٹویٹر پر چھائے انقلابی دانشوروں سے رجوع کو مجبور ہوا۔

عاجزی اور اخلاص سے پوچھے میرے سوال کے جوابات آئے تو میں نے اپنا سر پکڑ لیا۔ مجھے بتایا گیا کہ بشریٰ بی بی ہر رکاوٹ توڑ کر ایک بڑے ہجوم کے ساتھ اسلام آباد کے ڈی چوک پہنچ گئیں تو حکومت کے لئے عمران خان کو اڈیالہ جیل میں مقید رکھنا ناممکن ہو جائے گا۔ منطقی انداز سے سوچیں تو یہ ایک معقول جواب تھا۔ عمران خان کی اسلام آباد پر یلغار کی بدولت رہائی کے بعد کے جو منظر نامے بتائے گئے انہوں نے مجھے بے تحاشہ ایسے اقدامات یاد دلائے جو امام خمینی کے 1979ء میں تہران لوٹنے کے بعد کئی برسوں تک ایران میں "انقلابی نوجوانوں" کی جانب سے دنیا کو دہلانے کی حد تک سامنے آتے رہے۔

انگریزی کی ایک اور ترکیب ہے:Wish List۔ سادہ لفظوں میں اسے کسی شخص کی جانب سے مرتب ہوئی خواہشات کی فہرست کہا جا سکتا ہے۔ اپنی آسانی کے لئے اسے ہم "فہرست خواہشات" پکار لیتے ہیں۔ سوشل میڈیا پر چھائے اپنے نوجوان انقلابیوں کی "فہرست خواہشات" پر توجہ دی تو میرا دل کانپ گیا۔ یہ سوچنے کو مجبور ہوا کہ ہماری ریاست کے دائمی اداروں بھی عاشقان عمران کی اس فہرست خواہشات سے بخوبی آگاہ ہوں گے۔ اسے ذہن میں رکھتے ہوئے ہاتھ پہ ہاتھ دھرے تو بیٹھے نہیں رہیں گے۔

اس پہلو پر غور کرتے ہوئے پیر کی صبح اٹھتے ہی جو کالم لکھا اس میں بشریٰ بی بی کی جانب سے "کاروان انقلاب" کی قیادت سنبھالنے کے بعد ممکنہ نتائج ٹٹولنے کی کوشش کی۔ جو سوالات ذہن میں آئے برجستہ لکھتا چلا گیا۔ بالآخر یہ کہتے ہوئے کالم ختم کر دیا کہ ریاست کے طاقتور حلقوں کو پشاور سے اسلام آباد آئے قافلے سے نبرد آزما ہونے کے لئے اب "کچھ نیا" کرنا ہو گا۔ پیر کی سہ پہر پانچ بجے کے قریب اپنے متحرک صحافی دوستوں کی مدد سے یہ طے کر لیا کہ اب کی بار پشاور سے آئے قافلے کو اسلام آباد آنے سے روکنا پولیس اور رینجرز کے لئے ممکن نہیں رہا۔ رات 8 بجے تک دوستوں کے ساتھ یہ طے کرنے کی مشق جاری رکھی کہ اسلام آباد داخل ہونے کے بعد پشاور سے چلا قافلہ ڈی چوک پہنچ پائے گا یا نہیں؟ مذکورہ سوال کا جواب ڈھونڈتے ہوئے تین باخبر اور متحرک ساتھیوں کی مدد سے دریافت یہ ہوا کہ اعلیٰ ترین ریاستی اور حکومتی سطح پر یہ فیصلہ کر لیا گیا ہے کہ پشاور سے بشریٰ بی بی کی قیادت میں آئے قافلے کو "ہر صورت" اسلام آباد کے سری نگر ہائی وے سے شہر میں داخلے کے بعد G-11 کے سیکٹر تک محدود کر دیا جائے گا۔

پی ڈی ایم کے ابتدائی ایام میں 2021ء کے برس مولانا فضل الرحمن کی قیادت میں اسلام آباد آئے قافلے کو بھی اسی مقام تک محدود کر دیا گیا تھا۔ جن دوستوں سے بات ہوئی وہ ہر اعتبار سے میرے لئے قابل اعتماد تھے۔ ان کی بات سنی تو یہ کہتے ہوئے دوستوں کو حیران کر دیا کہ پولیس اور رینجرز کے علاوہ اب فوج بھی اسلام آباد میں داخل ہوئے قافلے پر قابو پانے کے لئے متحرک کر دی جائے گی۔ یہ کہنے کے بعد گھر آ گیا اور نیند کی گولی لے کر گہری نیند سو گیا۔ صبح اٹھ کر سرہانے رکھے ٹی وی کا ریموٹ دبایا تو چیختی چنگھاڑتی "بریکنگ نیوز" بتا رہی تھی کہ اسلام آباد میں آئین کی شق 245 لاگو کر دی گئی ہے۔ یقین مانیں اپنا خدشہ درست ثابت ہونے پر فخر محسوس نہیں کر رہا۔ نہایت فکرمندی سے بلکہ سوچ رہا ہوں کہ کاش معاملات یہاں تک نہ پہنچتے۔

احتجاج کی آڑ میں ملک دشمنی!

تحریر
حیدر علی

یوں تو وطن عزیز کی سات دہائی میں کئی نشیب و فراز آئے۔ کئی دفعہ ناپاک دشمن نے اس جنت نظیر وطن کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی لیکن الحمدللہ پاکستان کی چٹان صفت مسلح افواج، حکومت، عوام سب نے یکجاں ہو کر ہمیشہ دشمن کو ناکوں چنے چبوائے۔ 65ء کی جنگ اتحاد اتفاق یکجاں قوم کی زندہ مثال ہے جب اپنے سے کئی گناہ بڑے دشمن کو پاکستان نے شکست فاش سے دوچار کیا تھا۔ آج بھی اس وقت مادر وطن کیلئے قوم کی یگانگت کو یاد کرتے ہوئے آنکھیں بھیگ جاتی ہیں اور دل سے دعا نکلتی ہے کہ "یا رب اس پاک وطن کی غیور قوم، پاک فوج، حکومت پاکستان سمیت پورے ملک کی یگانگت کو ہمیشہ قائم و دائم رکھنا اور اس پاک دھرتی کے دشمنوں کو ہمیشہ ناکام و نامراد رکھنا" یہ دعا کسی ایک پاکستانی کی نہیں بلکہ 65 کی جنگ کے ہیرو، ہمارے بزرگ، ماؤں بہنوں سمیت پوری غیور قوم کی دعا ہے۔ گزشتہ چند سالوں سے وطن عزیز میں ایک عجیب کلچر پروان چڑھا جس میں نہ کسی کی عزت محفوظ رہی نہ دستار سیاسی احتجاج کی آڑ میں ایسی ایسی واہیات گفتگو کی گئی کہ انسانیت بھی شرما جائے۔ ایک سیاسی جماعت نے نوجوانوں کو بجائے اخلاقیات کے بدتمیزی کا ایسا درس دیا کہ بڑے بڑے معزز سیاستدان اور قومی ہیرو بھی ان کا شکار ہوئے۔ ایک انسان سے ملک نہیں بلکہ ہم سب سے یہ ملک ہے۔ اس جماعت نے 2013ء میں دھرنوں کا آغاز کیا تو اداروں پر حملے کیے معزز ایوان سمیت کئی ملکی عمارتوں پر چڑھائی کی۔ پھر جب پاکستان کے سدابہار دوست اور عظیم ہمسایہ ملک چین کے صدر نے پاکستان کا دورہ کرنا تھا تو تب بھی اس جماعت نے خوب واویلا اور شور مچایا جس کی وجہ سے معزز مہمان تاخیر سے پاکستان تشریف لائے۔ بعد ازاں جب اقتدار میں آئے تو تمام سیاسی جماعتوں اور ان کے قائدین کو جیلوں میں ڈال دیا اور جب اپنی باری آئی تو ملک دشمنی میں اس حد تک گر گئے کہ جس کی وجہ سے پاکستان کی تاریخ کا سیاہ ترین دن 9 مئی کا واقعہ رونما ہوا۔ احتجاج سب کا جمہوری حق ہے لیکن احتجاج کے بھی کوئی قاعدے اور قانون ہوتا ہے یہ نہیں کہ اپنے قومی ہیروز اور شہداء کی بے حرمتی کی جائے 9 مئی کو پاکستانی شہداء کی یادگاروں کیساتھ جو سلوک کیا گیا وہ ملک دشمنی سے بھی بڑھ کر تھا اتنا نقصان تو ملک دشمنوں نے بھی نہیں کیا جتنا اس جماعت نے اخلاقی اور احتجاجی سیاست میں پاکستان کا نقصان کیا۔ اس حوالے سے گزشتہ روز سینیٹر طلال چوہدری نے بڑی خوبصورت بات کی کہ پاکستان کے اداروں اور اسلام آباد پر دھاوا کہاں کی محب وطنی ہے؟ اور گزشتہ روز جو بیان بشریٰ بی بی نے پاکستان کے دوست ملک سعودی عرب کے حوالے سے دیا ہے کیا یہ بھی محب وطنی ہے؟ سینیٹر طلال چوہدری نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ بڑی دیر سے ملک کا تماشا بنا رہے ہیں، جب سے یہ جوڑی بنی ہے پاکستان کی سیاست اور گورننس کو اپنے مفاد کیلئے تہہ و بالا کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ کے حوالے سے کہا کہ پی ٹی آئی کی حکومت کے دوران پنجاب میں پنکی گوگی کا راج تھا، ہر چیز کی سودے بازی تھی، پوسٹنگ، ٹرانسفر کے ریٹس مقرر تھے، ایک منڈی لگائی جاتی تھی جس کو پنکی اور گوگی چلاتی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ نہ صرف پنجاب بلکہ وفاق میں بھی شوہر کے وزیر اعظم ہوتے ہوئے عہدے کا ناجائز استعمال کیا جاتا رہا، کبھی ہیرے کی انگوٹھیاں، پلاٹ اور زمینوں کے سودوں سمیت 190 ملین پاؤنڈ کھانے کیلئے یونیورسٹی کا جھانسا دیا گیا۔ جب پی ٹی آئی حکومت میں تھی تو انہوں نے پنجاب اور وفاق میں جو کھیل کھیلا وہ سب کو معلوم ہے۔ اس وقت پی ٹی آئی کی سیاست غیر سیاسی لوگوں کے ہاتھ میں ہے، پہلے چند وکلاء نے ان کی سیاست کو تباہ کیا اور اب چند گھریلو خواتین کے ہاتھ میں پی ٹی آئی کی باگ ڈور ہے، خواتین پارٹی پر قبضے کیلئے نئے سے نئے کھیل کھیلنا شروع ہو چکی ہیں۔ اس وقت اس جماعت کا خصوصی نشانہ وہ دوست ممالک ہیں جو مشکل ترین حالات میں پاکستان کی مدد کرتے ہیں۔ اسی پارٹی کے بانی نے چین اور ان کے دیئے گئے پراجیکٹس پر کرپشن پر الزام لگایا، صرف اس لئے کہ چین سے تعلقات خراب ہوں، بعد ازاں اس پر معافی بھی مانگی۔ اسی طرح سعودی عرب ہر مشکل وقت میں پاکستان کے ساتھ کھڑا ہوتا، جان بوجھ کر اس کو نشانہ بنایا جاتا ہے، پہلے افضل مروت نے یہ بیان دیا اور یہ بیان بانی سے ملاقات کے بعد دیا تھا اور اب ان کی گھر والی اور جانشین نے بیان دیا ہے۔ اور سب سے بڑھ کر جب پاکستان کے دوست ملک صدر اب پھر وطن عزیز پاکستان کا دورہ پر ہیں ایسے میں حالات خراب کرنا سب سے بڑی ملک دشمنی ہے۔ آج وقت کا تقاضا ہے کہ تمام سیاسی جماعتیں اس بے بنیاد اور ایسے حساس موقع پر احتجاج کی حوصلہ شکنی کریں۔ عوام کب تک احتجاج احتجاج میں پھنسے رہیں گے۔ اب احتجاجوں کی ضرورت نہیں عوام کو ریلیف چاہیے اور ریلیف تب ملے گا جب یہ فتنہ پرور سیاسی بتوں کا مکمل بائیکاٹ کیا جائیگا۔ عوام نے تو 8 فروری کو انہیں مسترد کر دیا ہے لیکن سیاسی ایوانوں سے بھی مکمل طور پر ان کا بائیکاٹ ضروری ہے ورنہ یہ احتجاجی سیاست ملک کو مزید انتشار کی جانب لے جائے گی۔

ایران اور اسرائیل کے بیچ شام!



atsohail@gmail.com

غزہ اور لبنان دونوں کی شہری آبادی کا قتل عام جاری ہے اور غیر متناسب مزاحمت بھی۔ دونوں علاقوں میں شہید ہونے والوں کی اوسط روزانہ تعداد دو سو ہے۔ سو کے لگ بھگ لبنان میں اور اس سے زیادہ غزہ میں شہید ہو رہے ہیں۔ کل یعنی 25 تاریخ کو چھ اسرائیلی فوجی لبنان میں اور اتنے ہی غزہ میں مارے گئے۔ جنوبی لبنان میں حزب اللہ نے 6 اسرائیلی ٹینک تباہ کئے اور اس سے کچھ کم گاڑیاں غزہ میں حماس والوں نے تباہ کیں۔

اسرائیل جنوبی لبنان میں پیش قدمی کر رہا ہے۔ جنوبی لبنان کے علاقے البیاضہ پر کم و بیش اسرائیل کا قبضہ مکمل ہو چکا ہے اور ڈونلڈ ٹرمپ کے امریکی صدارت کا حلف اٹھانے کے موقع پر مغربی کنارے کو اسرائیل کا حصہ بنائے جانے کا اعلان پہلے ہی آ چکا ہے۔ اسرائیل اپنے رقبے میں مسلسل اضافہ کر رہا ہے اور لگتا ہے، جب بھی جنگ بندی ہو گی تو اسرائیل ان علاقوں سے واپس نہیں ہو گا۔ امریکہ یورپ اس بات پر جشن منائیں گے کہ دیکھو، ہم نے بالآخر جنگ بندی کرا دی۔

ایک محاذ شام میں کھلا ہے جہاں دو برس کے دوران اسرائیل نے سینکڑوں حملے ایرانی اہداف پر کئے ہیں۔ ان حملوں میں ہلاکتوں کی تعداد ہزاروں میں ہے۔ لوگوں کو یہ بات عجیب معلوم ہوتی ہے کہ شام ایران کا اتحادی ہے لیکن اس نے ایک بھی شامی حملے کا جواب نہیں دیا اور عجیب تر یہ بھی ہے کہ اسرائیل نے ایک بھی حملہ شام کی فوجی تنصیبات یا چوکیوں پر نہیں کیا۔ اس کے حملوں کا ہدف صرف ایران اور حزب کے اڈے ہوتے ہیں۔ کچھ شامی فوجی اگر ان حملوں میں مارے گئے تو اس لئے کہ وہ ایرانی اڈوں کے اندر یا بالکل پاس موجود تھے۔

یہ عقدہ صرف انہی لوگوں کیلئے عقدہ نہیں ہے جنہیں 2011ء کے واقعات یاد ہیں۔ مارچ 2011ء میں شامی حکومت کے خلاف بغاوت شروع ہوئی تھی۔ دمشق کے قریب ایک قصبے میں بچوں نے دیوار پر "حریت" یعنی آزادی کا لفظ لکھا۔ شام کی فوج نے کئی درجن بچے گرفتار کر لئے اور ان دونوں ہاتھوں کی انگلیاں کاٹ دیں۔ اس پر بغاوت پھوٹ پڑی اور ایک سال کے اندر اندر صورتحال یہ ہو گئی کہ بشاری فوج کا کنٹرول صرف دس فیصد شامی رقبے پر رہ گیا بلکہ اس سے بھی کم۔ دمشق اور لاذقیہ کے سوا تمام شہر باغیوں کے قبضے میں چلے گئے۔ اسی دوران داعش نمودار ہوئی اور اسی نے باغیوں پر زوردار حملے کر کے مشرق میں ایک تہائی شام پر قبضہ کر لیا۔ اب بھی باغیوں کے پاس 60 فیصد رقبہ تھا۔ انہی دنوں ایرانی حکومت نے بیان جاری کیا کہ دمشق کا سقوط ہوا تو اسرائیلی وجود خطرے میں پڑ جائے گا۔ بیان کا مدعا یہ تھا کہ اسرائیل کچھ کرے اور باغیوں کیخلاف فوج اتارے لیکن اسرائیل میدان میں نہیں آیا۔ پھر جب خبریں آنا شروع ہوئیں کہ دمشق کا سقوط ہفتوں کی نہیں دنوں کی بات ہے تو جیسے ریموٹ کنٹرول کا بٹن دب گیا۔ امریکہ، برطانیہ فرانس روس اور ایران کی فضائیہ نے شام پر بمباری شروع کر دی اور ایران نے دسیوں ہزار فوج شام میں اتار دی۔ باغیوں کے قبضے سے شہر نکلنے لگے لیکن سب سے بڑے شہر الیپو (حلب) پر بدستور باغیوں کا قبضہ تھا اور وہاں ان کا دفاع بہت مضبوط تھا۔ اس بغاوت کی قیادت اخوان المسلمون کے عناصر کر رہے تھے اس لئے تمام عرب ممالک، اور ایران کے ساتھ ساتھ ترکی کی حکومت بھی پریشان تھی جو اخوان کو خطرہ سمجھتی تھی۔ شام پر اخوان کے قبضے کا مطلب یہ تھا کہ ترکی میں بھی اخوانی سوچ کے لوگوں کی حوصلہ افزائی ہو سکتی ہے۔ نیز ترکی اسرائیل کا پرانا دوست ملک ہے۔ طیب اردگان کے دور حکومت میں یہ دوستی اور مضبوط ہو گئی اور دونوں ممالک کی باہمی تجارت میں دوگنے سے بھی زیادہ اضافہ ہو گیا۔ ادلیب پر زبردست بمباری کے باوجود باغیوں کا قبضہ نہ چھڑایا جا سکا تو ترکی سے مدد لی گئی۔ ترکی حکومت باغیوں کی ہمدرد اور غمگسار بن کر سامنے آئی اور اس نے مزاحمتی قیادت کو یہ یقین دلایا کہ تم الیپو خالی کر دو، ہم باقی علاقے پھر سے واپس لینے میں تمہاری مدد کریں گے۔ تحریک مزاحمت فریب میں آ گئی۔ اس کے باغی الیپو سے نکل گئے اور اس کے بعد زینبی دستوں نے شہر میں قتل عام شروع کر دیا۔ چند ہی روز میں ایک لاکھ شہری قتل کیے گئے جن میں اکثریت دس سال سے کم بچوں کی تھی۔ یوں شام میں ایران کا عمل دخل بلکہ کنٹرول مستحکم ہو گیا۔

اسرائیل خاموش تماشائی بھی تھا اور شامی عوام کے قتل عام میں ملوث تمام فریقوں کا خاموش اتحادی بھی۔ جب باغی شمال مغربی شام کے محض ایک صوبے ادلیب (بشمول کچھ ملحقہ صوبوں کے مختصر رقبے کے) تک محدود ہو گئے اور مشرق میں داعش بھی ختم کر دی گئی تو اسرائیل نے مطالبہ کیا کہ اب ایرانی فوج کے شام میں رہنے کی ضرورت نہیں، وہ واپس چلی جائے۔ لیکن ایران نے اپنی فوج نہیں نکالی۔ کہا جاتا ہے کہ ایران کی نظر شام کے راستے سے ہو کر "اردن" پر تھی۔ اس وقت بعض لوگوں کا خیال تھا کہ ایران آسانی سے اردن پر قبضہ کر سکتا ہے اور وہاں سے سعودی عرب پر دباؤ بڑھایا جا سکتا ہے۔ یہ صورتحال اسرائیل کیلئے قابل قبول نہیں تھی۔ وہ اردن کے ہاشمی خاندان کی حکمرانی کو گریٹر اسرائیل کا ایک جزو سمجھتا ہے۔ وہ کسی قیمت پر بھی اردن کو خطرہ لاحق ہوتے ہوئے نہیں دیکھ سکتا۔

قوت
SPORTS
PAKISTAN
PAKISTAN

چیمپئنز ٹرافی بھارت ٹورنامنٹ منتقل کروانے کیلئے ہر حد تک گرنے کو تیار

انڈین کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) اپنے میڈیا کے ذریعے پاکستان سے چیمپئنز ٹرافی چھیننے اور ملک میں سیکیورٹی کے بہانے کو صحیح ثابت کرنے کیلئے دارالحکومت اسلام آباد میں جاری مظاہروں کا جواز پیش کرنے لگا

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میڈیا چیمپئنز ٹرافی کو پاکستان سے منتقل کروانے اور ہائبرڈ ماڈل پر لانے کیلئے ہر حد تک جانے کو تیار ہوگیا۔ انڈین کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) اپنے میڈیا کے ذریعے پاکستان سے چیمپئنز ٹرافی چھیننے اور ملک میں سکیورٹی کے بہانے کو صحیح ثابت کرنے کیلئے دارالحکومت اسلام آباد میں جاری مظاہروں کا جواز پیش کرنے لگا۔ بھارت کی اپنی ریاستوں ناگالینڈ اور میزورام میں علیحدگی پسند تحریکوں اور اتر پردیش میں مسلمان مخالف اقدامات کے باعث فسادات سے انٹرنیشنل میڈیا کی نظر ہٹانے کیلئے پاکستان میں سیاسی احتجاج کو چیمپئنز ٹرافی کی میزبانی سے جوڑ کر ٹیموں کیلئے خطرہ بتارہا ہے۔ بھارتی میڈیا نے اپنی رپورٹ میں کہا کہ پاکستان میں ٹورنامنٹ کی حتمی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے آئی سی سی کا وفد دورہ کرے گا تاہم سیاسی جماعت کے احتجاج کی وجہ سے دورہ ملتوی ہوسکتا ہے جبکہ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل کی جانب سے ایسی کوئی بات نہیں کی گئی، البتہ میڈیا پروپیگنڈا پھیلا رہا ہے۔ آئی سی سی کے وفد کے دورہ پاکستان کی تاریخوں کا اعلان بھی نہیں ہوا جبکہ دونوں کے درمیان اس حوالے سے کوئی باضابطہ بات چیت بھی نہیں کی گئی ہے۔

پشاور: ہیپی ڈے سکول سسٹم میں سالانہ سپورٹس ویک تقریب میں مہمان خصوصی ڈائریکٹر قیوم اسٹیڈیم سید داؤ بخاری اور پرنسپل کا کھیلوں کے موقع پر طلباوطالبات کیساتھ گروپ فوٹو۔

پاکستان کرکٹ ٹیم بار بار بڑی غلطی دہرا رہی ہے‘ عبدالرؤف

پچ کو درست طور پر پڑھا نہیں جاسکا، جہاں پر آپ کو اسپنرز کھلانے تھے وہاں سارے پیسرز کو کھلایا گیا



لاہور (این این آئی) سابق کرکٹر عبدالرؤف نے کہا کہ غلطی کو بار بار نہیں دہرانا چاہیے اور پاکستان کی جانب سے بار بار ایک ہی غلطی دہرائی جارہی ہے۔ ایک انٹرویو میں ان کا کہنا تھا بنگلہ دیش کیخلاف پاکستان کو جو شکست ہوئی وہاں پر بھی غلطی ہوئی، پچ کو درست طور پر پڑھا نہیں جاسکا، جہاں پر آپ کو اسپنرز کھلانے تھے وہاں سارے پیسرز کو کھلایا گیا اور بنگلہ دیش کے خلاف آپ کو وائٹ واش ہونا پڑا۔ پاکستان کے سابق کرکٹر کا ٹیم کی غلطیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے کہنا تھا کہ زمبابوے کے خلاف بھی آخری ون ڈے میں بھی وہی غلطی دہرائی گئی جہاں پر اسپنرز کھلانے تھے وہاں پر آپ نے ایکسٹرا فاسٹ بولر ڈال دیا۔ عبدالرؤف نے کہا کہ پاکستان سے اچھے ٹورنامنٹس میں بھی بلنڈر رہوتا رہا، ایشیا کپ میں بھی غلطی کی گئی، ون ڈے ورلڈکپ میں بھی غلطیوں پر غلطیاں ہوتی رہیں، ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ میں بھی ایسا ہی ہوا۔ انھوں نے کہا کہ زمبابوے کے خلاف آخری ون ڈے میں بھی وہی ہوا، میرے خیال میں اسکو بار بار دہرانا نہیں چاہیے۔ پاکستان کو اپنے فرسٹ کلاس کرکٹ پر فوکس کرنا چاہیے۔ سابق کرکٹر کا کہنا تھا کہ جب آپ فرسٹ کلاس کرکٹ کھیلیں گے تو آپ کو 300 اور 400 رنز کے ہدف کا تعاقب کرنا آئے گا، پریکٹس سے پلیئرز کی گرومنگ اچھی ہوگی۔ بہت زیادہ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ کی وجہ سے آپ کو 140 سے 180 رنز کے درمیان ہدف کے تعاقب کی عادت پڑ چکی ہے، جہاں پر رنز 250 سے اوپر چلے جاتے ہیں تو ٹیم پریشر میں ساری وکٹیں گنوا بیٹھتی ہے۔

احمد دانیال اور شاہنواز دھانی زمبابوے کیخلاف جاری ون ڈے سیریز سے باہر

ہرارے (این این آئی) پاکستان کے فاسٹ بولر احمد دانیال اور شاہنواز دھانی زمبابوے کے خلاف جاری ون ڈے سیریز سے باہر ہو گئے۔ احمد دانیال کو ہمسٹرنگ انجری کا سامنا جبکہ شاہنواز دھانی کو ٹریننگ کے دوران بائیں ٹخنے میں چوٹ لگی ہے۔ ان دونوں کی جگہ عباس آفریدی اور جہانداد خان شامل کو پاکستان کے اسکواڈ میں شامل کیا گیا ہے۔ دونوں بولاوایو پہنچ کر جمعرات کو سیریز کے فیصلہ کن میچ میں سلیکشن کے لیے دستیاب ہوں گے۔ عباس آفریدی اور جہانداد خان ٹی ٹوئنٹی اسکواڈ کا بھی حصہ ہیں۔ زمبابوے کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز میں احمد دانیال کی جگہ عامر جمال کو ٹیم میں شمول کرلیا گیا ہے۔ انجری کا شکار احمد دانیال اور شاہ نواز دھانی پاکستان واپسی کے لیے روانہ ہوجائیں گے۔

دوران میچ گیند لگنے سے آسٹریلوی کرکٹر کی ہلاکت کا دسواں سال، گراؤنڈ میں جذباتی مناظر

کینبرا (این این آئی) آسٹریلوی ٹیسٹ کرکٹر فلپ ہیوز کی دوران میچ گیند لگنے سے ہلاکت کے واقعے کو 10 برس بیت گئے۔ آج سے 10 برس قبل (2014) میں سڈنی میں فلپ ہیوز کو شیفلڈ شیلڈ کے میچ میں شین ایبٹ کی گیند سر پر لگی تھی جس کے باعث وہ جان کی بازی ہار گئے تھے۔ آج فلپ ہیوز کی یاد میں شیفلڈ شیلڈ کے نیو ساؤتھ ویلز اور تسمانیہ کے میچ میں کھلاڑیوں نے ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی۔ اس دوران سڈنی کرکٹ گراؤنڈ میں جذباتی مناظر دیکھنے میں آئے کیونکہ اسی گراؤنڈ میں فلپ ہیوز کو سر پر شین ایبٹ کی گیند لگی تھی۔ سڈنی کرکٹ گراؤنڈ میں خراج عقیدت پیش کرنے والوں میں شین ایبٹ بھی شامل تھے۔

افغانستان نے پاکستان کو ہرا کر انڈر 19 سیریز جیت لی

میچ میں افغانستان نے 250 رنز اسکور کیے تھے جبکہ پاکستانی ٹیم 48 اوورز میں 229 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی

دبئی (این این آئی) افغانستان نے پاکستان کو ہرا کر انڈر 19 سیریز اپنے نام کرلی۔ فائنل میں افغانستان نے پاکستان کو 21 رنز سے شکست دی۔ میچ میں افغانستان نے 250 رنز اسکور کیے تھے جبکہ پاکستانی ٹیم 48 اوورز میں 229 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ دبئی کی آئی سی سی کرکٹ اکیڈمی میں کھیلے گئے فائنل میں افغانستان نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 250 رنز اسکور کیے۔ برکت اللہ نے 79 اور نازیف اللہ نے 56 رنز اسکور کیے، دونوں کھلاڑیوں کے درمیان 130 رنز کی شراکت بھی ہوئی۔ پاکستان کے علی رضا اور عبدالسبحان نے 3،3 وکٹیں حاصل کیں جبکہ جواب میں پاکستانی ٹیم 229 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ افغانستان نے پاکستان کو ہرا کر انڈر 19 سیریز اپنے نام کرلی۔ فائنل میں افغانستان نے پاکستان کو 21 رنز سے شکست دی۔ میچ میں افغانستان نے 250 رنز اسکور کیے تھے۔

پرتھ ٹیسٹ، بمرا کا سامنا نہ کرنے پر عثمان خواجہ تنقید کی زد میں

بطور سینئر پلیئر میں عثمان خواجہ کو نئے کھلاڑی سے یہ کہتے سننا پسند کرتا کہ پہلے مجھے اسٹرائیک لینے دو‘ گفتگو

پرتھ (این این آئی) آسٹریلوی اوپنر عثمان خواجہ بھارت کے فاسٹ بولر جسپریت بمرا کا سامنا نہ کرنے پر تنقید کی زد میں آگئے۔ پرتھ میں کھیلے گئے پہلے ٹیسٹ کی دوسری اننگز میں عثمان خواجہ نے جسپریت بمرا کا سامنا کرنے کیلئے نئے بیٹر ناتھن میک سوینی کو اسٹرائیک پر بھیج دیا تھا، جس پر سابق کرکٹرز روی شاستری اور مائیکل وان نے انھیں شدید تنقید کا نشانہ بنایا۔ سابق انگلش کمنٹیٹر مائیکل وان کا کہنا تھا کہ بطور سینئر پلیئر "میں عثمان خواجہ کو نئے کھلاڑی سے یہ کہتے سننا پسند کرتا کہ پہلے مجھے اسٹرائیک لینے دو"۔ سابق اوپنر ڈیوڈ وارنر نے کہا کہ "ہوسکتا ہے عثمان نے سوینی سے پوچھا ہو اور انھوں نے خود ہی پہلے اسٹرائیک لینے کی خواہش ظاہر کردی ہو"۔ بھارتی کمنٹیٹر روی شاستری نے کہا کہ "نئے کھلاڑی سے پوچھنا ہی نہیں چاہیے تھا، یہ ٹیم مینجمنٹ اور کپتان کی ذمہ داری ہے کہ وہ تعین کریں

بھارتی ٹیم کے ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر اچانک آسٹریلیا سے واپس وطن کیوں چلے گئے؟

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر کو آسٹریلیا سے واپس وطن جانا پڑگیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ذاتی وجوہات کی بنیاد پر گوتم گمبھیر وطن واپس جا رہے ہیں، وہ دوسرے ٹیسٹ میچ سے قبل ٹیم کو جوائن کرلیں گے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس میں ذرائع کے حوالے سے دعویٰ کیا گیا ہے کہ امکانات ہیں گوتم گمبھیر کی فیملی میں کسی کی طبیعت ناساز ہے جس کے باعث انہیں اچانک واپس اپنے ملک جانا پڑا۔ آسٹریلیا اور بھارت کے درمیان بورڈر گواسکر ٹرافی کا دوسرا پنک بال ٹیسٹ 6 دسمبر سے ایڈیلیڈ میں شروع ہوگا۔ واضح رہے کہ بھارت نے سیریز کے پہلے پرتھ ٹیسٹ میں میزبان آسٹریلیا کو 295 رنز سے شکست دی تھی۔

پاکستان میں شیڈول چیمپئنز ٹرافی کے مستقبل پر غور کیلئے آئی سی سی بورڈ اجلاس طلب

لندن (این این آئی) میٹنگ کے دوران چیمپئنز ٹرافی کے شیڈولنگ اور مستقبل پر غور کیا جائے گا۔ میٹنگ کے دوران چیمپئنز ٹرافی کے شیڈولنگ اور مستقبل پر غور کیا جائے گا۔ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے پاکستان میں ہونے والی چیمپئنز ٹرافی 2025 کے مستقبل پر غور کیلئے 29 نومبر کو بورڈ میٹنگ طلب کرلی۔ آئی سی سی کے ترجمان نے تصدیق کی کہ یہ میٹنگ آن لائن منعقد ہوگی اور تمام بورڈ ممبران کو ایجنڈا بھیج دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق میٹنگ کے دوران چیمپئنز ٹرافی کے شیڈولنگ اور مستقبل پر غور کیا جائے گا۔ اجلاس میں چیمپئنز ٹرافی پر مختلف آپشنز پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔

سرگودھا میں کھیلتا پنجاب کے ڈویژنل سطح پر مقابلے 4 دسمبر تک جاری رہیں گے

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں کھیلتا پنجاب کے ڈویژنل سطح پر مقابلے 4 دسمبر تک جاری رہیں گے۔ جس میں چاروں اضلاع سے 12 مختلف کھیلوں ایتھلیٹکس، کرکٹ ٹیپ بال، باسکٹ بال، فٹ بال، کبڈی، بیٹ ریسلنگ، تائی کوانڈو، ٹیبل ٹینس، ہاکی، والی بال، آرچری، اور بیڈمنٹن) کی ٹیمیں شامل ہیں۔

پرفارمنس کا یقین تھا، کافی عرصے سے موقع کی تلاش میں تھا، ابرار احمد

بولاوایو (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے مسٹری اسپنر ابرار احمد نے کہا ہے کہ پرفارمنس کا یقین تھا، کافی عرصے سے موقع کی تلاش میں تھا۔ اپنے کیریئر کا پہلا انٹرنیشنل ون ڈے میچ کھیلنے والے ابرار احمد نے زمبابوے کے خلاف دوسرے ایک روزہ میچ میں 33 رنز کے عوض 4 وکٹیں حاصل کیں۔ بلاوایو میں میچ کے بعد پریس کانفرنس میں ابرار احمد نے کہا کہ انٹرنیشنل کرکٹ کا پریشر ہوتا ہے، جس طرح سیریز کا پہلا میچ ہارے، اس کا بھی پریشر تھا۔ انہوں نے کہا کہ کپتان محمد رضوان نے شروع سے ہی اعتماد دیا، مجھے کہا کہ آپ نے نئی گیند سے بولنگ کرنی ہے اور درمیان میں بھی جب ضرورت پڑے گی۔ مسٹری اسپنر نے مزید کہا کہ کپتان آپ کو اعتماد دیتا ہے اور انہیں ہی لے کر چلا ہوں، پچ پر شروع میں بولنگ کرتے ہوئے تھوڑا گرپ ہو رہا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ کمبی نیشن کو دیکھا جائے تو سلمان آغا نے اچھی باؤلنگ کی فیصل اکرم جو نوجوان ہے، اس نے بھی اچھی بولنگ کی، اسپنرز کے ساتھ کمبی نیشن بنا تو اچھی بولنگ ہوئی۔ ابرار احمد نے یہ بھی کہا کہ بیٹنگ ہونے کے بعد پچ مختلف ہوئی اور بیٹنگ کے لئے سازگار ہوئی، صائم ایوب کا سب کو پتہ ہے کہ وہ جب بھی کھیلتا ہے تو میچ کو ون سائیڈ لے جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماشاء اللہ صائم ایوب ٹیلنٹڈ لڑکا ہے، میری نیک تمنائیں، ہمیشہ ان کے ساتھ ہیں، دعا ہے کہ صائم ایسے ہی پرفارم کرتا رہے اور پاکستان کو میچز جتواتا رہے۔

پانی پوری بیچنے والا یشسوی جیسوال بھارتی کرکٹ کا ابھرتا ہوا ستارہ بن گیا

کم عمری میں وہ دن بھی دیکھنے پڑے جب اس کے سر پر چھت نہیں تھی، ایک داستان رقم کر دی

نئی دہلی (این این آئی) آسٹریلیا کے خلاف پرتھ ٹیسٹ میچ میں بھارت کی تاریخی فتح میں ہیرو کا کردار نبھانے والے بائیں ہاتھ کے بلے باز 2? سالہ یشسوی جیسوال کے لیے اس مقام تک پہنچنا کبھی آسان نہیں تھا۔ شہرت کی بلندیوں کو چھونے والے اس ابھرتے ہوئے ستارے کو یہاں تک پہنچنے کے لیے کم عمری میں وہ دن بھی دیکھنے پڑے جب اس کے سر پر چھت نہیں تھی، کرکٹ کے شوق نے اس نوجوان کو پانی پوری بیچنے پر بھی مجبور کیا لیکن اس نے کبھی ہمت نہیں ہاری۔ یشسوی جیسوال کی جدوجہد کی ناقابل فراموش داستان صرف کرکٹ کی کہانی نہیں بلکہ یہ لچک، جذبے اور تمام مشکلات کے خلاف خوابوں کی فتح کی کہانی ہے۔ بھارتی ٹیسٹ ٹیم کے اوپنر یشسوی جیسوال 28 دسمبر 2001ء میں اتر پردیش کے چھوٹے سے گاؤں سوریاوان کے ایک غریب گھرانے میں پیدا ہوئے، ان کا کرکٹ کا سفر 10 سال کی عمر میں اس وقت شروع ہوا جب وہ اپنے خاندان کے ساتھ انتہائی مشکل حالات کے باوجود کرکٹ کی خاطر اپنا گاؤں چھوڑ کر ممبئی منتقل ہوئے۔ ابتدائی طور پر انہیں کئی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، اس وقت ایک ڈیری شاپ پر کام کے بدلے میں وہ اس کی چھت پر رہتے تھے لیکن پھر جلد ہی وہ بے گھر ہوگئے۔ ہاتھ میں بلے اور بیگ کے ساتھ یشسوی جیسوال کو ممبئی کے آزاد میدان میں ایک خیمے میں پناہ لینی پڑی، مشکلات کے باوجود کرکٹ کو آگے بڑھانے کے عزم نے انہیں روزی روٹی کے لیے پانی پوری بیچنے پر مجبور کیا۔ یشسوی جیسوال کی قسمت اس وقت بدل گئی جب کوچ جوالا سنگھ نے ان کی صلاحیتوں کو دیکھا، انہیں پہچانا اور ان پر مزید محنت کی۔

SHOWBIZ
قوت

سینئر اداکارہ عینی زیدی نے خواتین کو شادی دیر سے کرنے کا مشورہ دیدیا

میرے نظر میں شادی کی ٹھیک عمر 23 یا 24 سال ہے، پہلے اپنی تعلیم مکمل کریں، اداکارہ

کراچی (این این آئی) سینئر اداکارہ عینی زیدی نے خواتین کو شادی دیر سے کرنے کا مشورہ دے دیا۔ اداکارہ عینی زیدی نے ایک نجی ٹی وی کے مارننگ شو میں شرکت کی جہاں انہوں نے ذاتی زندگی کے حوالے سے گفتگو کی اور خواتین کو مشورے بھی دیے۔ اداکارہ نے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ شادی دیر سے کرنی چاہیے، میری شادی 17 سال کی عمر میں ہوئی تھی اور میں کسی کو بھی نہیں کہوں گی کہ اتنی جلدی شادی کریں۔ انہوں نے کہا کہ جلدی شادی کرنے کے فائدے اور نقصانات دونوں ہوتے ہیں، جلدی شادی پر یہ ہی کہا جاتا ہے کہ آپ کے بچے بھی جلدی بڑے ہوجاتے ہیں، آپ ان کے ساتھ کھیل کود سکتے ہیں لیکن آپ کی اپنی شخصیت اور زندگی پر اثر پڑتا ہے۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ میری نظر میں شادی کی ٹھیک عمر 23 یا 24 سال ہے، پہلے اپنی تعلیم مکمل کریں، سمجھدار ہوجائیں اور پھر شادی کریں ورنہ آپ کیلئے بہت مشکل ہوجاتی ہے۔

ایشوریا رائے کا ہراسانی کیخلاف اٹھ کھڑے ہونے کا پیغام

ممبئی (این این آئی) معروف بھارتی اداکارہ ایشوریا رائے نے ویڈیو بیان کے ذریعے ایک پیغام جاری کیا ہے جس میں خواتین کو ہراسانی کے خلاف اٹھ کھڑے ہونے کی ترغیب دی۔ اداکارہ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم انسٹاگرام پر ایک ویڈیو شیئر کی جس میں انہوں نے اپنی قدر کیلئے اٹھ کھڑے ہونے پر زور دیا۔ یہ ویڈیو لوریال پیرس کے اسٹریٹ ہراسمنٹ کے خلاف اسٹینڈ اپ ٹریننگ پروگرام کا حصہ تھی۔ ویڈیو میں ایشوریا نے کہا، "اسٹریٹ ہراسمنٹ سے کیسے نمٹا جائے؟ نظریں چرا کر؟ نہیں۔ مسئلے کو آنکھوں میں دیکھیں۔ اپنی قدر پر سمجھوتہ کبھی نہ کریں۔ خود پر شک نہ کریں۔ اپنی قدر کیلئے کھڑے ہوں۔ نہ اپنے لباس کو الزام دیں، نہ لپ اسٹک کو۔ اسٹریٹ ہراسمنٹ کبھی آپ کی غلطی نہیں ہوتی۔" ایشوریا رائے کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا جب انکی اور ابھیشیک بچن کے درمیان علیحدگی کی خبریں زوروں پر ہیں۔ حالیہ دنوں میں ایشوریا نے اپنی بیٹی آرادھیا کی سالگرہ کی تصاویر شیئر کیں، جن میں بچن خاندان کے کسی فرد بشمول ابھیشیک کی غیر موجودگی نے ان افواہوں کو ہوا دی۔

چندی گڑھ: گلوکار بادشاہ کے کلب کے باہر دو دھماکے

چندی گڑھ (این این آئی) نامور بھارتی ریپر و گلوکار بادشاہ کے ریاست پنجاب کے شہر چندی گڑھ میں قائم کلب کے باہر دھماکے ہوئے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق چندی گڑھ میں سیویلی میں موجود یہ نامور کلب بادشاہ کی ملکیت ہے۔ اس کے باہر گزشتہ روز رات کے تین بجے کے بعد 15 منٹ کے وقفے سے دو دھماکے رپورٹ ہوئے۔ بتایا جارہا ہے کہ اس واقعے میں کسی جانی نقصان کا اطلاع نہیں ملی، جس سے کلب کو نقصان پہنچا جبکہ پاس موجود ریسٹورنٹ کے شیشے ٹوٹ گئے۔ اس حوالے سے سوشل میڈیا پر زیر گردش سی سی ٹی وی فوٹیج میں دیکھا گیا کہ ایک شخص نے کلب کی جانب بم پھینکے اور فرار ہوگیا۔ میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا کہ اس سلسلے میں نہ بادشاہ کی جانب سے کوئی بیان دیا گیا اور نہ ہی پولیس کے حوالے سے کوئی معلومات دی گئی ہیں۔

فلموں کی کامیابی کو جانچنے کا سوال دہائیوں سے شائقین اور تجزیہ کاروں کے درمیان زیر بحث

ممبئی (این این آئی) فلموں کی کامیابی کو جانچنے کا بہترین پیمانہ کیا ہے؟ یہ سوال دہائیوں سے شائقین اور تجزیہ کاروں کے درمیان زیر بحث ہے۔ کچھ لوگ فلم کی طویل عمری اور ثقافتی اثرات کو اہمیت دیتے ہیں جبکہ دیگر باکس آفس کلیکشن کو اہم سمجھتے ہیں۔ تاہم باکس آفس کے نمبرز کا پیمانہ بھی یکساں نہیں۔ ایک نظریہ یہ ہے کہ کون سی فلم نے سب سے زیادہ پیسے کمائے جبکہ دوسرا نظریہ منافع کو کامیابی کی کسوٹی قرار دیتا ہے۔ اگر منافع کے حساب سے دیکھا جائے تو بھارت کی سب سے کامیاب فلم وہ ہے جس میں 16 سالہ لڑکی مرکزی کردار میں تھی اور اس نے 6000 فیصد منافع کمایا۔

بھارتی گلوکار و اداکار دلجیت کے کنسرٹ میں بالی ووڈ اداکارہ کی شرکت پر حیرت میں مبتلا ہوگئے

ممبئی (این این آئی) بھارتی گلوکار و اداکار دلجیت دوسانجھ اپنے پونے کنسرٹ میں نامور بالی ووڈ اداکارہ کی شرکت پر حیرت میں مبتلا ہوگئے۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق 42 سالہ نمرت کور فلم ایئرلفٹ، لنچ باکس، دسویں اور سیکشن 84 جیسی فلموں میں اپنی شاندار پرفارمنس سے شائقین کے دل جیت چکی ہیں۔ بالی ووڈ اداکارہ نے بھارتی ریاست مہاراشٹرا کے شہر پونے میں دلجیت دوسانجھ کے کنسرٹ میں شرکت کرکے دھماکا کردیا۔ نمرت کور نے صرف شرکت ہی نہیں بلکہ باقی ہجوم کے ساتھ دل جیت دوسانجھ کے گانوں پر رقص بھی کیا، انہوں نے اپنے انسٹاگرام پر پنڈال کی تصاویر اور ویڈیوز شیئر کیں۔

بالی ووڈ اداکارہ ملیکا شراوت نے سنگل ہونے کی تصدیق کردی

ممبئی (این این آئی) آئٹم گانوں سے مشہور 48 سالہ بالی ووڈ اداکارہ ملیکا شراوت نے سنگل ہونے کی تصدیق کردی۔ بھارتی میڈیا کو دیے گئے انٹرویو کے دوران ملیکا نے تصدیق کرتے ہوئے بتایا یہ سچ ہے کہ میں سنگل ہوں، مکمل اعتماد کے ساتھ اپنی تنہائی کو قبول کرتی ہوں اور اسے اپنے لیے آزادی تسلیم کرتی ہوں۔ شادی کے سوال پر ملیکا شراوت کا کہنا تھا کہ میں شادی کے لیے نہیں ہوں لیکن میں شادی کے خلاف بھی نہیں ہوں، اہم یہ ہے دو لوگ کیا چاہتے ہیں۔ دوران گفتگو اداکارہ نے فرانسیسی بزنس مین سائرل آکزین فینس سے ماضی کے تعلق پر بات کرنے سے گریز کرتے ہوئے کہا کہ آج کے دور میں ایک قابل آدمی کو تلاش کرنا بہت مشکل ہے، ہم الگ ہوچکے ہیں اور میں اس حوالے سے کوئی بات نہیں کرنا چاہتی۔ دوسری جانب بالی وڈ سے 2 سال کے بریک کے بعد 'وکی اور ودیا کا وہ والا ویڈیو' سے واپسی پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے ملیکا شراوت کا کہنا تھا کہ میں جہاں بھی گئی، مجھے سب ویسا ہی ملا، وہی پیار اور وہی عزت ملی۔ واضح رہے کہ ملیکا شراوت اپنے قریبی دوست اور فرانسیسی بزنس مین سائرل آکزین فینس سے کئی برسوں سے تعلق میں تھیں۔

انٹرٹینمنٹ پاکستانی گلوکار مجھ سے جلتے ہیں، چاہت فتح علی خان

اگر آپ کسی کے خلاف بات کرتے ہیں اور جلتے ہیں تو یہ آپ کی صحت کیلئے اچھا نہیں ہے

لاہور (این این آئی) سوشل میڈیا پر اپنی انوکھی گلوکاری کے انداز سے مشہور ہونے والے چاہت فتح علی خان نے کہا ہے کہ پاکستانی گلوکار ان سے جلتے ہیں۔ سوشل میڈیا پر چاہت فتح علی خان کی ایک ویڈیو وائرل ہو رہی ہے جس میں انہوں نے اپنی گلوکاری کے حوالے سے بات کی۔ چاہت فتح علی نے کہا کہ مجھے خود سمجھ نہیں آرہا بھارت کے جو لیجنڈ گلوکار ہیں، جو پروڈیوسر اور ہدایت کار ہیں وہ میری تعریف کر رہے ہیں لیکن پتا نہیں کیوں پاکستانی گلوکار، موسیقار اور اینکرز ہیں وہ میری تعریف نہیں کر رہے۔ انہوں نے کہا کہ خدارا ایسا نہیں کریں، خوش رہیں، بس اپنے کام پر رہیں، جیسے میں کام کر رہا ہوں، میں نے ڈھائی سالوں میں 48 گانوں کے ٹریک ریلیز کردیے ہیں اور ابھی مزید 5 گانوں کے ٹریک آنے والے ہیں۔ چاہت فتح علی خان کا کہنا تھا کہ اپنے کام پر رہنے میں زیادہ مزہ ہے، اگر آپ کسی کے خلاف بات کرتے ہیں اور جلتے ہیں تو یہ آپ کی صحت کیلئے اچھا نہیں ہے، اس لیے خوش رہیں اور خوش رکھیں۔

طلاق کے بعد میرے متعلق صرف جھوٹ بولا گیا، سمانتھا پربھو

ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ سمانتھا روتھ پربھو نے اداکار ناگا چیتنیا سے طلاق کے معاملے پر طویل خاموشی بلآخر توڑ دی۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق 38 سالہ ناگا چیتنیا کی 37 سالہ سمانتھا پربھو سے شادی 2017ء میں ہوئی اور دونوں نے 2021ء میں راہیں جدا کرلی۔ سمانتھا سے طلاق کے بعد ناگا نے سوبھیتا دھولیپالا سے شادی کی تیاری شروع کردی ہیں، جوڑا 4 دسمبر کو رشتہ اذدواج میں بندھنے جارہا ہے۔ بھارتی اداکارہ نے حالیہ انٹرویو میں 2021ء میں ناگا چیتنیا سے طلاق کے بعد ہونے والی شدید ٹرولنگ کے بارے میں اپنی طویل خاموشی توڑ دی۔ سمانتھا نے زندگی کے مشکل فیصلے کے بعد ان گنت افواہوں کا سامنا کیا اور طویل عرصے خاموشی اختیار کیے رکھی لیکن اب انہوں نے کھل کر گفتگو کی۔ اداکارہ نے کہا کہ سب کچھ جھوٹ تھا، یہ صورتحال پدرانہ معاشرے میں طلاق کے بعد خاتون کو ہی معاشرتی چیلنجز کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اُن سے سخت باز پرس کی جاتی ہے۔ سمانتھا پربھو نے مزید کہا کہ بدقسمتی سے موجودہ معاشرے میں طلاق یافتہ عورت ہی نشانہ بنتی ہے، صرف آن لائن ہی نہیں حقیقی زندگی میں مرد کی نسبت عورت کو زیادہ شرمناک رویے کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ میرے متعلق کبھی جھوٹی اور غلط باتیں کی گئیں، مجھے آج بھی اپنے متعلق ہونے والی گفتگو یاد ہے، میرے بارے میں بالکل جھوٹ پھیلایا گیا۔ دوران انٹرویو اداکارہ نے سچ بتانے کی پیشکش کی اور ساتھ ہی پیچھے ہٹتے ہوئے کہا کہ جھوٹ کا جواب دینے کا کیا فائدہ ہے؟ بہت سے لوگ ملتے ہیں جو کچھ منٹ آپ سے محبت کا اظہار کرتے ہیں اور تین دن بعد آپ سے نفرت کرنے لگ جاتے ہیں۔ سمانتھا نے انکشاف کیا کہ اس ساری صورتحال میں، میں نے سچائی کو صرف ایک سرکل تک محدود رکھا اور ایسا کرنے میں ہی سکون محسوس کیا، آپ اس حقیقت کے ساتھ بھی رہ سکتے ہیں کہ میرے خاندان اور دوستوں کو سچ کا پتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سچائی کی توثیق کی خواہش ہمیشہ رہتی ہے لیکن میں نے حقیقت کو عوام کی منظوری کے بغیر قبول کرلیا ہے۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت و تجارت نیوز



معیشت نامہ

ای گاڑیوں کی مانگ، ٹیکسٹائل مشینری کی درآمدات میں اضافہ

سود میں مزید کمی اور نئے ماڈلز سے آٹو سیلز بڑھنے کا امکان ہے



لاہور (شہروز میاں سے) رواں مالی سال اب تک گاڑیوں کی فروخت میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا، اس دوران الیکٹرک گاڑیوں کی مانگ میں مسلسل اضافہ دیکھنے میں آیا۔ ادارہ شماریات کے مطابق بسوں وٹرکوں کی فروخت میں 82 فیصد، جیپوں، پک اپ میں 60 فیصد، رکشوں و موٹر سائیکلوں میں 4.23 فیصد اضافہ ہوا۔ شرح سود میں کمی اس اضافے کی ایک وجہ ہے، سود میں مزید کمی اور نئے ماڈلز سے آٹو سیلز بڑھنے کا امکان ہے۔ اسٹیٹ بینک کے اعدادوشمار کے مطابق پہلے چار ماہ میں ٹیکسٹائل مشینری کی درآمد پر 78.147 ملین ڈالر خرچ ہوئے جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں خرچ 028.120 ملین ڈالر کے مقابلہ میں 12.23 فیصد زائد ہے۔ اعدادوشمار کے مطابق 21 نومبر کو ختم ہفتہ میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط قیمت 1449 روپے رہی۔

یہ وقت احتجاج اور دھرنوں کا نہیں ہے، چوہدری ضرغام احمد گورائیہ

بیلاروس کے صدر وفد کے ساتھ پاکستان پہنچے ہیں احتجاج اور ہلڑ بازی سے منفی اثر پڑے گا

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) یہ وقت احتجاج اور دھرنوں کا نہیں ہے ملک کو آگے لے کر جانے کیلئے سب کو مثبت کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے عالمی سرمایہ کاری پاکستان میں آرہی ہے جو خوش آئند ہے حال ہی میں بیلاروس کے صدر وفد کے ساتھ پاکستان پہنچے ہیں احتجاج اور ہلڑ بازی سے منفی اثر پڑے گا ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما چوہدری ضرغام احمد گورائیہ اور چوہدری محمد صہیب گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ دیگر ممالک کی پاکستان میں سرمایہ کاری کی خواہش اچھا شگن ہے معیشت کی بحالی میں مدد ملے گی سرمایہ کاری سے کاروباری طبقے کو فائدہ ہوگا حکومت کاروباری طبقے کو ریلیف دے اور سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرے اس سے معیشت کی مضبوطی میں مدد ملے گی۔

ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے صدارتی امیدوار کی حمایت

میاں اویس ارشد ایڈووکیٹ کی طرف سے جی ایم رائس ملز گوجرانوالہ روڈ پر پروقار تقریب

شرقپور شریف (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے صدارتی امیدوار چوہدری امجد علی گوپے راء ایڈووکیٹ کی حمایت کے اعلان کے سلسلہ میں میاں اویس ارشد ایڈووکیٹ کی طرف سے جی ایم رائس ملز گوجرانوالہ روڈ پر پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت گروپ لیڈر سینئر لائر چوہدری ولایت علی ایڈووکیٹ نے کی تقریب میں سابق صدر رانا زاہد محمود خاں ایڈووکیٹ، سابق صدر میاں پرویز حسین ایڈووکیٹ، میاں منظور حسین ایڈووکیٹ، قمر ریاض ڈھلوں ایڈووکیٹ، ڈاکٹر میاں بلال ارشد، شہباز شوکت گجر ایڈووکیٹ، انعام الحق گجر ایڈووکیٹ، بلاول علی گجر ایڈووکیٹ، محمد نبیل احمد ایڈووکیٹ، شاہد جٹ ایڈووکیٹ، وقاص کھگ ایڈووکیٹ، رضوان شاہ ایڈووکیٹ، ملک عمران، آمنہ بھٹی ایڈووکیٹ، صائمہ آصف ایڈووکیٹ، میڈم عطیہ ایڈووکیٹ، میڈم ثمرہ ایڈووکیٹ و دیگر وکلاء نے شرکت کی اس موقع پر وکلاء نے چوہدری امجد علی گوپے راء ایڈووکیٹ کی بھرپور حمایت کا اعلان کرتے ہوئے یقین دہانی کروائی کہ ان کی جیت کیلئے بھرپور کردار ادا کیا جائے گا، حمایت کے اعلان پر وکلاء کا شکریہ ادا کرتے ہوئے چوہدری امجد علی گوپے راء ایڈووکیٹ نے کہا کہ تمام وکلاء کا مشکور ہوں جنہوں نے میری حوصلہ افزائی کی۔

سونا 2 دن کمی کے بعد آج عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں پھر مہنگا ہو گیا

کراچی (کامرس ڈیسک) سونے کی قیمت 2 دن کمی کے بعد آج عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں پھر بڑھ گئی۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 16 ڈالر کے اضافے سے 2647 ڈالر کی سطح پر آ گئی۔ دوسری جانب مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی بدھ کو 24 قیراط کے حامل فی تولہ سونے کی قیمت 1600 روپے کے اضافے سے 275900 روپے کی سطح پر آگئی اور فی 10 گرام سونے کی قیمت 1372 روپے کے اضافے سے 236540 روپے کی سطح پر آ گئی۔ سونے کی قیمتوں میں اضافے کے برعکس فی تولہ چاندی کی قیمت بغیر کسی تبدیلی کے 3400 روپے اور فی 10 گرام چاندی کی قیمت بھی بغیر کسی تبدیلی کے 95.2914 روپے کی سطح پر مستحکم رہی۔

کراچی کی تاجر برادری نے نئی ائرلائن بنانے کا اعلان کردیا

کراچی (کامرس ڈیسک) شہر قائد کی تاجر برادری کی جانب سے نئی ایئرلائن بنانے کا اعلان کردیا گیا۔ ’’ایئر کراچی‘‘ کے نام سے نئی فضائی کمپنی کراچی کی تاجر برادری کی جانب سے بہت ہی متعارف کرائی جا رہی ہے۔ نئی ایئرلائن کے نام ’’ایئر کراچی‘‘ کو ایس ای سی پی نے بھی رجسٹرڈ کرلیا ہے۔ ایف پی سی سی آئی کے سابق سینئر نائب صدر حنیف گوہر نے میڈیا ٹاک میں بتایا کہ ایئر کراچی کے لائسنس کے لیے وفاقی حکومت کو درخواست ارسال کردی گئی ہے۔ ایئر کراچی کے لیے پہلے مرحلے میں 3 طیارے لیز پر حاصل کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایئر کراچی میں سی او کے منصب پر سدرن کمانڈر ایئر وائس مارشل عمران کو مقرر کیا گیا ہے جب کہ عقیل کریم ڈھیڈی، عارف حبیب، ایس ایم تنویر ایئر کراچی کے شیئر ہولڈرز ہیں۔

دیپالپور اور گردونواح میں عطائی ڈاکٹرز انسانی جانوں پر تجربات کرنے لگے

دیپال پور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) دیپالپور اور گردونواح میں عطائی ڈاکٹرز انسانی جانوں پر تجربات کرنے لگے عطائی ڈاکٹروں نے اپنے نیٹ ورک کو مضبوط کرلیا۔ دیسی خطرناک جڑی بوٹیوں سے غیر معیاری تیار شدہ دیسی کشتے کھلا کر شہریوں کے گردے متاثر کرنا کا سلسلہ پورے زور و شور سے جاری و ساری ہے جنسی ہوس کی انڈین سمگلنگ پروڈکٹس کی بھی سر عام فروخت دھڑلے سے جاری، شہریوں نے کہا کہ ڈرگ انسپکٹر کی ملی بھگت سے ہی عطائیوں کے خلاف کوئی کاروائی نہیں کی جاتی، دیپالپور میں جو بھی آفسر آتا ہے اس کو مسائل سے کوئی غرض نہیں اس کا مقصد صرف مال بناؤ اور نکل جاؤ کی پالیسی پر گامزن ہے شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب، صوبائی وزیر صحت، ڈسٹرکٹ آفیسر محکمہ صحت، کمشنر ساہیوال اور ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ سے مطالبہ کیا ہے کہ ان عطائیوں کے خلاف سخت کاروائی کی جائے تاکہ شہری مختلف بیماریوں سے بچ سکتے۔

فیکٹری ورکرز سرکاری اجرت کے برعکس سیلری بارے آگاہ کریں، مزدور رہنما چوہدری محمد اشرف آصف خان

محنت کشوں کے حقوق کی علمبردار۔ تنظیم پاکستان ورکرز فیڈریشن

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) فیکٹری ورکرز کو طے کردہ سرکاری اجرت سے کم ادائیگی محنت کشوں کے معاشی قتل کے مترادف ہے۔ پاکستان ورکرز فیڈریشن نے ہمیشہ کارخانوں، فیکٹریز وغیرہ میں کام کرنے والے ورکرز و محنت کش بہن بھائیوں کے حقوق کی آواز اٹھائی ہے اور ہمیشہ مزدور کیلئے آواز اٹھاتے رہینگے۔ ان باتوں کا اظہار صدر پاکستان ورکرز فیڈریشن چوہدری محمد اشرف جنرل سیکرٹری پاکستان ورکرز فیڈریشن آصف خان نے سنئیر صحافیوں کیساتھ خصوصی نشست کے دوران کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہوشربا مہنگائی و بھاری بھرکم بجلی گیس پانی کے بلوں اور مہنگے پیٹرول ڈیزل ایندھن نے غریب محنت کشوں و مزدوروں کا جینا دوبھر کر رکھا ہے ایسے میں اگر فیکٹری مالکان طے شدہ اجرت سے کم ادائیگی کریں گے تو مزدور کیساتھ اسکے کنبے کا جینا محال اور زندگی بیکار ہو جائیگی۔

ساہیوال: جاری کاموں میں سست روی پر شدید اظہار ناراضگی

ٹائم لائن پورا نہ کرنے والے کنٹریکٹرز کے خلاف کاروائی کی جائے، کمشنر ساہیوال

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کی پسپ پروگرام کے تحت جاری کاموں میں سست روی پر شدید اظہار ناراضگی، ٹائم لائن پورا نہ کرنے والے کنٹریکٹرز کے خلاف کاروائی کی جائے، کمشنر کی ہدایت۔ منصوبے کی بروقت تکمیل ہر صورت یقینی بنائی جائے گی، شعیب اقبال سید۔ وہ یہاں اپنے دفتر میں پسپ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں سی ای او ساہیوال واٹر اینڈ سینیٹیشن کمپنی افتخار علی، ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر صفدر حسین، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ، ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز محمد عقیل اشفاق، ڈائریکٹر پی ایچ اے نیاز احمد، اے سی جنرل رائے فیصل عمران نے شرکت کی۔ انہوں نے علامہ اقبال روڈ اور ہائی سٹریٹ روڈ پر سٹریٹ لائٹس پولز لگانے میں مسلسل تاخیر اور فرید ٹاؤن روڈ پر ٹف ٹائل لگانے کے جاری کام میں روایتی سست روی پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے سٹی مینیجر محمد اسجد خان کو ہدایت کی کہ وہ تمام جاری کاموں کی ٹائم لائن کے مطابق تکمیل کو یقینی بنائیں۔

پی ٹی آئی کے دور میں ٹی ایل پی پر بدترین ظلم کیا گیا، چوہدری گلفام سیہول

اسلام آباد مارچ کے دوران آسمان سے تیزاب پھینکا گیا



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) پی ٹی آئی کے دور میں ٹی ایل پی پر بدترین ظلم کیا گیا اسلام آباد مارچ کے دوران آسمان سے تیزاب پھینکا گیا سیدھی گولیاں ماری گئیں روزے کی حالت میں کارکنوں پر سیدھی فائرنگ کر کے سینکڑوں زخمی کیے گئے شہادتیں ہوئیں آج تحریک انصاف مکافات عمل کا شکار ہے انہوں نے تحریک لبیک پر جو مظالم کیے آج پی ٹی آئی پر اس کا 10 فیصد بھی نہیں ہے ان خیالات کا اظہار تحریک لبیک کے سابق ٹکٹ ہولڈر چوہدری رمضان مصطفی سیہول اور نائب امیر پی پی 136 چوہدری گلفام سیہول ایڈووکیٹ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ ہمارے کارکن 12 ہزار شیل اور گولیاں کھا کر بھی منزل کی جانب گامزن رہے اور لبیک یا رسول اللہ کی صدائیں دیتے رہے تب پی ٹی آئی کہتی تھی ریاست سے مت ٹکراؤ آج یہ مسلسل ریاست کے ساتھ برسر پیکار ہیں تحریک انصاف والوں نے ہمیشہ تھوک کر چاٹا ہے ان کی ریاست کو یرغمال بنانے کی کوشش کامیاب نہیں ہوگی۔

حافظ آباد شہر میں آوارہ کتوں نے شہریوں کو جینا دوبھر کر دیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد شہر میں آوارہ کتوں نے شہریوں کو جینا دوبھر کر دیا۔ آوارہ کتے ہمہ وقت اہم شاہراؤں کے ساتھ ساتھ گلی محلوں اور سکولوں کے اردگرد گھومتے پھرتے دکھائی دیتے ہیں۔ اور یہ کتے اب تک درجنوں افراد اور بچوں کو کاٹ کر زخمی کر چکے ہیں لیکن میونسپل کمیٹی کی جانب سے ان آوارہ کتوں کو تلف کرنے پر کوئی توجہ نہ دی جا رہی ہے جس کی وجہ سے سکولوں اور کالجوں میں جانے والے طلبہ وطالبات بلکہ شہریوں میں بھی خوف وہراس پایا جا رہا ہے بالخصوص علی پور روڈ ماڈل بازار تا گورنمنٹ گرلز ڈبل سیکشن سکول ان آوارہ کتوں کی آماجگاہ بن چکی ہے۔

اسلام آباد پر حملہ کر کے کسی کو آزاد نہیں کرایا جاسکتا، میر اعجاز حسین جکھرانی

جیکب آباد (رپورٹ منظور احمد گورچانی) پیپلز پارٹی کے رہنما رکن قومی اسمبلی میر اعجاز حسین جکھرانی نے کہا ہے کہ اسلام آباد پر حملہ کر کے کسی کو آزاد نہیں کرایا جاسکتا، تحریک انصاف والے عدالتوں میں جائیں اور مقدمات کا سامنا کریں اس طرح حالات کو خراب کر کے وہ کیا پیغام دینا چاہتے ہیں، تحریک انصاف ہمیشہ ایسی ٹائمنگ طے کرتی ہے جب بیرون ممالک کے مہمان آتے ہیں اب بیلاروس کا صدر آیا ہے تو وہ حالات کو خراب کر رہے ہیں۔ جیکب آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پیپلز پارٹی کے رہنما نے کہا کہ تحریک انصاف اسلام آباد پر حملہ آور ہو کر اپنی بات منوانا چاہتی ہے۔

کرپشن کے خلاف پی پی شہید بھٹو کا چوتھے روز بھی احتجاج، بھوک ہڑتال

جیکب آباد (بیورو رپورٹ) جمس اسپتال میں سہولیات کے فقدان اور کرپشن کے خلاف پی پی شہید بھٹو کا چوتھے روز بھی احتجاج، بھوک ہڑتال۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں پیپلز پارٹی شہید بھٹو کی جانب سے جمس اسپتال میں ادویات کی قلت، سہولیات کے فقدان اور کرپشن کے خلاف چوتھے روز بھی احتجاج کا سلسلہ جاری رہا، کارکنان نے جلوس نکال کر جمس اسپتال کے باہر قائم کیمپ پر علامتی بھوک ہڑتال کی اس موقع پر نور محمد مجھو، شہزاد سومرو اور دیگر نے کہا کہ جمس اسپتال کو تباہ کر دیا گیا ہے، مریضوں کو ادویات تک فراہم نہیں کی جا رہی، انہوں نے کہا کہ جمس میں کرپشن کرنے والوں کو بے نقاب کر کے اسپتال کو تباہی سے بچایا جائے بصورت دیگر احتجاجی تحریک جاری رہے گی۔

پنجاب گیمز 2024 کے تحت ڈویژنل لیول کے مقابلہ جات کا سلسلہ جاری

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ساہیوال ڈویژن میں کھیلتا پنجاب گیمز 2024 کے تحت ڈویژنل لیول کے مقابلہ جات کا سلسلہ جاری ہے جس میں ڈویژن کے تینوں اضلاع کی ٹیمیں شرکت کر رہی ہیں۔ گرلز ہاکی میچ کے مہمان خصوصی ڈائریکٹر ساہیوال آرٹس کونسل ڈاکٹر سید ریاض ہمدانی تھے جس میں نیوسٹار اوکاڑہ نے پہلی جبکہ خواجہ جنید ہاکی کلب نے دوسری پوزیشن حاصل کی۔ اسی طرح فٹبال کے پہلے میچ میں شاہین فٹ بال کلب نے مہر فٹ بال کلب اوکاڑہ کو شکست دی۔ نیشنل فٹ بالر ڈاکٹر محمد سرور اس میچ کے مہمان خصوصی تھے۔ باسکٹ بال بوائز میں پیپلز کلب اوکاڑہ نے ساہیوال کلب اوکاڑہ کی شکست دی۔ وارث شاہ پاکپتن شاہین کلب عارف والا کو فرینڈز جی باسکٹ بال ساہیوال نے اسلم میموریل ساہیوال کو بلیک پینتھر ساہیوال نے شاقا کلب اوکاڑہ کو ہرایا۔

ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے گورنمنٹ ہائی سکول رشیدہ کا اچانک دورہ

اساتذہ کی حاضری، طلباء کے تعلیمی سیشن سمیت دیگر امور کا جائزہ لیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے گورنمنٹ ہائی سکول رشیدہ کا اچانک دورہ کیا اور اساتذہ کی حاضری، طلباء کے تعلیمی سیشن سمیت دیگر امور کا جائزہ لیا، ڈپٹی کمشنر نے مختلف کلاس رومز میں جا کر طلباء سے انکی تعلیم کے حوالے سے سوالات بھی کیے، ڈپٹی کمشنر نے ہیڈ ٹیچر سمیت دیگر اساتذہ کو طلباء کی پڑھائی پر توجہ نہ دینے سکول کی ابتر صورتحال، کمپیوٹر لیب و ریکارڈ درست نہ رکھنے پر سرزنش کی اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سیکنڈری محمد عبدالجلیل کو انکی جواب طلبی کے احکامات جاری کیے، ڈپٹی کمشنر نے سکول مینجمنٹ کو ایک ماہ میں ادارہ کے تمام امور میں بہتری لانے کی ڈیڈ لائن دی، ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کا کہنا تھا کہ ضلع کے تمام ہیڈ ٹیچرز سکولوں کی بہتری و بحالی کیلئے اپنی ذمہ داریوں کا ادراک کریں، سکولوں میں پینے کے پانی، روشنی کے مناسب انتظام، صفائی ستھرائی، کمپیوٹر لیب میں تمام کمپیوٹرز کو فنکشنل رکھیں، پرنسپل ڈائری روزانہ کی بنیاد پر اپ ڈیٹ کریں۔

ڈی چوک میں ظلم و بربریت کی بدترین تاریخ رقم کی گئی

بدمعاشی اور غنڈہ گردی کر کے عوام میں مزید نفرت پیدا کی گئی

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) ڈی چوک میں ظلم و بربریت کی بدترین تاریخ رقم کی گئی ریاست ماں جیسی ہوتی ہے لیکن چند بااختیار لوگوں نے سیدھی گولیاں برسا کر عوام میں نفرت کا بیج بویا ہے کیا حقوق کیلئے آواز اٹھانا جرم ہے بدمعاشی اور غنڈہ گردی کر کے عوام میں مزید نفرت پیدا کی گئی ہے ذاتی انا اور سیاست چمکانے کیلئے اداروں کو استعمال کیا گیا ہے اسلام آباد میں حکومت کی بدترین جارحیت کی مذمت کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے رہنما چوہدری عامر فاروق باجوہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ سیدھی گولیاں برسا کر ہمارے سینکڑوں کارکن شہید کیے گئے ہیں تاریخ کا بدترین ظلم کیا گیا ہے عوام ان ظالموں کو کبھی معاف نہیں کرے گی کرپٹ لوگوں سے آخری سانس تک جہاد جاری رکھیں گے۔

شاہین میڈیا گروپ کا اہم اجلاس ڈسٹرکٹ کورٹس آفس منعقد ہوا

صحافیوں کی فلاح و بہبود سمیت اہم صحافتی امور زیر بحث آئے

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) سیالکوٹ کے معروف صحافتی گروپس شاہین میڈیا گروپ و پاکستان میڈیا کونسل سیالکوٹ کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں چیئرمین شاہین میڈیا اسلم نوشاہی/ جنرل سیکرٹری آصف خان/ صدر شاہین میڈیا ڈاکٹر شہزاد نسیم/ سرپرست اعلیٰ عدیل خان، پاکستان میڈیا کونسل، سنئیر جرنلسٹ آصف خان پاکستان میڈیا کونسل، سرپرست اعلیٰ شاہین میڈیا کونسل سیالکوٹ عدیل خان، ضلعی صدر پاکستان میڈیا کونسل رجسٹرڈ سیالکوٹ عثمان بٹ، سیکرٹری جنرل ہردو میڈیا گروپس ہذا میڈم منور سلطانہ، چوہدری نوید سلطان و معزز گروپ ممبران الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا صحافیوں عادل منیر، تنزیل خان، اختر سلہری، خواجہ عامر جاوید بٹ، ملک قمر شہزاد علی، شیر یار احمد، شانی سلطانی سمیت تمام معزز گروپ ممبران نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک و ہدیہ نعت شریف سے ہوا جس کے بعد میڈم منور سلطانہ و خواجہ عامر جاوید نے منقبت پیش کی۔ صحافیوں کی فلاح و بہبود و ایجنڈا میں شامل اہم صحافتی امور زیر بحث آئے اور مثبت عملی صحافت اور ساتھیوں کے معاملات پر ہنگامی میٹنگز میں فوری شرکت کرنے اور تمام عہدیداران و ممبران کو کوشش کر کے اپنی موجودگی یقینی بنانے کا اعادہ کیا گیا۔

CRIME & COURT
جرم و سزا

چنیوٹ: پولیس کا کرائم فری پنجاب کے تحت کریک ڈاؤن جاری

موٹر سائیکل چور گینگ کے دو ملزمان اور ایک منشیات فروش ملزم کو گرفتار کر لیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کرائم فری پنجاب کے تحت کریک ڈاؤن جاری ہے۔ سرکل بھوانہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چور گینگ کے دو ملزمان اور ایک منشیات فروش ملزم کو گرفتار کر لیا۔ تھانہ بھوانہ سے سب انسپکٹر احسان اللہ نے ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں مطلوب 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان عاقب اور شعیب کے قبضہ سے مسروقہ موٹر سائیکل مسروقہ رقم اور ناجائز اسلحہ برآمد کر لیا گیا۔ تھانہ لنگرانہ پولیس نے منشیات فروشوں کیخلاف کاروائی کرتے ہوئے منشیات فروش کو گرفتار کر لیا۔ منشیات فروش ملزم عاشق کے قبضہ سے 5 سو گرام سے زائد چرس برآمد ہوئی۔ ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید کاروائی کا عمل جاری ہے۔ ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ آپ کے علاقہ میں جرائم کی صورت میں پولیس ہیلپ لائن 15 یا قریبی پولیس اسٹیشن میں اطلاع دیں۔

پنجاب پولیس سموگ کی روک تھام اور ماحولیاتی تحفظ کیلئے ان ایکشن

پنجاب پولیس کے مسلسل اقدامات کی وجہ سے سموگ میں بتدریج کمی آئی ہے، آئی جی عثمان انور

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پنجاب پولیس سموگ کی روک تھام اور ماحولیاتی تحفظ کیلئے ان ایکشن ہے اور پنجاب پولیس کے مسلسل اقدامات کی وجہ سے سموگ میں بتدریج کمی آئی ہے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ گذشتہ 24 گھنٹوں میں صوبہ بھر میں کریک ڈاؤن کے دوران 08 مقدمات درج کیے گئے، 376 افراد کو تقریبا 06 لاکھ روپے سے زائد جرمانے عائد کیے گئے اور 31 کو وارننگ جاری کی گئی۔ فصلوں کی باقیات جلانے کی 05، زیادہ دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کی 286 اور اینٹوں کے بھٹوں کی 04 خلاف ورزیاں رپورٹ ہوئیں۔ رواں برس انسداد سموگ کریک ڈاؤن میں مجموعی طور پر 3100 ملزمان گرفتار ہوئے اور 3694 مقدمات درج کیے گئے۔ 99463 افراد کو مجموعی طور پر 09 کروڑ، 78 لاکھ روپے سے زائد جرمانے کیے گئے۔ 7181 افراد کو وارننگ جاری کی گئی۔ فصلوں کی باقیات جلانے کی 1987، زیادہ دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کی 31726، صنعتی سرگرمی کی 348، اینٹوں کے بھٹوں کی 1380، دیگر مقامات کی 327 خلاف ورزیاں رپورٹ ہوئیں۔ گذشتہ 24 گھنٹوں میں زیادہ دھواں چھوڑنے والی 3944 گاڑیوں کے چالان، 394 کو تھانوں میں بند جبکہ 02 فٹنس سرٹیفکیٹ معطل کیے گئے۔

پنجاب پولیس کا ناجائز اسلحہ کے خلاف سخت کریک ڈاؤن

مختلف اضلاع میں ناجائز اسلحہ کے خاتمے کیلئے بلاتفریق کاروائیاں، بھاری تعداد میں اسلحہ برآمد

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے محفوظ پنجاب وژن کی تکمیل میں پنجاب پولیس کا ناجائز اسلحہ کے خلاف سخت کریک ڈاؤن جاری ہے۔ انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر ہدایت لاہور سمیت مختلف اضلاع میں ناجائز اسلحہ کے خاتمے کیلئے بلاتفریق کاروائیوں میں بھاری تعداد میں اسلحہ برآمد کیا گیا ہے۔ رواں سال لاہور سمیت صوبہ بھر میں ملزمان کے قبضہ سے 1560 کلاشنکوف، 39485 پسٹل، 3352 بندوقیں، 2936 رائفلز، 733 ریوالور برآمد کیے گئے، ساتھ ہی ساتھ ملزمان سے لاکھوں کی تعداد میں گولیاں اور کارتوس بھی برآمد کیے گئے۔ صوبائی دارالحکومت میں ملزمان کے قبضے سے 127 کلاشنکوف، 8480 پسٹل، 592 رائفلز، 321 بندوقیں اور 95 ریوالور، ملزمان کے قبضے سے 47 ہزار گولیاں، سینکڑوں کارتوس بھی ملزمان کے قبضے سے برآمد ہوئیں۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ ہوائی فائرنگ میں ملوث ملزمان کے خلاف سخت قانونی کاروائی میں تاخیر نہ کی جائے، سوشل میڈیا اور ٹک ٹاک ویڈیوز میں اسلحہ کی تشہیر کرنے والے ملزمان کو بلاتفریق قانون کی گرفت میں لایا جائے، آئی جی پنجاب نے کہا کہ اسلحہ کے کاروبار میں ملوث ڈیلرز کے لائسنس، سٹاک انسپکشن کا عمل باقاعدگی سے سرانجام دیا جائے اور آر پی اوز، ڈی پی اوز ناجائز اسلحہ کے کریک ڈاؤن کی ہفتہ وار رپورٹس سی پی او کو بھجوائیں۔

جرائم ختم کرنا میری اولین ترجیح ہے، ایس ایچ او دیپالپور

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) تھانہ صدر دیپالپور میں نئے تعینات ہونے والے ایس ایچ او نے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ جرائم ختم کرنا میری اولین ترجیح ہے منشیات فروشی ڈکیتی چوری اور مویشی چوری کے خاتمے کے لئے دن رات کام کروں گا ان خیالات کا اظہار ایس ایچ او تھانہ صدر دیپال پور فخر حیات وٹو صحافی زاہد عمران جنجوعہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ صحافیوں اور پولیس کا آپس میں چولی دامن کا ساتھ ہوتا ہے ہم صحافی برادری سے اچھے تعلقات رکھتے ہیں۔ انہوں نے صحافیوں کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ جرائم کی نشاندھی کریں۔ میں کاروائی کروں گا۔ منشیات فروشی، ڈکیتی اور چوری کے جرائم کا خاتمہ میری اولین ترجیح ہے۔ جس کے لئے دن رات کام کروں گا۔ شریف دیہاتی لوگوں کے لئے میں ہر وقت موجود ہوں وہ جب چاہیں تشریف لائیں۔ ٹاؤٹ مافیا کو میں پسند نہیں کرتا اور معززین جرائم پیشہ افراد کی سفارش نہ کریں۔

گہرے کنویں میں کام کے دوران کرنٹ لگنے سے ایک مزدور جاں بحق

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) گہرے کنواں میں کام کے دوران کرنٹ لگنے سے ایک مزدور جاں بحق جبکہ دوسرا ساتھ تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق چنیوٹ کے نواحی علاقہ اڈا شیرا آباد میں پچاس فٹ گہرے کنواں میں کام کرتے ہوئے اٹھارہ سالہ محمد عباس کرنٹ لگنے کے باعث موقع پر جاں بحق ہو گیا جبکہ ستائیس سالہ واجد علی کو تشویشناک حالت میں تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال منتقل کر دیا گیا وقوعہ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں لاش کو گہرے کنواں سے نکال کر ورثا کے حوالے کر دیا گیا جبکہ زخمی کو فوری طبی امداد دینے کے بعد ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ گہرے کنواں میں کام کے دوران کرنٹ لگنے سے ایک مزدور جاں بحق جبکہ دوسرا ساتھ تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

چوہنگ میں پرائمری سکول کے طلبہ پر فائرنگ، 2 طالبعلم زخمی

لاہور (این این آئی) چوہنگ میں فائرنگ سے پرائمری سکول کے دو طالب علم زخمی ہو گئے جنہیں طبی امداد کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا گورنمنٹ پرائمری سکول دینا ناتھ کے قریب ہونے والی فائرنگ سے 14 سالہ عدیل اور 12 سالہ علی رضا زخمی ہوئے۔ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف نے چوہنگ میں پرائمری سکول کے طلبہ پر فائرنگ کا نوٹس لیتے ہوئے سی سی پی او لاہور سے رپورٹ طلب کر لی۔ وزیر اعلی مریم نواز شریف نے زخمی طلبہ کو بہترین طبی سہولتیں فراہم کرنے کی ہدایت کی۔

حافظ آباد: پانچ پانچ ہزار جعلی نوٹ برآمد ہونے کا انکشاف

ملازم یاسر حبیب کو ایف آئی اے نے حراست میں لیکر تحقیقات شروع کر دی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں نجی بینک کے ملازم کی جانب سے جعلی کیش اسکینڈل سامنے آنے کے بعد جہاں حبیب بینک مدھریانوالہ روڈ کے ملازم یاسر حبیب کو ایف آئی اے نے حراست میں لیکر تحقیقات شروع کر رکھی ہیں وہاں اسٹیٹ بینک پاکستان کی ٹیم نے یہاں پہنچ کر نیشنل بینک مین برانچ حافظ آباد کے خزانہ میں حبیب بینک کی جانب سے جمع کروائے جانے والے کیش کی ویری فیکیشن کا سلسلہ بھی جاری رکھا ہوا ہے۔ مصدقہ ذرائع کے مطابق حبیب بینک کے جمع کروائے جانے والے کیش سے مزید پانچ پانچ ہزار جعلی نوٹ برآمد ہونے کا انکشاف بھی ہوا ہے۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ اسٹیٹ بینک حبیب بینک مدھریانوالہ روڈ حافظ آباد کی برانچ سے جمع کروائے گئے کیش سے پانچ پانچ ہزار کے چار سو جعلی نوٹ نکلنے پر مذکورہ بینک (حبیب بینک) کو دو کروڑ روپے کی پینلٹی ڈال چکا ہے اور اب مزید پینلٹی ڈالے جانے کا امکان ہے۔

ملتان: حاصل پور سب ڈویژن میں بے لگام کرپشن جاری

کرپشن میں لتھڑا سب انجینئر عرصہ دراز سے (ایس ڈی او) کی سیٹ پر براجمان

ملتان (بیورو رپورٹ) محکمہ صوبائی شاہرات کرپشن کا گڑھ، حاصل پور سب ڈویژن میں بے لگام کرپشن جاری، کروڑوں کے منصوبے کرپشن کی نظر، کنگلے اہلکار کروڑ پتی، آمدنی سے کئی گنا زائد کے اثاثے، نامی بے نامی جائیدادیں بھی ملکیت، قیمتی گاڑیاں اور شاہانہ انداز زندگی۔ کرپشن میں لتھڑا سب انجینئر عرصہ دراز سے (ایس ڈی او) کی سیٹ پر براجمان، ٹھیکیداروں سے نمک حلالی، اڈوانس ادائیگیاں، سڑکوں کی تعمیر میں ناقص میٹریل کا دھڑلے سے استعمال جاری، عوامی وسماجی حلقے سراپا احتجاج متعلقہ حکام فوری نوٹس لیں مطالبہ۔ تفصیل کے مطابق محکمہ صوبائی شاہرات کی حاصل پور سب ڈویژن میں ڈاکو راج قائم ہے اور سرکاری خزانے کو بے دردی سے لوٹا جا رہا ہے۔ شفیق نامی ایس ڈی او اور آصف نامی سب انجینئر نے لوٹ مار کے سارے ریکارڈ توڑ دیئے ہیں۔ سلسلہ دھڑلے سے جاری ہے۔ کروڑوں کے منصوبے ذاتی مفاد کی بھینٹ چڑھ چکے ہیں، سرکاری ڈاکوؤں نے مال کے عوض ٹھیکیداروں سے ساز باز کر رکھی ہے۔ پلیوں اور پلوں کی تعمیر میں درجہ دوئم کی اینٹیں استعمال کی جاری ہیں۔ اور بنیادوں میں روڑی کی کمپیکشن بھی مطلوبہ معیار کے مطابق نہ کروائی گئی۔ پلوں اور پلیوں میں استعمال ہونے والا سریا بھی مطلوبہ گیج اور معیار کے مطابق نہیں۔ سڑک کی تعمیر میں استعمال ہونے والا پتھر، مٹی اور خاکہ بھی اسٹیمنٹ کے مطابق نہیں ہے۔ سیمنٹ بھی مطلوبہ ریشو کے مطابق نہیں استعمال کیا جارہا۔ ناقص میٹریل کے استعمال سے سرکاری خزانے کو کروڑوں کا نقصان پہنچایا جا رہا ہے۔ عوامی وسماجی حلقوں اور محب وطن شہریوں نے احتجاج کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر اینٹی کرپشن کی ٹیکنیکل ٹیم سے تعمیراتی منصوبے کا معائنہ کروایا جائے اور استعمال کیے گئے ناقص میٹریل کا لیبارٹری ٹیسٹ کروایا جائے۔ کرپشن میں ملوث اہل کاروں کے خلاف اینٹی کرپشن قوانین کے تحت کاروائی کی جائے۔ سرکاری خزانے کو پہنچائے گئے نقصان کی ریکوری کی جائے۔

ظفروال: بینک الحبیب کی پھرتیاں، اے ٹی ایم مشین کئی دنوں سے خراب

بینک صارفین رل گئے، مشین ٹھیک کرنے کا ٹائم نہیں ملتا مینیجر کی عجیب منطق نوٹس کا مطالبہ

ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق: - بینک الحبیب ظفروال برانچ کی اے ٹی ایم مشین بھی کئی دنوں سے خراب پڑی ہے۔ جس کی وجہ سے بینک اکاؤنٹ صارفین اور دیگر اے ٹی ایم مشین استعمال کرنے والے شہریوں کو رقوم کی منتقلی اور وصولی میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بینک الحبیب ظفروال برانچ کی اے ٹی ایم مشین اکثر خراب ہی رہتی ہے۔ اے ٹی ایم مشین کی خرابی کی وجہ کیا ہے اور کیوں ہمیشہ ہی خراب رہتی ہے کے سوال کے جواب میں بینک الحبیب ظفروال برانچ کے مینیجر بشارت نے عجیب وغریب منطق سنا دی۔ مینیجر بشارت کا کہنا ہے کہ یہ تو عام پریکٹس ہے مشین کا خراب ہو جانا۔ بینک مینیجر بشارت نے کہا ہے کہ اگر ہمارے بینک کی مشین خراب ہے تو شہر میں اور بھی بہت سے بینکوں کی مشینیں ہیں وہاں سے اپنا کام چلا لیجیئے۔ شہریوں کاروباری حضرات و بینک الحبیب ظفروال برانچ کے اکاؤنٹ صارفین نے بینک کے ارباب اختیار سے مطالبہ کیا ہے کہ بینک مینیجر کی غیر ذمہ داری کے مظاہرے پر بینک صارفین شدید پریشانی اور مشکلات کا شکار ہیں۔ اس کی جگہ کوئی خوش اخلاق اور ذمہ دار مینیجر تعینات کیا جائے اور بینک کی اے ٹی ایم مشین جلد از جلد ٹھیک کی جائے۔

حافظ آباد شہر سے نامعلوم چور دو موٹر سائیکل چرا لے گئے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد شہر سے نامعلوم چور دو موٹر سائیکل چرا لے گئے۔ پہلی واردات محلہ جیلانی پورہ میں ہوئی جہاں فرمان علی ولد محمد اشرف نے اپنی موٹر سائیکل گلی میں کھڑی کی تو نامعلوم چور اسکی موٹر سائیکل چرا لے گئے۔ دوسری واردات ریلوے پھاٹک کے قریب ایک مچھلی شاپ کے قریب ہوئی جہاں پر کولو تارڑ کے رہائشی نے اپنی موٹر سائیکل کھڑی کی تو نامعلوم چور اسکی موٹر سائیکل چرا لے گئے۔

چنیوٹ: رنجش کی بنا پر فائرنگ سے اٹھارہ سالہ نوجوان قتل

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) رنجش کی بنا پر فائرنگ سے اٹھارہ سالہ نوجوان قتل تفصیلات کے مطابق صدیق لالی پارک کے قریب رنجش کی بنا پر ملزمان کی فائرنگ سے سترہ سالہ عبداللہ ولد ندیم قوم گجر زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر چل بسا وقوعہ کی اطلاع ملتے ہی ڈی ایس پی لالیاں پولیس کی بھاری نفری کے ہمراہ جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور جائے وقوعہ کو کارڈن کر کے شواہد وغیرہ اکٹھے کئے جا رہے ہیں اور واقعہ کی تحقیق وحسب ضابطہ کاروائی جاری ہے

نصیر آباد، 16 دسمبر سے شروع ہونیوالی پولیو مہم کے دوران 57 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے

نصیر آباد (این این آئی) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ نے کہا ہے کہ ضلع نصیر آباد میں 16 دسمبر سے 22 دسمبر تک شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کے حوالے سے تمام تر اقدامات کو حتمی شکل دی جائے ایک لاکھ 57 ہزار 104 بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کا جو ٹارگٹ دیا گیا ہے اس کے حصول میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے پولیو مہم کے دوران کسی بھی ملازم کی جانب سے کوتاہی برتی گئی تو وہ ناقابل معافی عمل ہوگا سرکاری مشنری کو پولیو مہم کے دوران درست معنوں میں زیر استعمال لانا انتہائی ضروری عمل ہے محکمہ صحت کے تمام ٹیمیں اپنا مثبت کردار ادا کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے انسداد پولیو مہم کے حوالے سے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ افیسر ڈاکٹر عبدالمنان لاکٹی ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر ظاہر حسین عمرانی، ڈاکٹر غلام یاسین داجلی عبیداللہ پندرانی سیکورٹی انچارج علی اصغر ڈومکی ثنا اللہ چکھڑا صدام حسین اور ڈپٹی کمشنر کے پی ایس منظور شیرازی اجلاس کے موقع پر ڈپٹی کمشنر کو شروع ہونے والی پولیو مہم کے حوالے سے تفصیل سے آگاہی فراہم کی گئی۔

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ کا اجلاس

3 میڈیکل سٹورز کے کیس عدالت کو بھجوانے کے احکامات جاری کئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ کا اجلاس۔ اجلاس میں چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر سیف اللہ وڑائچ، سیکریٹری ڈسٹرکٹ کوالٹی کنٹرول بورڈ سمیت ممبران و ڈرگ انسپکٹرز کی شرکت۔ اجلاس میں 16 کیسوں کی سنوائی ہوئی جن میں سے 3 میڈیکل سٹورز کے کیس عدالت کو بھجوانے کے احکامات جاری کئے جبکہ 1 میڈیکل سٹور مالک کے خلاف مقدمہ کے اندراج کی ہدایات جاری کی گئیں اور اس کے ساتھ ساتھ 3 میڈیکل سٹورز مالکان کو وارننگ جاری کی گئی علاوہ ازیں متعدد میڈیکل سٹورز کو سیل کرنے کے احکامات بھی جاری کئے گئے۔ ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا کہ غیر رجسٹرڈ اور ممنوعہ ادویات فروخت کرنے والے میڈیکل سٹور مالکان کسی قسم کی رعائت کے مستحق نہیں ہیں انسانی جانوں سے کھیلنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کاروائی جاری رکھی جائے گی انہوں نے ڈرگ انسپکٹرز کو ہدائیت کی کہ ضلع بھر میں میڈیکل سٹورز کی انسپکشن جاری رکھی جائے اور اس کے ساتھ ساتھ اتائیوں کے خلاف بھرپور کاروائی عمل میں لائی جائے۔

وارداتیں 10 روز میں 10 وارداتوں میں شہری لاکھوں روپے نقدی، طلائی زیورات اور موٹر سائیکلوں سے محروم

پولیس وارداتوں پر قابو پانے میں ناکام مسلسل وارداتوں سے شہریوں میں عدم تحفظ کا احساس

وزیر آباد (نامہ نگار) اڈاکوؤں اور جرائم پیشہ عناصر کی مسلسل وارداتیں 10 روز میں 10 وارداتوں میں شہری لاکھوں روپے نقدی، طلائی زیورات اور موٹر سائیکلوں سے محروم پولیس وارداتوں پر قابو پانے میں ناکام مسلسل وارداتوں سے شہریوں میں عدم تحفظ کا احساس۔ وزیر آباد سرکل میں جرائم پیشہ عناصر اور ڈکیتوں نے شہریوں کا جینا حرام کر دیا چیمہ کالونی میں آڑن مرچنٹ حاجی عبدالرزاق چیمہ کے مینیجر اور ملازمین کو یرغمال بنا کر دو مسلح موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں نے کم و بیش 15 لاکھ روپے چھین لیے، حاجی انور آڑن سٹور ونجوالی کے مالک اسد نامی مقامی تاجر سے مسلح ڈاکوؤں نے دوکان میں گھس کر ڈیڑھ لاکھ روپے نقدی چھین لی، گکھڑ منڈی میں مبشر نامی شہری اور اسکی اہلیہ کو ڈاکوؤں نے 2 لاکھ روپے نقدی اور 2 تولہ طلائی زیورات سے محروم کر دیا، گکھڑ منڈی جی ٹی روڈ پر یوٹرن لیتے ہوئے شہری احمد رضا سکنہ پیر کوٹ کو روک کر مسلح ڈاکوؤں نے 125 موٹر سائیکل چھین لی، گکھڑ منڈی میں ہی شہری غلام مصطفی ساکن چیراکوٹ کو جو کہ شادی کی تقریب سے واپس آ رہا تھا فیملی سمیت یرغمال بنا کر 2 موٹر سائیکلوں پر سوار تین مسلح ڈاکوؤں نے 4 لاکھ 15 ہزار روپے نقدی، 4 تولہ طلائی زیورات لوٹ لیے، گکھڑ منڈی کے رہائشی وکیل کو بھی ڈاکوؤں نے آڑھے ہاتھوں

بھکھی روڈ بمباں والا محلہ گلی کارخانے والی میں سیوریج سسٹم ناکارہ

گلی محلوں میں گزشتہ 6 ماہ سے مسلسل سیوریج کا گندا پانی کھڑا ہونے پر لوگوں نے شدید احتجاج

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) بھکھی روڈ بمباں والا محلہ گلی کارخانے والی میں سیوریج سسٹم ناکارہ ہونے پر گلی محلوں میں گزشتہ 6 ماہ سے مسلسل سیوریج کا گندا پانی کھڑا ہونے پر لوگوں نے شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ متعدد بار ضلعی انتظامیہ کو شکایات بھی درج کروائی گئی ہے مگر ہماری سنوائی نہیں ہو رہی مجبوراً ہمیں احتجاج کی راہ اختیار کرنی پڑی ہے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اہل علاقہ کا مزید کہنا تھا کہ گندا پانی کھڑا ہونے کی وجہ لوگ خاص طور سکول کے بچوں سمیت نمازیوں کو گزرنے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے اور لوگ مختلف بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں اہل علاقہ نے ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے اپیل کی ہے کہ ہمارے اس مسئلے کو فوری طور پر حل کیا جائے تاکہ ہم سکھ کا سانس لے سکیں۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

اعلان لاتعلقی

بوجہ نافرمانی و ناپسندیدہ حرکات سکنات حقیقی محمد عقیل سے لاتعلقی اختیار کرلی ہے لہذا آئندہ من مظہر و دیگر بہن بھائی محمد مظہر، محمد صفدر، عبدالقادر، محمد جمیل، محمد شعبان، محمد خلیل، محمد راحیل پسران عابد بی بی، خالدہ بی بی، راشدہ بی بی، فوزیہ و دیگر اہلخانہ قول فعل، لین دین کے ذمہ دار نہ ہوں گے تمام ادارے نوٹ فرمالے۔

المشتہر: محمد افضل ولد علی شیر سکنہ چک نمبر 219 ر، ب فیصل آباد

بقیہ بقیہ جات 1

نے کہا کہ احتجاج میں قانون نافذ کرنے والے اداروں پر سیدھی فائرنگ کی گئی، دہشت گردی اور املاک کو نقصان پہنچانا احتجاج نہیں ہے، جس طرح لوگ آئے انہیں مظاہرین نہیں دہشت گرد کہا جائے گا۔ آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ دہشت گرد احتجاج میں آتشیں اسلحہ استعمال کر رہے تھے، پولیس اور رینجرز پر حملے کیے گئے۔ علی ناصر رضوی نے کہا کہ سب کو احتجاج کرنے کا حق ہے مگر احتجاج اور دہشت گردی میں فرق ہے، احتجاج کی آڑ میں دہشت گرد کارروائی برداشت نہیں کریں گے۔ اس موقع پر چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا نے کہا کہ کسی بھی غیر ملکی کو اسلام آباد کا امن تباہ کرنے کی اجازت نہیں دیں گے، پکڑے گئے مظاہرین میں افغان شہری بھی شامل تھے۔ انہوں نے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ریاست کی عملداری بحال کرنے کے لیے کردار ادا کیا۔

بقیہ بقیہ جات 2

کی تعریف کی۔ وزیر داخلہ نے ڈی چوک اور اسلام آباد کے علاقے کلیئر کرانے پر رینجرز، اسلام آباد، پنجاب و سندھ پولیس، ایف سی اور پاک فوج کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے شرپسندوں سے کلیئر کرائے گئے علاقوں کا جائزہ لیا اور سڑکوں کی فوری صفائی کا حکم دیا اور اس ضمن میں سی ڈی اے کو صفائی کیلئے ہدایات دیں۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے شرپسندوں کے حملوں سے عمارتوں اور دیگر تنصیبات کو پہنچنے والے نقصانات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو سڑکوں سے رکاوٹیں ہٹانے کی ہدایت کی۔

بقیہ بقیہ جات 3

گے۔ فیصل کریم کنڈی نے اسلام آباد میں ہونے والے پی ٹی آئی کے احتجاج پر طنز کرتے ہوئے کہا کہ علی امین گنڈاپور نے کارکنوں کو تنہا چھوڑنے کی روایت برقرار رکھی۔ انہوں نے کہا کہ میں نے پہلے ہی کہہ دیا تھا کہ فائنل کال مس کال ثابت ہوگی، بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کے بچے باہر ہیں اور یہ پختونوں کے بچوں کو مروا رہے ہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ بشریٰ بی بی نے پارٹی ٹیک اوور کرلی ہے اور وہ اب خیبر پختونخوا میں بھی پنجاب کی کرپشن کی داستانیں رقم کریں گی۔

بقیہ بقیہ جات 4

گاڑی ہری پور کے راستے خیبر پختونخوا میں داخل ہوگئی ہے۔ سیکیورٹی فورسز کے آپریشن کے بعد بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے ساتھ قافلے میں لوگ منتشر ہوگئے، جبکہ جناح ایونیو کو پولیس نے مظاہرین سے خالی کروالیا ہے اور احتجاجی مظاہرین کو خیبر پلازہ سے آگے تک دھکیل دیا گیا۔ تحریک انصاف کے کارکنوں کی اسلام آباد کے ریڈ زون میں پولیس سے جھڑپیں ہوئیں، سارا دن آنکھ مچولی جاری رہی، پی ٹی آئی کے کارکنوں نے ڈی چوک میں کچھ کنٹینرز رسیوں کی مدد سے ہٹادیے، کچھ کنٹینرز کو پلٹ دیا، گیس ماسک پہنے، ڈنڈوں اور غلیلوں سے مسلح کارکنوں نے پولیس پر پتھر برسائے، غلیلوں سے نشانہ بنایا۔

بقیہ بقیہ جات 5

ہوئے کیا۔ بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا کہ ایک جتھے نے اسلام آباد پر حملہ کرنے کی کوشش کی، پی ٹی آئی کا مقصد بہتری کی طرف چلتی معیشت کو سبوتاژ کرنا تھا، پی ٹی آئی کارکنوں کی اموات کا جھوٹا پروپیگنڈا کر رہی ہے، گولیوں سے کوئی ہلاکت نہیں ہوئی۔ بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا کہ یہ لوگ پلان کرکے آئے ہوئے تھے کہ ان کو لاشیں ملیں، حکومت نے تمام چیزوں کو بہت اچھے طریقے سے ہینڈل کیا، پی ٹی آئی کے لوگوں کے پاس اسلحہ موجود تھا، پی ٹی آئی ورکرز علی امین گنڈاپور، بشریٰ بی بی کے کہنے پر فائرنگ کرتے رہے، پی ٹی آئی مظاہرین نے پولیس اہلکاروں پر حملہ کیا، سیکیورٹی کے 6 اہلکاروں کی شہادتیں ہوئیں۔

بقیہ بقیہ جات 6

ماضی میں بھی اسی طرح تھی، یہاں پی ٹی آئی اپنی انا کو قومی مفادات سے بڑا سمجھتی ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ بغاوت کامیاب نہیں ہونے دی جا سکتی، احتجاج کا اعلان ہمیشہ اسی وقت ہوتا ہے جب کوئی دوست ملک کا سربراہ پاکستان آیا ہوتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 7

تھے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے شیر افضل مروت نے کہا کہ علی امین چاہتے تھے کلثوم اسپتال سے ورکرز آگے نہ بڑھیں، تاہم پی ٹی آئی ورکرز ڈی چوک جانے پر بضد تھے۔ شیر افضل مروت کا کہنا تھا کہ ہم احتجاج کرنے گئے تھے، گولیوں کا ہمارے پاس کیا علاج ہے؟ انہوں نے دعویٰ کیا کہ بیگناہ نوجوانوں کو شہید کیا گیا، احتجاج میں ہمارے 12 کارکن شہید ہوئے۔

بقیہ بقیہ جات 8

عزت سے واپس کے پی کے میں پہنچ چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ غیر قانونی جتھوں کے حملوں میں سیکورٹی اہلکار روکتے ہیں اور اس دوران لوگ زخمی ہوتے ہیں، یہ بھی حقیقت ہے کہ ہمارے سیکورٹی اہلکاروں کے پاس آپریشن کلین اپ کے دوران بھی ماسوائے آنسو گیس، حفاظتی شیلڈ اور لاٹھیوں کے علاوہ کچھ بھی نہیں تھا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی پر پابندی کا علم نہیں ہے لیکن اس سارے واقعہ کی تفصیلی رپورٹ تیار کرلی ہے جو نہ صرف کابینہ میں پیش کروں گا بلکہ اس کی بنیاد پر عدالت میں توہین عدالت کی درخواست بھی دائر کی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 9

مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ نواز شریف کی جانب سے بیلا روس کے صدر کے اعزاز میں ذاتی حیثیت میں ظہرانہ دیا گیا جس میں محمد نواز شریف کے اہل خانہ نے بھی شرکت کی۔ مری آمد پر بیلا روس کے صدر الیگزینڈر لوکاشینکو نے محمد نواز شریف سے پرتپاک معانقہ کیا، نواز شریف کو دیکھتے ہی بیلا روس کے صدر نے بانہیں کھول کر گلے لگالیا۔ نواز شریف نے وزیراعظم محمد شہباز شریف، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور دیگر کے ہمراہ انتہائی گرمجوشی سے بیلا روس کے صدر کا استقبال کیا۔ بیلا روس کے صدر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ طویل عرصے بعد اپنے محترم بھائی سے ملاقات پر بے حد خوش ہوں۔

بقیہ بقیہ جات 10

آپریشن کے دوران نکلنے میں کامیاب ہوئے، ابھی علم نہیں کہ دونوں کہاں ہیں۔ رانا ثنا کا کہنا تھا کہ پوری کوشش کی گئی کہ آپریشن کے دوران کوئی جانی نقصان نہ ہو، 500 سے 550 تک لوگ گرفتار کیے گئے ہیں، جو لوگ شہید ہوئے ہیں ان کے مقدمات میں یہ سارے لوگ نامزد ہوں گے، املاک کو نقصان پہنچانے کے مقدمات بھی درج کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دوبارہ جمع ہوسکتے ہیں، اسلام آباد انتظامیہ انہیں کوئی جگہ مختص کرے گی، ریڈ زون سے باہر کہیں بھی اپنا احتجاج ریکارڈ کراسکتے ہیں۔ رانا ثنا اللہ نے بتایا کہ جس وقت آپریشن کیا گیا ان کی تعداد کم تھی، کوشش کی گئی کہ ایسے وقت آپریشن کیا جائے جب تعداد کم ہو، دن کے اوقات میں آپریشن میں زیادہ جانی نقصان بھی ہوسکتا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 11

کوشش کی، بانی پی ٹی آئی کو لیے بغیر نہیں جاؤں گی، مگر آپریشن شروع ہوتے ہی بشریٰ بی بی فرار ہو گئیں۔ وزیر اطلاعات سندھ نے کہا کہ وفاقی وزیر داخلہ نے پی ٹی آئی کی لاشوں کی خواہش پوری نہیں ہونے دی، اہم موقع پر احتجاج کی کال دینا اچھی روایت نہیں۔ شرجیل میمن نے کہا کہ ان کے بچے سکون کی زندگی گزار رہے ہیں اور عوام کے بچوں کو سامنے لاتے ہیں، احتجاج کے دوران رینجرز اہلکار شہید ہوئے، وفاقی حکومت نے صبر سے کام لیا۔ پیپلز پارٹی کے رہنما نے کہا کہ احتجاج کا مقصد یہ نہیں کہ گن پوائنٹ پر ریاست کو یرغمال بنایا جائے، یہ نہیں ہوسکتا عدالتوں سے ریلیف لینے کے بجائے آپ حکومت کی رٹ کو چیلنج کریں۔

بقیہ بقیہ جات 12

مانسہرہ پہنچ گئے ہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے تیمور سلیم خان نے کہا کہ علی امین گنڈاپور کے ساتھ بشریٰ بی بی اور عمر ایوب خان بھی ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ علی امین گنڈاپور، بشریٰ بی بی اور عمر ایوب اسپیکر کے پی اسمبلی بابر سلیم کی رہائش گاہ پہنچے ہیں۔ ذرائع کے مطابق علی امین گنڈاپور اور بشریٰ بی بی نے رات کو سرکٹ ہاؤس مانسہرہ میں قیام کیا۔ سرکٹ ہاؤس مانسہرہ میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب اور اسپیکر کے پی اسمبلی بابر سلیم سواتی بھی موجود تھے۔ دوسری جانب تحریک انصاف نے اسلام آباد میں احتجاج ختم کرنے کا اعلان کردیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 13

گئی۔ حکام نے کہا کہ لاہور سیالکوٹ موٹروے بھی ٹریفک کے لیے کھول دی گئی۔ موٹروے حکام کا کہنا ہے کہ ایم 3، ایم 4 اور ایم 5 موٹرویز کو بھی کھول دیا گیا ہے۔ دوسری جانب ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان میمن نے تمام اسسٹنٹ کمشنرز کو بند راستے کھولنے کی ہدایت کردی۔ عرفان میمن نے ہدایت کی ہے کہ تمام بند راستے فوری کھولے جائیں، تمام شاہراہوں پر صفائی کے انتظامات بھی یقینی بنائے جائیں۔

بقیہ بقیہ جات 14

اور کپڑے چھوڑ کر فرار ہوگئے، عوام کھڑی رہی جبکہ باجی بھاگ گئی، سوشل میڈیا پر ایک کائی لے دے ہو رہی ہے، اس محترمہ نے بانی پی ٹی آئی کی سیاست تباہ کردی، بشریٰ سمجھ رہی تھی شاید وہ پاکستان کی سڑکیں گھوم رہی ہے، مقدمات درج ہوچکے اب کسی کو نہیں چھوڑا جائیگا، کے پی سے صرف چند افراد احتجاج میں شریک ہوئے، دیگر صوبوں نے ان کی کال کو مسترد کردیا، پنجاب کے عوام نے ان کی کال پر بالکل بھی ریسپانڈ نہیں کیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پورے پنجاب میں کسی چیز کی قلت نہیں ہوئی، جب کے پی کے یلغار کر رہا تھا پنجاب کی وزیراعلیٰ تین تین گھنٹے میٹنگز کر رہی تھیں۔ فسادیوں کی کال کو مسترد کرنے پر وزیراعلیٰ پنجاب نے پورے صوبے کی عوام کا شکریہ ادا کیا ہے۔ حماد اظہر سمیت پورے پنجاب میں کوئی بندہ کسی نے نکلتے نہیں دیکھا۔

بقیہ بقیہ جات 15

گنڈاپور مانسہرہ میں ہیں اور محفوظ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی لیڈر شپ نے مایوس کیا، علی امین کے علاوہ کوئی لیڈر سامنے نہیں آیا، لیڈر شپ میں مشاورت اور رابطہ کاری نظر نہیں آئی، پلاننگ کا بھی فقدان تھا۔ پی ٹی آئی رہنما کا کہنا تھا کہ بیرسٹر گوہر اور سلمان اکرم راجہ کہاں تھے؟ شیر افضل مروت بھی غائب تھے، جب لیڈر شپ کے پاس فیصلے کا اختیار نہیں تھا تو اتنے زیادہ کارکنوں کو کیوں لیکر گئی؟ شوکت یوسفزئی نے مزید کہا کہ پہلے سے معلوم تھا حکومت ڈی چوک میں فسطائیت کا مظاہرہ کرے گی، پارٹی کے اندر تحقیقات ہونی چاہیے کہ ڈی چوک کو ہی جانے کیلئے کیوں چنا گیا۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ وفاقی حکومت نے مذاکرات کا کہا تو کیوں نہیں کیے گئے؟ حکومت کی مذاکرات کی پیشکش پر مشاورت کیوں نہیں کی گئی؟

بقیہ بقیہ جات 16

رپورٹ میں پی ٹی آئی کے احتجاجی مارچ کے پرامن اختتام کی پس پردہ کوششوں سے آگاہ معتبر ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ سابق خاتون اول بشریٰ بی بی کی ہٹ دھرمی کے ساتھ ساتھ عملی اور تکنیکی رکاوٹوں نے پی ٹی آئی کے احتجاجی مارچ کو ڈی چوک لے جانے کے بجائے پرامن طریقے سے حل کرنے کی آخری کوششوں کو ناکام بنا دیا۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے معاون اور ترجمان بیرسٹر محمد علی سیف نے اس کی تصدیق کی ہے کہ پیر کی رات سے پی ٹی آئی کی قیادت کو اسلام آباد سے دور رکھنے اور دارالحکومت کے مضافات میں واقع سنگجانی کا رخ کرنے پر قائل کرنے کی کوششیں شروع کردی گئی تھیں۔

بقیہ بقیہ جات 17

حملہ کیا۔ پولیس حکام کا بتانا ہے کہ 25 سے زائد دہشتگردوں نے چیک پوسٹ پر راکٹ اور دستی بموں سے حملہ کیا۔ پولیس کے مطابق دہشتگردوں کے حملے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا جب کہ جوابی کارروائی پر دہشتگرد فرار ہوگئے۔

بقیہ بقیہ جات 18

میڈیا پر مظاہرین کی اموات کا جھوٹا الزام لگایا جارہا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق اپنی ناکامیوں اور کوتاہیوں کو چھپانے کے لیے سوشل میڈیا پر جھوٹا اور منفی پروپیگنڈا کیا جارہا ہے، پولیس اور رینجرز کے آپریشن میں کسی قسم کے آتشیں اسلحے کا استعمال نہیں کیا گیا۔ یاد رہے کہ رات گئے اسلام آباد کے ڈی چوک، بلیو ایریا اور جناح ایونیو کے اطراف رینجرز اور پولیس کے مشترکہ آپریشن کے بعد تحریک انصاف کے رہنما اور کارکن منتشر ہوگئے تھے جبکہ تحریک انصاف نے احتجاج ختم کرنے کا اعلان کر دیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 19

نے دو مقدمات میں بعد از گرفتاری ضمانت کی درخواست پر سماعت کی، ڈاکٹر یاسمین راشد کے وکیل برہان معظم ملک ایڈووکیٹ پیش نہیں ہوئے۔ معاون وکیل نے عدالت سے استدعا کی کہ سینئر وکیل برہان معظم ملک راستے بند ہونے کی وجہ سے پیش نہیں ہوئے، دلائل کیلئے مہلت دی جائے۔ عدالت نے وکیل کو ضمانتوں کو دلائل مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے سماعت 10 دسمبر تک ملتوی کردی۔ یاسمین راشد نے جناح ہاؤس کے قریب چوک میں پولیس کی گاڑیاں کے دو مقدمات میں ضمانت دائر کر رکھی ہے، مقدمات میں بغاوت اور عوام کو فسادات پر اکسانے کی دفعات شامل ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 20

شاخوں میں حج درخواستیں وصول کی جا رہی ہیں۔ ترجمان کا بتانا ہے کہ حج اخراجات کی پہلی قسط 2 لاکھ روپے درخواست کے ساتھ جمع ہوگی، قرعہ اندازی کے 10 دن کے اندر مزید 4 لاکھ روپے جمع کرانا ہوں گے۔ ترجمان کے مطابق منگل کو 4 ہزار درخواستیں موصول ہوئیں، مجموعی طور پر حج درخواستوں کی تعداد 24 ہزار 266 تک پہنچ گئی، حج درخواستوں کی وصولی 3 دسمبر تک جاری رہے گی، سرکاری حج سکیم کی قرعہ اندازی 6 دسمبر کو ہو گی۔ ترجمان کے مطابق سپانسر شپ سکیم کے تحت بغیر قرعہ اندازی 5 ہزار نشستیں مخصوص ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 21

پر بھی انڈر پاس بنایا جائے گا جس کے بعد یہ شاہراہ مکمل سگنل فری ہوجائے گی۔ وہ بدھ کو ایف ایٹ انڈر پاس منصوبے کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے بعد صحافیوں سے گفتگو کر رہے تھے۔ چیف سیکرٹری اسلام آباد و چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا، ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن بھی ان کے ہمراہ تھے۔ وزیر داخلہ کو چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے منصوبے پر جاری پیش رفت سے متعلق بریفنگ دی جس کے بعد صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے وزیر داخلہ محسن نقوی نے بتایا کہ ایف ایٹ انڈر پاس منصوبے کی تکمیل کے لئے 2 ماہ کی ڈیڈ لائن دی گئی تھی لیکن کام جس تیزی سے جاری ہے اس کے مطابق دسمبر کے آخری ہفتے میں یہ منصوبہ مکمل ہو جائے گا جس یہ روڈ ٹریفک آمد و رفت کے لئے کھول دیا جائے گا۔ اس کے ساتھ ہی ہم نے جائزہ لیا تو پتہ چلا کہ ایف نائن اور ایف ٹین میں ٹریفک پھنسنے کا خدشہ ہے تو ہم نے فیصلہ کیا کہ یہاں پر بھی ایک انڈر پاس بنایا جائے جس کے بعد یہ شاہراہ مکمل سگنل فری ہوجائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس منصوبے کی تکمیل سے اس شاہراہ پر سفر کرنے والوں کے لئے آسانی ہوجائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 22

جیل میں ہے، ان کی اہلیہ کو بھی جیل میں بند رکھا گیا، ایسی ظالمانہ روایت ڈالی گئی کہ جس کی مثال پاکستان تو کیا دنیا کی سیاسی تاریخ میں بھی نہیں ملتی۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے علی امین گنڈاپور نے کہا کہ اسلام آباد میں پرامن احتجاج کرنے والے ہمارے سیکڑوں کارکن شہید کردیے گئے، سیدھی گولیاں ماری گئیں، سیکڑوں کارکن زخمی ہیں جن کا ڈیٹا ابھی آرہا ہے، شہدا کا ڈیٹا بھی ابھی آرہا ہے، ہزاروں کارکن اس وقت گرفتار ہیں، آخر ہمارے راستے میں رکاوٹیں کیوں کھڑی کی گئیں، ہم پر تشدد نہ کیا جاتا تو ہمارے لوگ بھی جواب نہ دیتے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے پارٹی کے لیڈرز اور کارکنوں کو بیرحمانہ تشدد کا نشانہ بنایا گیا، یہاں تک کہ ہمارے ووٹرز کو بھی ہراساں کیا گیا، جب بھی ہم جلسہ کرنے کی اجازت مانگتے ہیں ہمیں اجازت نہیں دی جاتی، پرامن احتجاج کے لیے درخواستیں دیں تو کوئی جواب نہیں ملتا۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ دھرنا ایک تحریک ہے جو جاری ہے اور عمران خان کو نہیں چھوڑ دیے گئے تو یہ دھرنا جاری رہے گا، یہ دھرنا عمران خان کے اختیار میں ہے، ضروری نہیں ہے کہ ہر وقت دھرنے کے اندر عوام موجود ہوں۔

بقیہ بقیہ جات 23

فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق چین کے سینٹرل ملٹری کمیشن کے وائس چیئرمین جنرل ژانگ یوشیا نے اعلیٰ سطح کے وفد کے ہمراہ جنرل ہیڈ کوارٹرز (جی ایچ کیو) کا دورہ کیا۔ جنرل ژونگ نے پہلے آرمی چیف جنرل عاصم منیر سے ون آن ون ملاقات کی بعد ازاں وفود کی سطح کے مذاکرات ہوئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقاتوں میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی، دوطرفہ دفاعی تعاون کو بڑھانے پر تبادلہ خیال ہوا جبکہ جنرل عاصم منیر نے باہمی اعتماد اور تعاون کو مزید فروغ دینے پر زور دیا، آرمی چیف نے پاک چین دوستی کا ذکر بھی کیا۔

بقیہ بقیہ جات 24

محمد سہیل نے لی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ گزشتہ رات اپوزیشن کا احتجاج ختم ہونے پر اسٹاک ایکسچینج نے بہترین ریکوری کی ہے۔ دوسری جانب پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کاروبار کا آج مثبت آغاز ہوا ہے۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کا 100 انڈیکس 3 ہزار 618 پوائنٹس کے اضافے سے 98 ہزار 192 پر آ گیا۔ اب تک کے کاروبار کے دوران انڈیکس 98 ہزار 315 کی بلندی پر بھی پہنچا۔ گزشتہ روز کاروبار کے اختتام پر انڈیکس 98 ہزار 574 پوائنٹس پر بند ہوا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 25

ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وفاقی دارالحکومت کے تین اسپتالوں میں 10 جاں بحق افراد اور 71 زخمی لائے گئے۔ پی ٹی آئی احتجاج کے دوران سیکیورٹی فورسز کے ساتھ جھڑپ میں 6 سول اور 4 سیکیورٹی فورسز کے اہلکار جاں بحق ہوئے۔ پمز، پولی کلینک اور سی ڈی اے اسپتال میں کل 44 سول زخمی افراد لائے گئے ہیں جبکہ 27 سیکیورٹی فورسز کے زخمی اہلکار لائے گئے ہیں۔ سی ڈی اے اسپتال میں 2 سول زخمی افراد لائے گئے جن میں ایک آنسو گیس شیل سے زخمی ہوا اور ایک کو کندھے میں گولی لگی۔ پمز اسپتال میں 27 پولیس اہلکار اور 14 سول زخمی افراد لائے گئے ہیں جبکہ اسپتال لائے گئے 7 جاں بحق افراد میں سے 4 سیکیورٹی اہلکار اور 3 سول افراد شامل ہیں۔ پولی کلینک میں 3 جاں بحق اور 28 سول افراد زخمی حالت میں لائے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 26

میں 2 بچے اور ایک خاتون شامل ہے جبکہ جاں بحق خاتون کی شناخت ثناء جاوید کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس نے منی ٹرک کو تحویل میں لے کر ڈرائیور محمد حاکم کو گرفتار کرلیا ہے۔ پولیس کے مطابق گرفتار ڈرائیور کے خلاف قانونی کارروائی کی جا رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 27

اہلکاروں کی شرپسندوں کے ہاتھوں ہلاکت کی شدید مذمت کرتا ہوں، خواتین کی بزنس سمیت مختلف شعبوں میں کارکردگی قابل تعریف ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس لاہور میں ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری لاہور ڈویژن کے وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ پرامن احتجاج ہر سیاسی پارٹی کا حق ہے لیکن احتجاج کی آڑ میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے خلاف پرتشدد واقعات کا رونما ہونا کسی طرح بھی ٹھیک نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے احتجاج کے دوران رینجرز اور پولیس اہلکاروں کی شرپسندوں کے ہاتھوں قیمتی جانوں کا ضیاع نہایت افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ کوئی بھی ایسا مسئلہ نہیں جو باہمی مذاکرات کے ذریعے حل نہ ہوسکے۔

بقیہ بقیہ جات 28

پل سے ٹریفک شہر میں داخل اور باہر جاری ہے، ٹھوکر نیاز بیگ سے ملتان روڈ ٹریفک آمد و رفت جاری ہے۔ اسی طرح رائے ونڈ روڈ، فیروز پور روڈ، گجومتہ بھی ٹریفک کیلئے کھلے ہیں، لاہور رنگ روڈ کو بھی ٹریفک کیلئے کھول دیا گیا جبکہ شہر کے اندر ٹریفک معمول کے مطابق رواں دواں ہے۔ دوسری جانب موٹرویز بھی کھلنا شروع ہوگئی ہیں، ایم 2 لاہور تا اسلام آباد کو کھول دیا گیا، ایم 11 سیالکوٹ تا لاہور بھی کھل گیا۔ حکام کے مطابق ایم 1 موٹروے پر بھی جلد مکمل ٹریفک بحال ہو جائے گی، مرمت کے باعث موٹروے کو بند کیا گیا تھا، ایم ون موٹر وے پشاور تا اسلام آباد کو مظاہرین نے پہلے ہی کھول دیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 29

قانونی بھرتی کیس کی سماعت اینٹی کرپشن عدالت میں ہوئی جس میں پرویز الٰہی کی جانب سے پیش نہ ہونے کا فیصلہ کرتے ہوئے حاضری معافی کی درخواست جمع کروائی گئی ہے۔ عدالت میں دائر درخواست میں بتایا گیا ہے کہ پرویز الٰہی کی طبیعت ناساز ہے۔ جیل میں گرنے کی وجہ سے پرویز الٰہی کی پسلیاں ٹوٹ گئی تھیں اور وہ پوری طرح صحت یاب نہیں ہو سکے۔ ڈاکٹر نے انہیں آرام کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ عدالت ایک روزہ حاضری معافی کی درخواست منظور کرے۔

بقیہ بقیہ جات 30

کے احتجاج کے دوران قانون نافذ کرنے والے اداروں کی شوٹنگ سے کئی مظاہرین کی اموات ہوئی ہیں۔ مظاہرین کی اموات کی خبروں میں کوئی صداقت نہیں، اپنی ناکامیوں اور کوتاہیوں کو چھپانے کے لیے ایک بار پھر من گھڑت اور جھوٹا پروپیگنڈا کیا جارہا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع نے واضح کیا کہ رات گئے پولیس اور رینجرز کے آپریشن میں کسی قسم کے آتشیں اسلحے کا استعمال نہیں کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 31

ہے۔ محکمہ معدنیات کا مستقبل ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن اور انفارمیشن ٹیکنالوجی میں ہے۔ جدید ٹیکنالوجی سے بہت سے مسائل پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ سیکرٹری معدنیات پنجاب پرویز اقبال اور دیگر افسران کی اجلاس میں شرکت۔ سیکرٹری معدنیات نے کہا کہ تمام مائنز کی آن لائن مونیٹرنگ کے لیے محکمہ مختلف اقدامات اٹھا رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 32

خورد کے مقام پر روڈ بلاک کرنے کے لئے کنٹینر دوبارہ لگادیے گئے ہیں جبکہ خیبر پختونخوا اور پنجاب کو ملانے والے رابطہ پل پر پولیس کی بھاری نفری تعینات ہے۔ اس سے قبل اٹک پل کو بڑی گاڑیوں کی آمد و رفت کیلئے کھول دیا گیا تھا۔ واضح رہے کہ سکیورٹی فورسز کی جانب سے بلیو ایریا کو شرپسندوں اور انتشار پسندوں سے خالی کروالیا گیا ہے۔ سکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ علاقہ کلیئر کروانے کے بعد اس وقت وہاں کوئی آپریشن نہیں کیا جارہا، جناح ایونیو، سیونتھ ایونیو سے مظاہرین گاڑیاں چھوڑ کر بھاگ گئے۔

بقیہ بقیہ جات 33

بشریٰ بی بی کے پی میں نہیں ہوسکتیں، وہ کے پی میں ہوتیں اور خیریت سے ہوتیں تو ضرور فیملی سے رابطہ کرتیں۔ انہوں نے کہا کہ لگتا ہے بشریٰ بی بی کو زبردستی اغوا کرکے لے جایا گیا ہے۔ بشریٰ بی بی کی بہن کا کہنا ہے کہ دھرنے کا مومنٹم بنا ہوا تھا، وہ وہاں سے بھی نہیں جاتیں، بشریٰ نے لائحہ عمل بتا دیا تھا کہ دھرنے کو ختم کرنے کا حق صرف بانی کے پاس ہے۔

بقیہ بقیہ جات 34

جھگڑا ہونا چاہیے، علی امین گنڈاپور دوسری بار بھاگے ہیں۔ یہ فائنل کال نہیں مس کال تھی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ علی امین گنڈاپور اور بشریٰ بی بی ایک گاڑی میں فرار ہوئے، پی ٹی آئی کا اسلام آباد کو ٹیک اوور کرنے کا پلان تھا۔ وفاقی وزیر اطلاعات کا کہنا تھا کہ اہم عہدوں پر تعینات سرکاری شخصیات کو نشانہ بنانے کا پلان تھا، کنٹینر کو اس لیے آگ لگائی گئی کیونکہ اس میں اہم معلومات تھیں۔ عطا تارڑ نے کہا کہ ڈی چوک سے سیونتھ ایونیو تک ہوکر آیا ہوں، پی ٹی آئی والے دم دبا کر بھاگے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 35

جو شہر کے پرائیویٹ ہسپتالوں کے نسبت نہ ہونے کے برابر ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ثریا عظیم ہسپتال میں دو روزہ فری میڈیکل کیمپ کے افتتاح کے موقع پر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ ثریا عظیم ہسپتال میں دو روزہ فری میڈیکل کیمپ کے کامیاب انعقاد پر ایم ایس ڈاکٹر فواد رانا اور ان کی پوری ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں جنہوں نے غریبوں اور مستحق افراد کیلئے آج کے کیمپ کا انعقاد کیا۔ کیمپ میں مفت چیک اپ، مفت ادویات، ای سی جی، یورک ایسڈ، کیلشیم، وٹامن ڈی اور مفت ٹیسٹ کیے جائیں گے۔ کیمپ میں مریضوں میں مفت چیک اپ، مفت ادویات، ای سی جی، یورک ایسڈ، کیلشیم، وٹامن ڈی اور مفت ٹیسٹ 200 زائد مریضوں کو فراہم کی گئیں ہیں۔ اس موقع پر قائم مقام سیکرٹری گورننگ باڈی، ملک محمد ظہیر، ایم ایس ہسپتال ڈاکٹر فواد نور، چوہدری محسن بشیر ایچ او ڈی فنانس ممبر گورننگ باڈی، فیاض احمد فیضی ڈائریکٹر الائیڈ ہیلتھ سائنسز و دیگر موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 36

نے کہا کہ صوبوں کے ساتھ مشاورت کرکے ہی ایسے معاملات پر اقدامات کرنا چاہئیں اور کسی بھی صوبے کو احتجاج پر مجبور نہیں کیا جانا چاہیے۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی اگر رابطے میں رہے تو ان کیلئے کردار ادا کرسکتا ہوں مگر وہ رابطے میں مستقل نہیں رہتے، حکومت بانی پی ٹی آئی کو جیل میں رکھنے اور وہ باہر نکالنے کی ضد میں رہے تو ملک میں انارکی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ قیادت کی بات نہیں کررہا مگر کارکن اپنے نظریات اور قیادت سے مخلص ہوتا ہے، کارکن کے جذبات کو اعتدال کے راستے پر لانا اور صحیح سمت پر چلانا ہی ایک اچھے لیڈر کی نشانی ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے دھرنے دیے، پی ڈی ایم کے مارچ ہوئے، آزادی مارچ میں 15 لاکھ سے زیادہ لوگ اسلام آباد میں جمع ہوئے مگر کہیں کوئی واقعہ پیش نہیں آیا، کارکن کو جدوجہد اور تشدد کے بغیر راستہ دکھانا ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 37

تھے۔ مرحوم انجمن حمایت اسلام کے بھی رکن رہے جبکہ جامع مسجد برہان گلبرگ کے بانی متولی بھی تھے۔ مرحوم ساری زندگی انسانی فلاح و بہبود اور دینی خدمات کیلئے ہمہ وقت کوشاں رہے۔ نماز جنازہ کے موقع پر چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل علامہ ڈاکٹر محمد راغب حسین نعیمی نے مرحوم کی سماجی و دینی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ حاجی غلام مصطفی رحمۃ اللہ علیہ کی جامعہ نعیمیہ ساتھ وابستگی قابل ستائش رہی، ہم دعاگو ہیں کہ اللہ کریم مرحوم کی ادارے کی تعمیر و ترقی کیلئے دی جانے والی خدمات کو قبول فرمائے اور انہیں اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔ اللہ کریم حاجی غلام مصطفی رحمۃ اللہ علیہ کے لواحقین اور سوگواران کو صبر جمیل اور یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

بقیہ بقیہ جات 38

ایک دوسرے کے خلاف تشدد اور طاقت کا استعمال ہم سب کی زندگیوں میں مزید مشکلات اور انتشار بڑھا رہا ہے جس کا براہ راست اثر ملک کی معیشت، سیاسی استحکام پر ہو رہا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان مرکزی مسلم لیگ ایک بار پھر واضح کرتی ہے کہ جلتی پر تیل ڈالنے کی بجائے تمام سیاسی جماعتوں کو قومی مفاد میں ایک نیشنل ڈائیلاگ کی ضرورت ہے۔ یہ نیشنل ڈائیلاگ نہ صرف ملکی مسائل کا حل فراہم کرے گا بلکہ یہ سیاسی عدم استحکام اور نفرت کی فضا کو ختم کرنے میں بھی مددگار ثابت ہوگا۔ ہم سمجھتے ہیں کہ جب تک تمام اسٹیک ہولڈرز کو ایک مشترکہ پلیٹ فارم پر جمع کرکے بات چیت کا آغاز نہیں کیا جاتا، جب تک ملک میں مزید سیاسی بحران اور عوامی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ خالد مسعود سندھو نے مزید کہا کہ پاکستان مرکزی مسلم لیگ کا روز اول سے یہ مطالبہ رہا ہے کہ ملک کے مسائل صرف جبر اور طاقت کے استعمال سے نہیں بلکہ مکالمے، مفاہمت اور مذاکرات کے ذریعے حل کیے جا سکتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 39

آواز اٹھائی، سپریم کورٹ بار سفاکانہ اور قابل مذمت اقدام کی طرف آنکھیں بند نہیں کرسکتی۔ صدر سپریم کورٹ بار میاں رؤف عطا نے کہا کہ نہتے مظاہرین پر براہ راست گولیاں چلانے پر انتہائی تشویش ہے، اس طرح کی وحشیانہ طاقت کا استعمال وفاقی وزیر داخلہ کے حکم پر کیا گیا، محسن نقوی سے فی الفور مستعفی ہونے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی وزیر داخلہ آمرانہ ذہنیت کے ساتھ ساری صورتحال کو غلط طریقے سے ہینڈل کر رہے تھے، اس بربریت کے نتیجے میں مارے جانے والے ہمارے پاکستانی شہری تھے۔

بقیہ بقیہ جات 40

انتشار پسندوں کی وجہ سے ہونے والی رکاوٹوں پر عوام کی تکالیف کا احساس ہے، عوام کو پہنچنے والی تکالیف اور پریشانی پر بے حد افسوس ہے۔

بقیہ بقیہ جات 41

قتل اور آپریشن کی مذمت کرتے ہیں، کارکنوں کو سیدھی گولیاں ماری گئیں، ہم حکومتی منصوبے کے پیش نظر احتجاج منسوخ کر رہے ہیں۔ بانی پی ٹی آئی کی ہدایات کی روشنی میں آئندہ کا لائحہ عمل طے کریں گے۔ واضح رہے کہ اسلام آباد میں بلیو ایریا میں خیبر چوک کے قریب پی ٹی آئی مظاہرین کے خلاف پولیس نے آپریشن کرتے ہوئے متعدد مظاہرین کو گرفتار کرلیا جبکہ کچھ کارکن بھاگ نکلنے میں کامیاب ہوگئے۔ سکیورٹی ذرائع کا کہنا تھا کہ بلیو ایریا اس وقت مکمل طور پر کلیئر کروا لیا گیا ہے، علاقہ کلیئر کروانے کے بعد اس وقت وہاں کوئی آپریشن نہیں کیا جارہا۔

بقیہ بقیہ جات 42

قانونی، اور سماجی ذمہ داری ہے۔ خواتین کے خلاف تشدد ایک خاموش وبا کی طرح ہے جس کا خاتمہ صرف حکومتی اقدامات سے ممکن نہیں بلکہ معاشرتی رویوں کی تبدیلی اور اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے۔ انہوں نے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے اقدامات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ نے تشدد سے متاثرہ خواتین کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے پناہ گاہیں قائم کرنے کے ساتھ ساتھ ورکنگ خواتین کی سہولت کے لیے ورکنگ ویمن ہاسٹلز اور ورکنگ ویمن کی آسانی کے لئے ڈے کیئر سینٹرز بھی بنائے ہیں تا کہ خواتین بچوں کی پریشانی سے آزاد ہو کر اپنے کام پر مکمل توجہ مرکوز کرسکیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اس سال ڈے کیئر سینٹرز بنانے کے لئے ایک ارب روپے کا بجٹ مختص کیا ہے جس سے پنجاب بھر کے سرکاری محکموں میں 600 سے زائد ڈے کیئر سینٹر بنائے جائیں گے۔ سعدیہ تیمور نے بتایا کہ محکمہ تشدد کا شکار ہونے والی خواتین کو قانونی معاونت، اور نفسیاتی مشاورت بھی فراہم کر رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 43

دی، نہروں کے پانی کو جدید طرز پر فلٹر کرکے عوام کو صحت بخش پانی فراہم کیا جائے گا، علاقے کی مجموعی صورتحال کے پیش نظر عوامی سہولت کے مطابق پالیسی ترتیب دی جارہی ہے، صوبائی وزیر بلال یاسین کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر صوبہ بھر میں صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنائیں گے، پنجاب صاف پانی اتھارٹی صوبہ بھر کے واٹر فلٹریشن پلانٹس کی نگرانی کرے گی، آئندہ سال تک کے اہداف کو ترجیحی بنیادوں پر حاصل کیا جائے گا، چیئرمین صاف پانی اتھارٹی زاہد اکرم نے کہا کہ مری سے راجن پور تک صاف پانی کے منصوبے مرتب کیے جا رہے ہیں، چیف ایگزیکٹو آفیسر سید زاہد عزیز کا کہنا تھا کہ زیر زمین پانی کے نکالنے کے عمل کو محدود کرنا ہوگا، نہری پانی کے استعمال سے پانی کو آنیوالی نسلوں کیلئے محفوظ کیا جاسکتا ہے، جدید ٹیکنالوجی سے نہر کے پانی کو عالمی معیار کے مطابق پینے کے قابل بنایا جاسکتا ہے، اس موقع پنجاب صاف پانی اتھارٹی کے ڈائریکٹرز اور دیگر افسران بھی شریک تھے۔

بقیہ بقیہ جات 44

تمام سیاسی جماعتوں اور ریاستی اداروں سے اپیل کرتی ہے کہ مسائل کو افہام و تفہیم اور مکالمے کے ذریعے حل کیا جائے۔ طاقت کا استعمال نہ صرف عوام کے اعتماد کو مجروح کرتا ہے بلکہ جمہوری نظام پر بھی منفی اثرات مرتب کرتا ہے۔ پاکستان مرکزی مسلم لیگ کا موقف ہمیشہ یہ رہا ہے کہ تمام فریقین کو آئین، قانون اور جمہوری روایات کے دائرے میں رہ کر اپنے حقوق کے لیے جدوجہد کرنی چاہیے۔ دھرنوں اور احتجاج کے دوران امن و امان کا قیام یقینی بنانا حکومت کی ذمہ داری ہے لیکن اس کے لیے طاقت کے بے جا استعمال کو کسی صورت قبول نہیں کیا جاسکتا۔ ہم حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ اس واقعے کی شفاف تحقیقات کی جائیں اور ذمہ داران کو کٹہرے میں لایا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 45

سے گفتگو کرتے ہوئے سندھ کے سینئر وزیر اور اطلاعات، ٹرانسپورٹ اور ماس ٹرانزٹ کے صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا کہ بشریٰ بی بی عمران خان سے بھی دو ہاتھ آگے نکلیں، انہوں نے عوام کو مروانے کی بھرپور کوشش کی، بشریٰ بی بی اور خیبر پختونخواہ کے وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کنٹینر پر کھڑے ہوکر بول رہے تھے کہ عمران خان کو ساتھ لے کر جائیں گے، لیکن جب پولیس نے کارروائی کی تو سب سے پہلے سی ایم کے پی اور بشریٰ بی بی فرار ہوگئیں۔

بقیہ بقیہ جات 46

گلوں، خالد نواب، میاں زاہد حسین، نوید بخاری اور دیگر رہنماؤں کی جانب سے چیئرمین منتخب ہونے پر مبارکباد کے لئے آمد پر کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایس ایم تنویر کی قیادت میں بزنس کمیونٹی متحد ہے، ایف پی سی سی آئی میں عاطف اکرام شیخ کی صورت میں بہترین رہنما ملے ہیں جنہوں نے فیڈریشن کے وقار کو بلند کیا اور بین الاقوامی سطح پر پاکستان اور ایف پی سی سی آئی کا نام روشن کیا۔ شیخ عمر ریحان نے کہا کہ بیلاروس سے تجارت کے فروغ کیلئے بینکنگ چینل کو کھولا جائے اور دونوں ممالک کے درمیان باہمی تجارت مقامی کرنسی میں کی جائے جس سے معاشی استحکام اور زرمبادلہ کے ذخائر پر دباؤ کم ہوگا۔ شیخ عمر ریحان نے کہا کہ پاکستان اور بیلاروس کے درمیان تجارتی حجم انتہائی کم ہے جسے بڑھانے کیلئے دوطرفہ تجارتی وفود کا تبادلہ ضروری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 47

کے تھانہ درابن کی سرحدی چوکی لکھانی پر خوارجی دہشت گردوں نے رات گئے اچانک حملہ کردیا۔ 25 سے 30 خوارجی دہشت گرد چیک پوسٹ پر چاروں طرف سے حملہ آور ہوئے اور راکٹ، دستی بموں سمیت بھاری اسلحے کا استعمال کیا۔ پولیس نے تھرمل امیج کیمروں کی مدد سے خوارجی دہشت گردوں کی نشاندہی کی۔ پولیس، ایلیٹ فورس، رینجرز اور سی ٹی ڈی اہلکاروں نے مل کر خوارجی دہشت گردوں کا مقابلہ کیا۔ پولیس کے جانبازوں نے مشین اور مارٹر گنز سے فائرنگ کرکے فوری جوابی کارروائی کی۔ پولیس کی بھرپور جوابی کارروائی نے خوارجی دہشت گردوں کو فرار پر مجبور کر دیا۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق موثر جوابی کارروائی کے نتیجے میں دہشت گرد بھاری جانی نقصان اٹھا کر فرار ہوگئے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا بارڈر پر تمام چیک پوسٹس پہلے سے ہائی الرٹ تھیں، جس کے باعث یہ حملہ ناکام بنایا گیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے دہشت گردوں کا حملہ پسپا کرنے پر ڈیرہ غازی خان پولیس کو شاباش دی۔

بعدالت جناب قیصر عباس جسپال صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 1 شمالی

متوفیہ: رسولاں بی بی بیوہ رحیم داد

وارثان: محمد بوٹا والد، فاطمہ بی بی والدہ، رحیم داد خاوند متوفیہ پہلے فوت شدہ۔

زندہ: محمد سہیل پسر متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کرواسکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کردیا جائے گا۔

دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 48

سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر نیشنل انسٹیٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن کراچی کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر سید سیف الرحمن اور دیگر افسران بھی موجود تھے، قبل ازیں ڈائریکٹر جنرل NIPA ڈاکٹر سید سیف الرحمن اور دیگر افسران نے نیپا پہنچنے پر میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کا استقبال کیا، میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے نیشنل انسٹیٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن (نیپا) کراچی کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر سید سیف الرحمن کے ہمراہ پرچم کشائی کی اور پودا بھی لگایا، میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے نیشنل انسٹیٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن کراچی میں سینئر مینجمنٹ کورس کے آفیسرز سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی شعبے میں مہارت تعلیم اور تجربے کی متقاضی ہے، خود میں نے دو سال لا فرم میں پریکٹس کرنے کے بعد ہمت کرتے ہوئے اپنی لا فرم بنائی تا کہ قانون کے میدان میں اپنی صلاحیتوں کو استعمال کرسکوں، انسان جہاں بھی جائے سیکھنے اور آگے بڑھنے کا عمل مسلسل جاری رہنا چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 49

میں ملائے۔ بدھ کو اپنے بیان میں وزیر داخلہ محسن نقوی نے حملہ پسپا کرنے پر پولیس افسران اور جوانوں کو شاباش دی۔ ان کا کہنا تھا کہ پولیس نے بہادری کے ساتھ دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا۔ پنجاب پولیس کے کمانڈر آئی جی عثمان انور اور ان کی پوری ٹیم کو مبارکباد دیتا ہوں۔ محسن نقوی نے کہا کہ پنجاب پولیس نے ہمیشہ جرات اور بہادری کی تاریخ رقم کی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 50

ماضی کے تمام ریکارڈ توڑ دیے، وزیر داخلہ نے پی ٹی آئی کی لاشوں کی خواہش پوری نہیں ہونے دی، اہم مواقع پر اس قسم کی کالز دینا اچھی روایت نہیں، ان کی یہ کال 9 مئی سے کسی صورت کم نہیں تھیں۔ میڈیا سے بات چیت میں شرجیل میمن نے کہا کہ پچھلے دو تین دن سے جو ہو رہا ہے وہ نہایت افسوسناک عمل ہے، بیلاروس کے صدر وفد سمیت پاکستان آئے، چین کا وفد بھی آیا، اہم موقعوں پر پی ٹی آئی کی جانب سے ملک کو ڈی ریل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے اس افسوسناک اقدام نے ماضی کے تمام ریکارڈ توڑ دیے، اہم وقت میں اس قسم کی کالز دینا اچھی روایت نہیں، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے احتجاج کو لیڈ کیا، خیبر پختونخوا صوبے کی پوری مشینری استعمال کی گئی۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ پنجاب پولیس کو یرغمال بنایا گیا، تشدد کیا گیا، رینجرز اور ایف سی کے جوانوں کو شہید کیا گیا، وفاقی حکومت نے صبر اور تحمل کا مظاہرہ کیا، وزیر داخلہ کہتے آرہے ہیں کہ پی ٹی آئی چاہتی ہے ان کو لاشیں ملیں، وفاقی حکومت، وزیر داخلہ صاحب بہت متحرک نظر آئے، وزیر داخلہ نے پی ٹی آئی کی لاشوں والی خواہش پوری نہیں ہونے دی۔ شرجیل میمن نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کہتے تھے میری بیگم صاحبہ غیر سیاسی ہیں، بیگم صاحبہ بہت ہی سیاسی نکلیں، وہ بانی پی ٹی آئی سے دو ہاتھ آگے نکلیں، بشریٰ بی بی ورکرز کے جذبات کو ابھارتی رہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ جب پولیس نے ایکشن شروع کیا تو سب سے پہلے علی امین گنڈاپور اور بشریٰ بی بی بھاگیں، ان کی اپنی اولادیں ملک سے باہر سکون والی زندگی گزار رہی ہیں، ان کی یہ کال 9 مئی سے کسی صورت کم نہیں تھیں، سب کیلئے یہ آنکھیں کھولنے کیلئے کافی ہے۔ شرجیل میمن نے کہا کہ بشریٰ بی بی کا کردار بہت منفی رہا، احتجاج سب کا حق ہے، کوئی منع نہیں کرتا، لوگ منہ پر ماسک پہن کر آرہے ہوتے، ان کے مظاہرین کے ہاتھ میں آنسو گیس کے شیل ہوتے ہیں، کون سے ملک میں پولیس، فورسز اور رینجرز پر حملہ کیا جاتا ہے؟ سرکاری املاک کو آگ لگانا کون سا احتجاج ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ احتجاج کا مطلب یہ نہیں کہ آپ اسٹیٹ کو یرغمال بنائیں، ہم بھی عدالتوں کا سامنا کر رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 51

ہوئے۔ دوران سماعت خیبر پختونخوا حکومت کے وکیل نے کہا کہ گزشتہ روز دونوں اطراف سے ہلاکتیں ہوئیں، آئینی بینچ ازخود نوٹس لے سکتا ہے۔ آئینی بینچ ان واقعات پر ازخود نوٹس لے۔ آئینی بینچ کے سربراہ جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ جو معاملہ ہمارے سامنے سرے سے ہے ہی نہیں، اسے نہیں دیکھ سکتے۔ بعد ازاں، سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے ازخود نوٹس لینے کی استدعا مسترد کردی۔ جسٹس مسرت ہلالی نے کہا کہ سپریم کورٹ میں پیش ہوکر سیاسی باتیں نہ کریں۔

بقیہ بقیہ جات 52

قبل کے مقابلے میں 10 فیصد کمی واقع ہوئی جو گزشتہ ماہ ہونے والی 1.27 فیصد کمی کی نسبت نمایاں طور پر کم ہے۔ قومی ادارہ شماریات کے شماریات دان یوآئی تنگ نے اس بہتری کی وجہ موجودہ پالیسیوں کے نفاذ اور بڑھتے ہوئے اقدامات کے پیکیج کو قرار دیا۔ اکتوبر میں صنعتی پیداوار میں مستحکم اضافہ ہوا اور کاروباری منافع میں ہونے والی کمی کو نمایاں طور پر کم کیا گیا۔ قومی ادارہ شماریات کے مطابق اکتوبر میں 60 فیصد سے زائد صنعتی شعبوں نے گزشتہ ماہ کے مقابلے میں بہتر منافع حاصل کیا۔ ادارے کی زیر نگرانی 41 صنعتی کیٹگریز میں سے 27 نے اکتوبر کے دوران تیز تر منافع کی ترقی، کم تر منافع میں کمی، یا خسارے سے منافع میں تبدیلی کی اطلاع دی۔ اعلیٰ ٹیکنالوجی کا اس مثبت رجحان میں نمایاں حصہ رہا جس کا منافع میں گزشتہ برس کی نسبت 9.12 فیصد اضافہ ہوا۔ یو نے بتایا کہ خاص کر اعلیٰ درجے کی ذہین اور ماحول دوست پیداوار میں منافع کی شرح تیز رہی۔ پہنے جانے والے اسمارٹ آلات کی پیداوار اور لیتھیم آئن بیٹری کی پیداوار کے نفع میں بالترتیب 3.73 فیصد اور 4.39 فیصد اضافہ ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 53

گے، بزنس کمیونٹی کے وفاق سے متعلق مسائل پر ان سے بات کریں گے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ امن و امان کی مجموعی صورت حال پر وزیراعظم سے بات چیت ہوئی ہے جو قانونی طور پر تجارت کرتے ہیں اس کی حوصلہ افزائی کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اسمگلنگ کو قانونی تجارت کا نام نہیں دیا جا سکتا، اسمگلنگ سے انفرادی لوگ فائدہ اٹھاتے ہیں، غیر قانونی تجارت کی حوصلہ شکنی کریں گے، ہم تاجر اور کاروباری افراد کی آواز بنیں گے، اپنی جائز بات منوائیں گے۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ بچے کا اغواء بہت دکھ اور افسوس کی بات ہے، اگر دھرنا دینے سے بچہ بازیاب ہوسکتا تو ہم سب دھرنے میں جا کر بیٹھ جاتے۔

بعدالت مہر احسن شہزاد دھرل صاحب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع پرانا بھلوال

متوفی: محمد ظفر ولد محمد رمضان

وارثان: والد محمد رمضان، والدہ غلام صغراں پہلے فوت شدہ۔

زندہ: محمد عارف، محمد عامر سلیم، محمد یاسر، محمد عنصر حیات پسران عشرت ظفر، بلقیس فاطمہ دختران متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کردیا جائے گا، دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 54

یوآن (تقریباً 156 ارب 97 کروڑ امریکی ڈالر) تک پہنچ گئی جو گزشتہ سال کی نسبت 6.1 فیصد زائد ہے۔ انٹرنیٹ پر کمپنیوں اور سرکاری اداروں کی تشہیری آمدن میں گزشتہ سال سے 4.15 فیصد بہتری سے تیز تر اضافہ ہوا۔ روایتی ذرائع ابلاغ اپنے تشہیری کاروبار کی ڈیجیٹل تبدیلی کو تیز کر رہے ہیں۔ ریڈیو، ٹیلی ویژن اور اخبارات کے ذریعے نمائندگی کرنے والے سرکاری اداروں نے جنوری سے ستمبر تک انٹرنیٹ پر 2 ارب 37 کروڑ یوآن کی آمدن حاصل کی جو گزشتہ سال سے 75 فیصد زائد ہے۔ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ تشہیری کمپنیوں کے لئے منڈی کے حالات میں مسلسل بہتری آئی ہے جس سے ان کے ترقیاتی اعتماد میں اضافہ ہوا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 55

کو آسان بنانے کے لئے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں پر جامع اور موثر طریقے سے عمل درآمد کرنا اہم کام ہے۔ ژی نے کہا کہ اس کا بنیادی راستہ دو ریاستی حل پر عملدرآمد اور مسئلہ فلسطین کے سیاسی تصفیے کا فروغ ہے۔ 1967 کی سرحدوں کی بنیاد پر مکمل خودمختاری کے ساتھ ایک آزاد فلسطینی ریاست قائم کی جائے جس کا دارالحکومت مشرقی یروشلم ہو۔ فلسطینی عوام کے حق خودارادیت، ان کے وجود اور ان کی واپسی کے حق کو یقینی بنایا جائے۔ ژی نے اس بات پر زور دیا کہ چین ہمیشہ فلسطینی عوام کے جائز قومی حقوق کی بحالی کے منصفانہ مقصد کا پرزور حامی رہا ہے اور اس نے ہمیشہ اتحاد کو مضبوط بنانے، تقسیم کے خاتمے اور فلسطینی قومی اتحاد کے استحکام سے متعلق بیجنگ اعلامیہ پر عمل درآمد کے لئے تمام فلسطینی دھڑوں کی حمایت کی ہے تاکہ داخلی مصالحت کو عملی شکل دی جاسکے۔ ژی نے کہا کہ چین اقوام متحدہ کا مکمل رکن بننے میں فلسطین کی بھرپور حمایت کرتا ہے اور زیادہ وسیع البنیاد، زیادہ مستند اور زیادہ موثر عالمی امن کانفرنس کے انعقاد کا حامی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 56

رواں مالی سال بیرون ملک سے مجموعی طور پر اکیس ارب اٹھائیس کروڑ ڈالر ملنے کا تخمینہ ہے۔ پہلے چار ماہ میں پاکستان کو ایک ارب بہتر کروڑ ڈالر موصول ہوئے۔ پہلے چار مہینوں میں آئی ایم ایف سے ملنے والے ایک ارب ڈالر اس کے علاوہ ہیں۔ جولائی تا اکتوبر مجموعی طور پر دو ارب بہتر کروڑ ڈالر کی بیرونی مالی معاونت ملی۔ پاکستان کو اس دوران مختلف ممالک سے پچپن کروڑ اٹھانوے لاکھ ڈالر حاصل ہوئے۔ دیگر عالمی مالیاتی اداروں نے بہتر کروڑ ڈالر سے زائد رقم دی۔ پاکستان نے جولائی تا اکتوبر بیس کروڑ ڈالر کا کمرشل قرضہ بھی لیا۔ نیا پاکستان سرٹیفکیٹ میں چار ماہ کے دوران چون کروڑ اکیس لاکھ ڈالر کی سرمایہ کاری آئی۔ رواں مالی سال نو ارب ڈالر کے چینی اور سعودی ڈیپازٹس میں توسیع ملنے کا بھی امکان ہے۔

بقیہ بقیہ جات 57

75.0 روپے کم ہے، پیوستہ ہفتہ میں ملک کے شمالی شہروں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1460 روپے ریکارڈ کی گئی تھی۔ اسی طرح ملک کے جنوبی شہروں میں گزشتہ ہفتہ کے دوران سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1389 روپے ریکارڈ کی گئی جو پیوستہ ہفتہ کے مقابلہ میں 57.0 فیصد کم ہے، پیوستہ ہفتہ میں ملک کے جنوبی شہروں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1397 روپے ریکارڈ کی گئی تھی۔ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ ہفتہ کے دوران اسلام آباد میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1432 روپے، راولپنڈی 1420 روپے، گوجرانوالہ 1450، سیالکوٹ 1440 روپے، لاہور 1493 روپے، فیصل آباد 1448 روپے، سرگودھا 1430 روپے، ملتان 1463 روپے، بہاولپور 1500 روپے، پشاور 1453 روپے اور بنوں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1410 روپے ریکارڈ کی گئی۔ اسی طرح کراچی میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1340 روپے، حیدرآباد 1340 روپے، سکھر 1450 روپے، لاڑکانہ 1400 روپے، کوئٹہ 1456 روپے اور خضدار میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1347 روپے ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 58

جانب سے تائیوان سے تحفظ فیس ادا کرنے کے مطالبے کے بارے میں پوچھا گیا تھا۔ سروے سے پتہ چلتا ہے کہ تائیوان کے 51 فیصد لوگوں نے اس مطالبے سے اتفاق نہیں کیا اور 57 فیصد جواب دہندگان کو یقین نہیں تھا کہ امریکہ تائیوان کے دفاع کے لئے فوج بھیجے گا۔ چین ین ہوا نے کہا کہ تائیوان میں زیادہ سے زیادہ لوگ ڈیموکریٹک پروگریسو پارٹی (ڈی پی پی) کے حکام کے تیار کردہ اطلاعات کا خول توڑ چکے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ ڈی پی پی کا امریکہ پر انحصار تائیوان کو تباہی سے دوچار کردے گا۔

بقیہ بقیہ جات 59

میں اضافہ ہوا ہے اور مختلف شعبوں میں مفید تعاون نے دونوں اطراف کی عوام کے لئے قابل ذکر فوائد فراہم کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چین ساموا کے ساتھ مل کر دونوں ممالک کے رہنماؤں کے درمیان طے پانے والے اہم اتفاق رائے پر عملدرآمد کے لئے تیار ہے۔ اس کے ساتھ چین سیاسی اعتماد کو مزید گہرا کرتے ہوئے ایک دوسرے کے بنیادی مفادات کی مضبوطی سے حمایت کرے گا، باہمی مفید تعاون کو مستحکم اور چین۔ ساموا جامع تزویراتی شراکت داری کے مفہوم کو مسلسل فروغ دے گا۔ ساموا کی وزیراعظم ماتا۔ افا نے کہا کہ ساموا ایک چین کے اصول پر قائم ہے اور چین کے موقف کی مضبوطی سے حمایت کرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان کا ملک اگلے سال سفارتی تعلقات کے قیام کی 50 ویں سالگرہ کے موقع پر چین کے ساتھ اعلیٰ سطح تبادلوں کو بڑھانے، باہمی مفید تعاون کو گہرا کرنے اور عوامی سطح پر اور ذیلی قومی تبادلوں کو مستحکم کرنے کے لئے تیار ہے۔

بقیہ بقیہ جات 60

یونٹس تک پہنچا اور یہ گزشتہ سال کی نسبت 1.1 فیصد کا اضافہ ظاہر کرتا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق 2024 کے پہلے 10 ماہ میں سیل فون کی کل ترسیلات گزشتہ سال کی نسبت 9.8 فیصد بڑھ کر 25 کروڑ یونٹس تک پہنچ گئیں۔ مقامی برانڈز نے اکتوبر میں چین کی موبائل فون مارکیٹ پر اپنی اجارہ داری برقرار رکھی جہاں ان کی ترسیلات میں 2.30 فیصد کا اضافہ ہوا اور یہ تقریباً 2 کروڑ 34 لاکھ 60 ہزار یونٹس تک پہنچ گئیں۔ سی اے آئی سی ٹی نے مزید بتایا کہ اکتوبر میں مقامی مارکیٹ میں 37 نئے ماڈلز متعارف ہوئے جو مارکیٹ میں آنے والے تمام نئے ماڈلز کا حصہ تھے۔

بعدالت جناب فہد عباس صاحب جج فیملی کورٹ لالیاں

عنوان: فراز احمد/ عاصمہ نور

دعویٰ: اعادہ حقوق زن آشوئی

اشتہار بنام عاصمہ نور ولد ناصر احمد قوم قریشی سکنہ دارالفضل شرقی عزیز چناب نگر تحصیل لالیاں ضلع چنیوٹ کو ہرگاہ بالا عنوان میں متعدد بار طلب کیا گیا لیکن آپ عدالت حاضر نہ ہوئے۔ لہٰذا اب بذریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 03-12-24 کو بوقت صبح نو بجے اصالتاً یا وکالتاً عدالت ہذا حاضر ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

دستخط مجاز و مہر عدالت ہذا

بقیہ بقیہ جات 61

مطابق اٹلی جو آجکل دنیا کے اہم جی سیون گروپ کا آجکل سربراہ بھی ہے بین الاقوامی فوجداری عدالت کی طرف سے رواں ماہ کے دوران نیتن یاہو اور یوآو گیلنٹ کے وارنٹ گرفتاری جاری ہونے کے بعد گروپ سیون کے وزرائے خارجہ کا اجلاس بلا کر باقاعدہ اس معاملے میں بیان جاری کیا۔ وزیر خارجہ اٹلی انٹونیو تاجانی نے گروپ سیون کی طرف سے اس معاملے پر مشترکہ پوزیشن اختیار کرنے کی کوشش کی ہے۔ اجلاس کے بعد ایک نیوز کانفرنس سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ روم کو بین الاقوامی فوجداری عدالت کے مینڈیٹ کے بارے میں کئی شبہات ہیں۔ ہم واضح نہیں کہ نیتن یاہو وارنٹ گرفتاری جاری ہونے کے بعد کسی ملک بھی نہیں جا سکتے۔ انکا کہنا تھا کہ ہم سمجھتے ہیں کہ نیتن یاہو کی گرفتاری نہیں کی جا سکتی۔ کم از کم اس وقت تو یہ غیر ممکن ہے جب تک وہ وزیر اعظم ہیں۔ اس صورت حال نے فوجداری عدالت نے اٹلی کی حکومت میں تفریق پیدا کردی ہے۔ اٹلی کے وزیر دفاع کا موقف ہے کہ فوجداری عدالت نے نیتن یاہو کے جنگی جرائم کے حوالے سے جو وارنٹ گرفتاری جاری کیے اس میں عدالت سے تعاون کرتے ہوئے اٹلی کو اپنی ذمہ داریوں کی پاسداری کرنا چاہیے۔ حتیٰ کی اٹلی آمد پر نیتن یاہو کو گرفتار بھی کرنا چاہیے۔ جبکہ حکومت میں شامل لیگ پارٹی کا خیال ہے کہ نیتن یاہو اٹلی آئیں تو ان کا خیر مقدم کرنا چاہیے۔ ادھر امریکہ نے فوجداری کے نیتن یاہو کے بارے میں فیصلے پر سخت تنقید کی ہے۔ برطانیہ بھی اس فیصلے سے خوش نہیں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 62

ہم نے پیر کے روز اڑتے ہوئے دیکھے ہیں۔ ڈرونز نے رات کے وقت کئی گھنٹے ہمارے فضائی فوجی اڈوں کے نزدیک پرواز کی ہے۔ ہیں۔ تاہم ان ڈرونز کی تعداد کم زیادہ ہوتی رہی۔ ترجمان کی طرف سے یہ امریکی ایئر فورس کے 100 ویں ایئر ریفیولنگ ونگ کی طرف سے اس کے مائیلڈن ہال میں نے بھیجا ہے۔ برطانوی وزارت دفاع کے ایک ترجمان نے اس سلسلے کہا ہے وہ اس خطرے کو سنجیدگی سے لیتی ہے اور سمجھتی ہے کہ اس سے امریکی ریسپانس کا جواز مہیا ہوتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 63

میٹا نے حکومت پر اس قانون سازی میں تاخیر کے لیے دباؤ ڈالا ہے۔ آسٹریلیا کے ایوان نمائندگان نے اس بل کو 13 کے مقابلے 102 ووٹوں سے منظور کر لیا جب وزیر اعظم انتھونی البانیز کی مرکزی بائیں بازو کی لیبر حکومت نے پابندی کے لیے دو طرفہ حمایت حاصل کی۔ توقع ہے کہ سینیٹ اس بل پر بدھ کو بحث کرے گی جبکہ حکومت اس بات کو یقینی بنانا چاہتی ہے کہ جمعرات کو پارلیمانی سال کے اختتام تک اس کی منظوری دے دی جائے۔ البانی نے دلیل دی ہے کہ سوشل میڈیا کا زیادہ استعمال بچوں کی جسمانی اور ذہنی صحت کے لیے خطرات کا باعث بنتا ہے اور وہ والدین سے تعاون کے خواہش مند ہیں۔ نیوز کارپوریشن سمیت میڈیا آؤٹ لیٹس نے پابندی کی حمایت کی۔ آسٹریلیا کے انسانی حقوق کمیشن سمیت نوجوانوں کے بعض وکلاء نے خدشات کا اظہار کیا کہ اس قانون سے بچوں کے اظہار رائے کے حقوق کو نقصان پہنچے گا لیکن منگل کو جاری کردہ ایک سروے سے ظاہر ہوا کہ 77 فیصد آسٹریلوی باشندوں نے اس پابندی کی حمایت کی۔ اگست کے سروے میں یہ تعداد 61 فیصد تھی۔ آسٹریلیا عمر کی تصدیق کا نظام آزمانے کا ارادہ رکھتا ہے جس میں پابندی کے نفاذ کے لیے بائیو میٹرکس یا حکومتی شناخت شامل ہو سکتی ہے۔ یہ اقدام آج تک کسی بھی ملک کی طرف سے عائد کردہ سخت ترین سوشل میڈیا کنٹرولز ہیں۔ سینیٹ کی ایک کمیٹی نے بل کی حمایت کی لیکن ایک شرط رکھی کہ سوشل میڈیا پلیٹ فارم صارفین کو اپنی عمر ثابت کرنے کے لیے ذاتی ڈیٹا جیسے پاسپورٹ اور دیگر ڈیجیٹل شناخت جمع کرانے پر مجبور نہ کریں۔ سینیٹ کی ماحولیات اور مواصلاتی قانون سازی کمیٹی نے اپنی رپورٹ میں کہا کہ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کو عمر کی یقین دہانی کے لیے متبادل طریقے طے کرنے چاہئیں۔ کمیٹی نے کہا، عمر کی یقین دہانی کی آزمائش پر پیش رفت کے حوالے سے ایک رپورٹ وزیر مواصلات 30 ستمبر 2025 تک پارلیمنٹ میں پیش کریں جبکہ اس نے حکومت پر زور دیا کہ قانون بناتے وقت نوجوانوں کو معنی خیز طریقے سے شامل کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 64

اور واٹر باؤزر موقع پر پہنچ گئے اور آگ پر قابو پانے کے لیے ریسکیو آپریشن شروع کر دیا۔ آتشزدگی کے دوران فیکٹری میں موجود کیمیکل اور آئل کے ڈبے دھماکے سے پھٹتے بھی رہے جس کے باعث علاقے میں خوف و ہراس بھی پھیلا، فائر بریگیڈ کے عملے نے تقریباً 3 گھنٹے کی مسلسل کوششوں کے بعد فیکٹری میں لگی آگ پر قابو پالیا۔ اس دوران فیکٹری کی گراؤنڈ فلور پر کھڑی ایک سوزوکی اور گراؤنڈ فلور اور پہلی منزل پر رکھا تیار لاکھوں روپے مالیت کا مال مکمل خاکستر ہوگیا، آتشزدگی کے دوران کسی قسم کا کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ فائر آفیسر عارف منصوری کے مطابق فیکٹری میں کیمیکل کی زیادہ مقدار ہونے کے باعث فائر فائٹنگ میں پانی کے ساتھ فوم کا استعمال کیا گیا آتشزدگی کے باعث فیکٹری کی عمارت کمزور ہوگئی ہے اور فیکٹری کی چھت پر موبائل ٹاور بھی نصب ہے جو کسی خطرے کا سبب بن سکتا ہے، فوری طور پر آگ لگنے کی وجہ اور نقصان کا تخمینہ نہیں لگایا جاسکا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 65

پاور کمپنی (SEPCO) کے خلاف عوامی شکایات کا ازالہ کرنا تھا۔ کل 52 شکایات کی سماعت کی گئی جن میں سے 36 کا تعلق ایس ایس جی سی ایل سے اور 16 کا تعلق سیپکو سے ہے۔ ایس ایس جی سی ایل کے ڈپٹی منیجر بلنگ سعید احمد کوریجو اور سیپکو کے نمائندے بشمول ریاض علی منگی، ایگزیکٹو انجینئر صدر الدین شیخ ریونیو آفیسر، شاہ مراد جتوئی، ریونیو آفیسر، اور اعجاز علی، ریونیو آفیسر، شکایات کے ازالے کے لیے موجود تھے۔ ہر شکایت کنندہ کو صبر سے سماعت کی گئی، اور ان کی شکایات کو احتیاط سے دور کیا گیا۔ ریجنل ہیڈ نے عوامی شکایات کے بروقت حل کی اہمیت پر زور دیا اور متعلقہ اداروں کو مشورہ دیا کہ وہ اس طرح کے مسائل کو دوبارہ ہونے سے روکنے کے لیے موثر اندرونی میکانزم قائم کریں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر ایجنسیاں عوامی شکایات کا فوری ازالہ کرنے میں ناکام رہیں تو وفاقی محتسب کا دفتر مداخلت کرنے پر مجبور ہوگا۔

بعدالت مہر احسن شہزاد دھرل صاحب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع نبی شاہ بالا

متوفی: سید ضیاء الحسن شاہ

وارثان: تصدیق حسین شاہ والد حاکم بی بی والدہ پہلے فوت شدہ

زندہ: سیدہ نصرت بتول بیوہ، سید علی زین شیرازی پسر سیدہ صدف معروف سیدہ میمونہ زہرہ دختران متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کردیا جائے گا، دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

دکھی انسانیت کی خدمت بہترین عبادت ہے

ضیاء الدین انصاری

شہر کے نامور اور تجربہ کار کنسلٹنٹ ثریا عظیم ہسپتال میں 200 روپے کی پرچی پر اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں

ثریا عظیم ہسپتال گذشتہ تین دہائیوں سے شہر لاہور میں علاج معالجہ کی خدمات سرانجام دے رہا ہے، صدر گورننگ باڈی

لاہور (خبر نگار) صدر گورننگ باڈی ثریا عظیم ہسپتال وامیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ دکھی انسانیت کی خدمت اور بے آسروں کی کفالت کرنا بہترین عبادت ہے، ثریا عظیم ہسپتال خدمت خلق کا بہترین ادارہ ہے جو گذشتہ تین دہائیوں سے شہر لاہور میں علاج معالجہ کی خدمات سرانجام دے رہا ہے، جہاں پر مختلف شعبہ جات میں سپیشلسٹ ڈاکٹرز 24 گھنٹے مریضوں کے علاج پر مامور ہیں، شہر کے نامور اور تجربہ کار کنسلٹنٹ ثریا عظیم ہسپتال میں 200 روپے کی پرچی پر اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35

پی ٹی آئی رابطے میں رہے تو ان کیلئے کردار ادا کرسکتا ہوں

فضل الرحمان

حکومت بانی پی ٹی آئی کو جیل میں رکھنے، وہ باہر نکالنے کی ضد میں رہے تو ملک میں انارکی ہوگی

،اسلام آباد میں پرتشدد واقعات قابل مذمت، اتنے بندوبست پر بھی مظاہرین ڈی چوک تک کیسے پہنچ گئے؟ سربراہ جے یو آئی

لاڑکانہ (این این آئی) سربراہ جے یو آئی (ف) مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ اسلام آباد میں پرتشدد واقعات کی مذمت کرتا ہوں، حکومت بانی پی ٹی آئی کو جیل میں رکھنے اور وہ باہر نکالنے کی ضد میں رہے تو ملک میں انارکی ہوگی، پی ٹی آئی اگر رابطے میں رہے تو ان کیلئے کردار ادا کرسکتا ہوں۔ لاڑکانہ میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمن نے کینال منصوبے پر کہا کہ ہم سب ایک قوم اور ملک ہیں، معاملات اتفاق رائے سے ہونا ضروری ہے، ہماری جماعت روز اول سے صوبائی خودمختاری کی قائل ہے۔ انہوں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36

جامعہ نعیمیہ کی مجلس عاملہ کے صدر حاجی غلام مصطفی مرحوم کی نماز جنازہ کے بعد ڈاکٹر راغب حسین نعیمی دعا کروا رہے ہیں

جامعہ نعیمیہ کی مجلس عاملہ کے صدر حاجی غلام مصطفی انتقال کر گئے

نماز جنازہ چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل ڈاکٹر راغب حسین نعیمی نے پڑھائی

لاہور (این این آئی) جامعہ نعیمیہ کی مجلس عاملہ کے صدر حاجی غلام مصطفی گزشتہ روز قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے۔ مرحوم کی نماز جنازہ چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل علامہ ڈاکٹر محمد راغب حسین نعیمی نے پڑھائی۔ نماز جنازہ میں معززین علاقہ اور عزیز واقارب کی کثیر تعداد نے شرکت کی بعد ازاں مرحوم کو آبائی قبرستان میں سینکڑوں سوگوران کی موجودگی میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحوم جامعہ نعیمیہ کے بانی رکن حاجی نور الدین فیروزپوری کے صاحبزادے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

موجودہ ملکی مسائل کا حل صرف گرینڈ نیشنل ڈائیلاگ میں ہے، پاکستان مرکزی مسلم لیگ

طاقت کے استعمال نے ملک کو مزید انتشار، نفرت اور سیاسی عدم استحکام کی دلدل میں دھکیل دیا، صدر خالد مسعود سندھو

لاہور (این این آئی) پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے صدر خالد مسعود سندھو نے کہا ہے کہ طاقت کے استعمال نے ملک کو مزید انتشار، نفرت اور سیاسی عدم استحکام کی دلدل میں دھکیل دیا ہے، موجودہ ملکی مسائل کا حل صرف گرینڈ نیشنل ڈائیلاگ میں ہے، تمام اسٹیک ہولڈرز کو مذاکرات کی میز پر بیٹھ کر معاملات حل کرنے ہوں گے، جاں بحق اور زخمی ہونے والے احتجاج کے شرکاء اور سکیورٹی فورسز اہلکار دونوں پاکستانی تھے، دونوں ایک ہی وطن کے محب وطن شہری ہیں اور ان کی جانوں کا ضیاع صرف اور صرف پاکستان کا نقصان ہے۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38

وزیر اعلیٰ کے پی کے نے دوسری بار بھاگ کر پٹھانوں کی توہین اور بزدلی کی نئی تاریخ رقم کی ہے، انجینئر امیر مقام

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان وسیفران اور صدر مسلم لیگ ن خیبر پختونخوا انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ کے پی نے دوسری بار بھاگ کر نہ صرف پٹھانوں کی توہین کی ہے بلکہ بزدلی کی نئی تاریخ رقم کر دی ہے، جانی ومالی نقصان کا بشریٰ بی بی اور علی امین سے حساب لیا جائے گا۔ امیر مقام نے پی ٹی آئی کے احتجاج اور بھاگنے پر رد عمل میں کہا کہ علی امین اور بشریٰ نیازی کی دلیری حیران کن ہے کہ رات کی تاریکی میں کس طرح کارکنوں کو چھوڑ کر بھاگ کر اگلی صبح پھر سے پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

بشریٰ بی بی کی سیاست نے عمران خان کی سیاست کو ختم کر دیا، فیصل واوڈا

اسلام آباد (این این آئی) سابق وفاقی وزیر سینیٹر فیصل واوڈا نے کہا ہے کہ بشریٰ بی بی کی سیاست نے عمران خان کی سیاست کو ختم کر دیا، پہلے کہا تھا اگر ڈی چوک آئیں گے تو دھلائی ہوگی، گرفتاریاں ہوں گی۔ نجی ٹی وی کے مطابق سینیٹر فیصل واوڈا نے کہا کہ بشریٰ بی بی نے عمران خان کی سیاست پر آخری کیل ٹھونک دی، وہ لیڈر کہاں ہیں جنہوں نے کارکنان کو بلایا اور خود غائب ہو گئے۔ انہوں نے کہا کہ بشریٰ بی بی کی سیاست نے بانی پی ٹی آئی کی سیاست کو ختم کر دیا، بشریٰ بی بی کا مفاد پورا ہوگیاہ

فتنہ اور انتشار پسندوں کا ساتھ نہ دینے پر پنجاب کے عوام کا شکریہ، مریم نواز

پنجاب بھر میں راستے کھولنے کا حکم، اشیائے خورونوش کی فراہمی برقرار رکھنے کے لیے اقدامات کی ہدایت

لاہور (این این آئی) "بہت شکریہ پنجاب، پنجاب زندہ باد" وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے فتنہ اور انتشار پسندوں کا ساتھ نہ دینے پر پنجاب کے عوام کا شکریہ ادا کر دیا۔ مریم نواز نے پنجاب بھر میں راستے کھولنے کا حکم دے دیا اور اشیائے خورونوش کی فراہمی برقرار رکھنے کے لیے اقدامات کی ہدایت بھی کر دی، انہوں نے انتظامیہ کو اشیائے ضروریہ کے نرخ بھی کنٹرول کرنے کا حکم دیا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

سپریم کورٹ بار کا وزیر داخلہ اور وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سے مستعفی ہونے کا مطالبہ

علی امین گنڈاپور غیر آئینی خواہشات کی تکمیل کے لیے حکومتی وسائل کو بے رحمی سے ضائع کر رہے ہیں، میاں رؤف عطا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور سے مستعفی ہونے کا مطالبہ کر دیا۔ سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر میاں رؤف عطا نے گزشتہ روز اسلام آباد کے ڈی چوک میں پاکستان تحریک انصاف کے مظاہرین کے خلاف گرینڈ آپریشن پر اعلامیہ جاری کرتے ہوئے کہا کہ سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن نے ہمیشہ قانون کی حکمرانی، بنیادی حقوق، سویلین بالادستی کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

راولپنڈی، چار دنوں سے بند راولپنڈی اسلام آباد کے سنگم فیض آباد سے ٹریفک پولیس اہلکار رکاوٹیں ہٹا رہے ہیں

ٹریفک رولز کی خلاف ورزی پر موٹر سائیکل سوار شہری کو 55 ہزار 200 روپے جرمانہ

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت میں ٹریفک رولز کی خلاف ورزی پر شہری موٹر سائیکل قیمت کے برابر جرمانہ کروا بیٹھا۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق ہیلمٹ، لین لائن کی مسلسل خلاف ورزیوں پر موٹر سائیکل سوار کو 55200 روپے جرمانہ کیا گیا۔ بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل چلانے دو دو ہزار روپے کے 24 ای چالان موصول، لین لائن، سٹاپ لائن اور سگنل کی خلاف ورزی پر 09 ای چالان موصول ہوئے۔ اس حوالے سے چیف ٹریفک آفیسر عمارہ اطہر نے کہا کہ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر ہونے والے ای چالان نادہندگان کیخلاف گھیرا تنگ کر دیا گیا ہے، ٹریفک رولز کی خلاف ورزیوں پر ای چالاننگ کا سلسلہ جاری ہے۔

لاہور، مختلف علاقوں میں نادرا کی موبائل وین لگانے کا شیڈول جاری

لاہور (این این آئی) نادرا کی جانب سے لاہور کے مختلف علاقوں میں موبائل رجسٹریشن وین لگانے کا شیڈول جاری کر دیا گیا۔ نادرا کی موبائل وین کماہاں، مغلپورہ، دروغہ والا اور صدر کینٹ میں لگائی جائے گی، جبکہ اس کے علاوہ ٹاؤن سپ، مدینہ کالونی، رائے ونڈ سٹی اور گرین ٹاؤن میں بھی یہ وین لگائی جائے گی۔ یہ وین 29 نومبر تک شہر کے مختلف علاقوں میں دستیاب رہیں گی۔ نادرا نے شہریوں کی آسانی کے لئے شیڈول جاری کیا ہے تا کہ وہ اپنی شناختی دستاویزات کی رجسٹریشن کروا سکیں۔

لاہور، وائس چیئرمین اوورسیز پاکستانی کمیشن پنجاب بیرسٹر امجد ملک کو صدر لاہور پریس کلب ارشد انصاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

تحریک انصاف کا اسلام آباد میں احتجاج ختم کرنے کا اعلان

اسلام آباد میں پُرامن مظاہرین کیخلاف بربریت کا مظاہرہ کیا گیا، شہید 8 کارکنوں کے کوائف آچکے، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف نے اسلام آباد میں احتجاج ختم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ پولیس نے اسلام آباد میں سینکڑوں مظاہرین کو گرفتار کر لیا ہے، جناح ایونیو، سیونتھ ایونیو سے مظاہرین درجنوں گاڑیاں چھوڑ کر فرار ہوئے ہیں۔ ترجمان پی ٹی آئی کا کہنا ہے کہ اسلام آباد میں پُرامن مظاہرین کے خلاف بربریت کا مظاہرہ کیا گیا، دعویٰ کیا کہ شہید کیے گئے 8 کارکنوں کے کوائف آچکے ہیں۔ پی ٹی آئی ترجمان نے کہا کہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41

صنفی بنیاد پر تشدد ایک عالمی مسئلہ ہے، سعدیہ تیمور

خواتین کو ہر قسم کے تشدد سے بچانا ہماری اخلاقی، قانونی، اور سماجی ذمہ داری ہے

لاہور (این این آئی) ممبر صوبائی اسمبلی پنجاب اور پارلیمانی سیکرٹری برائے ویمن ڈویلپمنٹ سعدیہ تیمور نے 16 روزہ مہم برائے صنفی تشدد کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ صنفی بنیاد پر تشدد ایک عالمی مسئلہ ہے جو نہ صرف خواتین کی ذہنی، جسمانی، اور سماجی زندگی کو متاثر کر رہا ہے بلکہ معاشرتی ترقی میں بھی بڑی رکاوٹ ہے۔ پارلیمانی سیکرٹری برائے خواتین سعدیہ تیمور نے اس بات پر زور دیا کہ خواتین کو ہر قسم کے تشدد سے بچانا ہماری اخلاقی،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

صدر بیلاروس لوکاشینکو کی پاکستان آمد خوش آئند، شیخ عمر ریحان

دونوں ممالک بینکنگ چینل اور مقامی کرنسی میں تجارت کو فروغ دیں، چیئرمین پی وی ایم اے

کراچی (این این آئی) چیئرمین پاکستان وناسپتی مینوفیکچررز ایسوسی ایشن (پی وی ایم اے) شیخ عمر ریحان نے کہا ہے کہ بیلاروس کے صدر لوکاشینکو کی اعلیٰ سطح کے وفد کے ہمراہ پاکستان آمد خوش آئند ہے، دونوں ممالک کے درمیان حلال اشیاء، زراعت، آئی ٹی اور ادویات کے شعبے میں تجارت کے معاہدوں کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کے صدر عاطف اکرم شیخ، یو بی جی کے پیٹرن ان چیف ایس ایم تنویر، سینئر نائب صدر ثاقب فیاض

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46

حساس موقعوں پر احتجاج کی کال دینا اچھی روایت نہیں، شرجیل انعام میمن

خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ اور بشریٰ بی بی نے احتجاج کے دوران پوری سرکاری مشنری استعمال کی، سینئر صوبائی وزیر

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ اختلافات اور احتجاج کا وقت ہوتا ہے، حساس موقعوں پر احتجاج کی کال دینا اچھی روایت نہیں، خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ اور بشریٰ بی بی نے احتجاج کے دوران پوری سرکاری مشنری استعمال کی، پولیس کو یرغمال بنایا گیا، پولیس، رینجرز اور ایف سی کے جوانوں کو شہید کیا گیا پی ٹی آئی چاہتی ہے کہ ان کو لاشیں ملیں جن پر وہ سیاست کر سکیں، وزیر داخلہ متحرک نظر آئے، عمدہ حکمت عملی سے انہوں نے پی ٹی آئی کی خواہش پوری ہونے نہیں دی۔ کراچی میں نیب کورٹ کے باہر میڈیا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45

طاقت کا استعمال جمہوری اقدار کے منافی، چوہدری سرور

تمام فریقین کو آئین، قانون اور جمہوری روایات کے دائرے میں رہ کر اپنے حقوق کے لیے جدوجہد کرنی چاہیے

لاہور (این این آئی) پاکستان مرکزی مسلم لیگ پنجاب کے صدر محمد سرور چوہدری نے تحریک انصاف کے دھرنے کو بزور طاقت ختم کرنے کے لیے ریاستی مشینری کا استعمال کرنے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ عمل نہ صرف جمہوری اقدار کے منافی ہے بلکہ سیاسی ماحول کو مزید کشیدہ کرنے کا باعث بن سکتا ہے، ہم بارہا یہ باور کروا چکے ہیں کہ تصادم، تشدد اور ٹکراؤ کے رویے مسائل کا حل نہیں ہیں۔ لاہور میں جاری صوبائی میڈیا کوآرڈینیٹرز کی ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ پاکستان مرکزی مسلم لیگ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44

وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین کا پنجاب صاف پانی اتھارٹی کا دورہ

پنجاب میں صاف پانی کی موجودہ صورت حال پر سی ای او سید زاہد عزیز نے تفصیلی بریفنگ دی

پنجاب صاف پانی اتھارٹی صوبہ بھر کے واٹر فلٹریشن پلانٹس کی نگرانی کرے گی، وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین نے پنجاب صاف پانی اتھارٹی کا دورہ کیا، اس موقع پر چیئرمین پنجاب صاف پانی اتھارٹی چوہدری زاہد اکرم اور سی ای او سید زاہد عزیز نے صوبائی وزیر کو خوش آمدید کہا، پنجاب میں صاف پانی کی موجودہ صورت حال پر سی ای او سید زاہد عزیز نے تفصیلی بریفنگ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43

نشتر ہال میں منعقدہ نمائش میں ایک خاتون تصاویر دیکھ رہی ہیں

ڈیرہ غازی خان، سرحدی چوکی پر خوارجی دہشت گردوں کا حملہ پسپا کر دیا گیا

ڈیرہ غازی خان (این این آئی) ڈیرہ غازی خان میں سرحدی چوکی لکھانی پر 25 سے 30 خوارجی دہشت گردوں نے حملہ کیا جسے پولیس نے ناکام بناتے ہوئے دہشت گردوں کو فرار ہونے پر مجبور کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ڈیرہ غازی خان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47

کسی بھی ادارے کی ترقی میں لیڈر شپ کا اہم کردار ہوتا ہے، میئر کراچی

90 کی دہائی میں ڈپٹی کمشنرز کے اطوار الگ تھے مگر اب ایسا نہیں ہے، مرتضیٰ وہاب

کراچی (این این آئی) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ کسی بھی ادارے کی ترقی میں لیڈر شپ کا اہم کردار ہوتا ہے، نوجوان سیاستدان ہونے کے ناطے یہ سمجھتا ہوں کہ ہمارے لیڈرز بے باک فیصلہ کرنے سے ڈرتے ہیں، مجھے بیوروکریسی میں جدت نظر نہیں آتی، 90 کی دہائی میں ڈپٹی کمشنرز کے اطوار الگ تھے مگر اب ایسا نہیں ہے جبکہ نوجوان اور پرعزم آفیسرز ملک کی قسمت بدل سکتے ہیں جب تک سرکاری افسران جمود سے باہر نہیں نکلیں گے، تبدیلی نہیں آئے گی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیشنل انسٹیٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن (نیپا) کراچی میں منعقدہ سینئر مینجمنٹ کورس میں شریک سینٹرل سپیریئر سروس کے افسران

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا لاکھانی چیک پوسٹ پر دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنانے پر پولیس کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے پنجاب خیبر پختونخوا کی سرحد لاکھانی چیک پوسٹ پر دہشتگردوں کا حملہ ناکام بنانے پر پولیس کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیس نے ایک بار پھر دہشتگردوں کے ناپاک عزائم خاک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49

لاہور، صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین، پنجاب صاف پانی اتھارٹی کی محکمانہ کارکردگی بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اپنے فیصلوں پر عمل درآمد میں تاخیر پر اظہار تشویش

متعلقہ وزارتوں کو ای سی سی فیصلوں پر بروقت عملدرآمد یقینی بنانے کیلئے موثر حکمت عملی اپنانے کی ہدایات

اسلام آباد (این این آئی) کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی نے اپنے فیصلوں پر عملدرآمد میں تاخیر پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ وزارتوں کو ای سی سی فیصلوں پر بروقت عملدرآمد یقینی بنانے کیلئے دیگر سٹیک ہولڈر وزارتوں اور ڈویژنز کے ساتھ بہتر ہم آہنگی قائم کرنے اور کسی بھی رکاوٹ کے خاتمے کیلئے موثر حکمت عملی اپنانے کی ہدایات جاری کر دیں۔ وزارت خزانہ کے مطابق کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کا خصوصی اجلاس بدھ کو وزارت خزانہ میں وفاقی وزیر برائے خزانہ وریونیو سینیٹر محمد اورنگزیب کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں وزیر برائے صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین، وزیر برائے توانائی سردار اویس احمد خان لغاری، وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقیات وخصوصی اقدامات احسن اقبال، وزیر برائے تجارت جام کمال خان، وفاقی سیکرٹریز اور متعلقہ وزارتوں ومحکموں کے سینئر افسران شریک ہوئے جبکہ وزیر مملکت برائے خزانہ وریونیو علی پرویز ملک نے آن لائن اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں ای سی سی کے مالیات، داخلہ، صنعت و پیداوار، بین الصوبائی رابطہ، تعمیرات ورہائش، غذائی تحفظ وتحقیق، توانائی، اور قومی صحت کے ضابطہ کار امور سے متعلق پہلے سے لئے گئے فیصلوں کی عمل درآمد کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔

مظفر آباد، صدر پیپلز پارٹی چوہدری محمد یاسین سے شوکت جاوید میر ملاقات کر رہے ہیں

پاک بحریہ کے جہاز ذوالفقار کی بحیرہ عرب میں کورین نیوی کے ساتھ مشق

مشق کا مقصد مشترکہ آپریشنز کی صلاحیت بڑھانا، باہمی پیشہ ورانہ روابط کو فروغ دینا تھا، ترجمان پاک بحریہ

کراچی (این این آئی) پاک بحریہ کے جہاز ذوالفقار نے بحیرہ عرب میں کورین نیوی کے جہاز وینگ جیون کے ساتھ مشترکہ مشق کی۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق دونوں جہاز کمبائنڈ میری ٹائم فورسز کے تحت بالترتیب کمبائنڈ ٹاسک فورس 150 اور 151 کے تحت آپریٹ کر رہے تھے، مشق میں آپریشنل حکمت عملی اور مواصلاتی مشقیں شامل تھیں جن کا مقصد مشترکہ آپریشنز کی صلاحیت کو بڑھانا اور دونوں بحری افواج کے درمیان پیشہ ورانہ روابط کو فروغ دینا تھا۔ کمبائنڈ ٹاسک فورس 150 اور 151 غیر قانونی سمندری سرگرمیوں، منشیات کی سمگلنگ اور بحری قزاقی کو روکنے کیلئے میری ٹائم سکیورٹی آپریشنز کرتی ہیں، یہ غیر قانونی سرگرمیاں بین الاقوامی پانیوں میں بحری سلامتی کیلئے خطرہ ہیں۔ پاک بحریہ کے جہاز ذوالفقار اور کورین نیوی کے جہاز وانگ جیون کے درمیان اس مشترکہ مشق کا کامیاب انعقاد بحری افواج کے ساتھ ساتھ ان کی متعلقہ ٹاسک فورسز کے میری ٹائم سکیورٹی کو برقرار رکھنے اور سمندر میں قانونی سرگرمیوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنے کے عزم کو واضح کرتا ہے جس سے اس اہم خطے میں استحکام اور تعاون کو فروغ ملے گا۔

بشریٰ بی بی نے منفی سیاست کی، سینئر وزیر سندھ

وہ بانی پی ٹی آئی سے بھی دو ہاتھ آگے نکل گئیں، انہوں نے عوام کو مروانے کی کوشش کی

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ وزیر اطلاعات سندھ شرجیل میمن نے کہا ہے کہ بشریٰ بی بی نے منفی سیاست کی، وہ بانی پی ٹی آئی سے بھی دو ہاتھ آگے نکل گئیں، انہوں نے عوام کو مروانے کی کوشش کی، بانی پی ٹی آئی کہتے تھے میری اہلیہ غیر سیاسی ہیں پر وہ سیاسی نکلیں، کہتی تھیں بانی پی ٹی آئی کو رہا کیے بغیر نہیں جاؤں گی مگر آپریشن شروع ہوتے ہی فرار ہو گئیں، احتجاج کے دوران جو کچھ ہوا اس نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50

لاہور، صوبائی وزیر عاشق حسین کرمانی کی موجودگی میں پنجاب گرین ٹریکٹر پروگرام کے تحت معاہدے پر دستخط کیے جا رہے ہیں

چینی صدر کی فلسطینی عوام سے اظہار یکجہتی کے عالمی دن پر مبارکباد

فلسطین کا مسئلہ مشرق وسطیٰ کے مسائل کی جڑ ہے اور اس کا تعلق عالمی عدل وانصاف سے ہے

بیجنگ (شنہوا) چینی صدر شی جن پھنگ نے فلسطینی عوام کے ساتھ یکجہتی کے عالمی دن پر منعقدہ اقوام متحدہ کے اجلاس کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں انہوں نے اس بات کا تذکرہ کیا ہے کہ فلسطین کا مسئلہ مشرق وسطیٰ کے مسائل کی جڑ ہے اور اس کا تعلق عالمی عدل وانصاف سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنگ کو جلد از جلد ختم کرنے اور علاقائی صورتحال

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

آزاد ریاست ساموا کے ساتھ باہمی مفید تعاون کو مستحکم کریں گے، چینی وزیر اعظم

دونوں ممالک کے دوطرفہ تعلقات مضبوط اور مستحکم انداز میں ترقی کر رہے ہیں

بیجنگ (شنہوا) چین کے وزیر اعظم لی چیانگ نے بیجنگ میں آزاد ریاست ساموا کی وزیر اعظم فیامی ناؤمی ماتا-افا سے بات چیت کی ہے۔ لی چیانگ نے کہا کہ تقریباً نصف صدی قبل سفارتی تعلقات کے قیام کے بعد سے دونوں ممالک کے دوطرفہ تعلقات مضبوط اور مستحکم انداز میں ترقی کر رہے ہیں۔ اس میں قریبی اقتصادی وتجارتی تبادلوں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59

چین کا جنوری تا اکتوبر صنعتی منافع 58.6 کھرب یوآن سے زائد رہا

بیجنگ (شنہوا) چین میں رواں سال جنوری سے اکتوبر کے دوران بڑے صنعتی اداروں کا مجموعی منافع 58.6 کھرب یوآن (تقریباً 814 ارب امریکی ڈالر) سے زائد رہا جو گزشتہ برس کی نسبت 4.3 فیصد کم ہے۔ قومی ادارہ شماریات نے بدھ کو بتایا کہ صرف اکتوبر کے دوران منافع میں ایک برس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52

چین کی سرکردہ تشہیری کمپنیوں کی آمدن میں سال کی پہلی 3 سہ ماہیوں کے دوران اضافہ

بیجنگ (شنہوا) چین کی سرکردہ تشہیری کمپنیوں اور سرکاری اداروں نے 2024 کی پہلی 3 سہ ماہیوں میں ٹھوس ترقی کی۔ سٹیٹ ایڈمنسٹریشن فار مارکیٹ ریگولیشن کیا عدادوشمار کے مطابق اس عرصے کے دوران 857 سرکردہ تشہیری کمپنیوں اور سرکاری اداروں کی آمدن تقریباً 11 کھرب 30 ارب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54

عوام جان رہی ہے امریکہ حفاظت کے بجائے تائیوان کو نقصان پہنچا رہا ہے، ترجمان چینی مین لینڈ

بیجنگ (شنہوا) چینی مین لینڈ کے ترجمان نے کہا ہے کہ تائیوان میں لوگوں کی بڑھتی ہوئی تعداد نے محسوس کیا ہے کہ امریکہ جزیرے کی حفاظت کرنے کے بجائے اسے نقصان پہنچا رہا ہے۔ اسٹیٹ کونسل کے تائیوان امور کے دفتر کے ترجمان چھن بن ہوا نے یہ بات تائیوان میں رائے عامہ کے ایک حالیہ جائزے کے جواب میں کہی جس میں امریکہ کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58

پی ٹی آئی احتجاج کے دوران ہلاکتوں کا معاملہ، آئینی بینچ نے از خود نوٹس لینے کی استدعا مسترد کر دی

جو معاملہ ہمارے سامنے سرے سے ہے ہی نہیں، اسے نہیں دیکھ سکتے، جسٹس امین الدین خان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے اسلام آباد میں ہونے والے احتجاج کے دوران ہلاکتوں کے معاملے پر سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے از خود نوٹس لینے کی استدعا مسترد کر دی۔ سپریم کورٹ کے آئینی بینچ میں موسمیاتی تبدیلی اتھارٹی سے متعلق کیس کے دوران ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل خیبر پختونخوا ویڈیو لنک کے ذریعے پیش

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51

دھرنے اور احتجاج سے عوام کو تکلیف ہو رہی ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

اگر دھرنا دینے سے بچہ بازیاب ہو سکتا تو ہم سب دھرنے میں جا کر بیٹھ جاتے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دھرنے اور احتجاج سے عوام کو تکلیف ہو رہی ہے۔ اپنے بیان میں سرفراز بگٹی نے کہا کہ ایک صوبے سے وفاق پر چڑھائی کرنا مناسب نہیں ہے، اس طرح کا انتشار لمحہ فکریہ اور قابل مذمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بزنس کمیونٹی کے جو مسائل ہم حل کر سکتے ہیں وہ آج ہی حل کرنے کی کوشش کریں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53

کوکنگ آئل کی فی لیٹر قیمت میں 100 روپے تک اضافہ

ملک میں عالمی منڈی کے زیر اثر آئل کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ

کراچی (این این آئی) گھی اور کوکنگ آئل کی بڑھتی قیمت نے چھوٹے کاروباری طبقے اور عوام کو پریشان کر دیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق حالیہ دنوں میں کوکنگ آئل کی قیمتوں میں اضافے سے چھوٹے کاروباری افراد کے لیے کام کرنا مشکل ہو گیا ہے 400 روپے فی لیٹر ملنے والا تیل اب 510 اور 550 روپے تک مہنگا ہو گیا جس سے کاروباری اخراجات دگنے ہو گئے ہیں۔

مالی سال کے پہلے 4 ماہ میں پاکستان کو ایک ارب 72 کروڑ ڈالر موصول

اقتصادی امور ڈویژن نے بیرونی مالی معاونت سے متعلق رپورٹ جاری کر دی

کراچی (این این آئی) رواں مالی سال کے پہلے چار ماہ میں پاکستان کو ایک ارب بہتر کروڑ ڈالر بیرونی مالی معاونت موصول ہوئی، سالانہ ہدف کے مقابلے میں جولائی تا اکتوبر آٹھ اعشاریہ آٹھ آٹھ فیصد فنڈز ہی حاصل ہو سکے۔ اقتصادی امور ڈویژن نے بیرونی مالی معاونت سے متعلق رپورٹ جاری کر دی ہے، دستاویز کے مطابق

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56

سیمنٹ کی ریٹیل قیمت میں ہفتہ وار بنیادوں پر کمی ہو گئی

سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1449 روپے ریکارڈ

کراچی (این این آئی) گزشتہ ہفتہ کے دوران ملک میں سیمنٹ کی ریٹیل قیمت میں معمولی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کے اعداد و شمار کے مطابق 21 نومبر کو ختم ہونے والے ہفتہ میں ملک کے شمالی شہروں میں سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1449 روپے ریکارڈ کی گئی ہے جو پیوستہ ہفتہ کے مقابلہ میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57

کوئی بڑا یا معروف منصوبہ رکنے والا نہیں، سعودی وزیر خزانہ

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے وزیر خزانہ محمد الجدعان نے کہا ہے کہ مملکت کا 2025 کا بجٹ 2024 کے ابتدائی اعداد کے مقابلے میں توسیع شدہ ہے۔ الجدعان نے عرب ٹی وی کے ساتھ ایک انٹرویو میں مزید کہا کہ سعودی عرب کا 2025 کا بجٹ موجودہ سال کے بجٹ سے تقریباً 2.7 فیصد زیادہ ہے، جب کہ 2024 کے حقیقی اخراجات 2025 کے مقابلے میں معمولی فرق کے ساتھ تقریباً 55 ارب ریال تک پہنچ جائیں گے۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔

آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

چین کی موبائل فون کی ترسیلات میں اکتوبر کے دوران 1.8 فیصد اضافہ

مقامی مارکیٹ میں 37 نئے ماڈلز متعارف ہوئے جو مارکیٹ میں آنے والے تمام نئے ماڈلز کا حصہ تھے

بیجنگ (شنہوا) چین کی موبائل فون کی ترسیلات اکتوبر 2024 میں گزشتہ سال کی نسبت 1.8 فیصد بڑھ کر 2 کروڑ 96 لاکھ 70 ہزار یونٹس سے زائد ہو گئیں۔ وزارت صنعت و اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے ماتحت تحقیقی ادارے چائنہ اکیڈمی آف انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشنز ٹیکنالوجی (سی اے آئی سی ٹی) نے بتایا کہ اکتوبر کی ترسیلات میں 5 جی موبائل فونز کا حصہ 90.1 فیصد رہا جو 2 کروڑ 67 لاکھ 20 ہزار

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60

صدیوں پرانی تہذیب ہڑپہ کو ریڈ زون قرار دیا جائے ہڑپہ میں الکرم سوسائٹی بنانے کا N.O.C کس نے دیا
ہڑپہ کے ارد گرد 400 میٹر کی حدود میں الکرم سوسائٹی کی تعمیر کو روکا جائے اور درختوں کا قتل عام بند کیا جائے
اس کام میں ملوث اے سی، ڈی سی، کمشنر، پٹواری، تحصیلدار، ایس ایچ او، ڈی پی او اور آر پی او

لاہور وکلا اور سول سوسائٹی کے اراکین صدیوں پرانی تہذیب ہڑپہ کے تحفظ کے لئے مظاہرہ کر رہے ہیں

وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر سکھر میں، سید محمود علی شاہ کی سربراہی میں آؤٹ ریچ کی سماعت

سکھر (این این آئی) وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر سکھر میں، سید محمود علی شاہ کی سربراہی میں، اور پروفیسر ڈاکٹر۔ عبدالوحید اندھڑ نے لاڑکانہ سرکٹ ہاؤس میں ایک آؤٹ ریچ سماعت کی، اس سماعت کا مقصد سرکاری اداروں، خاص طور پر سوئی سدرن گیس کمپنی لمیٹڈ (SSGCL) اور سکھر الیکٹرک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 65

آصفہ بھٹو نے اماراتی وزیر اعظم شیخ محمد بن راشد المکتوم سے ملاقات کو اعزاز قرار دے دیا

دبئی (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری کی صاحبزادی آصفہ بھٹو نے اماراتی وزیر اعظم شیخ محمد بن راشد المکتوم سے ملاقات کو اعزاز قرار دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری کی صاحبزادی اور رکن قومی اسمبلی آصفہ بھٹو زرداری نے اماراتی وزیر اعظم شیخ محمد بن راشد المکتوم سے دبئی میں ملاقات کی۔

سرکاری اسکیم کے تحت حج درخواستوں کی تعداد 24 ہزار 266 تک پہنچ گئی

کراچی (این این آئی) سرکاری اسکیم کے تحت حج درخواستوں کی تعداد 24 ہزار 266 تک پہنچ گئی۔ ترجمان وزارت مذہبی امور کے مطابق سرکاری اسکیم میں حج درخواستوں کی وصولی میں تیزی آ گئی ہے، ملک کے 15 بینکوں کی نامزد شاخوں میں حج درخواستیں وصول کی جا رہی ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ حج اخراجات کی پہلی قسط 2

کراچی: کلر بنانے والی فیکٹری میں آتشزدگی سے لاکھوں کا سامان خاکستر

آتشزدگی کے دوران فیکٹری میں موجود کلر کیمیکل اور آئل کے ڈبے دھماکے سے پھٹتے بھی رہے

کراچی (این این آئی) نیو کراچی گبول گوٹھ میں کلر بنانے کی فیکٹری میں آتشزدگی کے دوران لاکھوں روپے کا مال جل کر خاکستر ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق بدھ کی صبح نیو کراچی گبول گوٹھ دھاکہ ہوٹل کے قریب 2 منزلہ مکان میں قائم کلر بنانے کی کمپنی میں اچانک آگ بھڑک اٹھی جس نے دیکھتے ہی دیکھتے شدت اختیار کر لی اور آگ نے فیکٹری کی تینوں منزلوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ فائر بریگیڈ کی 5 فائر ٹینڈر ایک اسنارکل

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64

اسلام آباد، صدر آزاد کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری سے وائس چانسلر یونیورسٹی پونچھ پروفیسر ڈاکٹر ذکریا ذاکر ملاقات کر رہے ہیں

آسٹریلیا میں بچوں کے لیے سوشل میڈیا پر پابندی لگنے کا امکان

بچوں کے حقوق اور اظہار رائے کے متاثر ہونے کا امکان ہے، قانون ساز، انسانی حقوق کمیشن

کینبرا (این این آئی) آسٹریلیا 16 سال سے کم عمر بچوں کے لیے سوشل میڈیا پر پابندی لگانے کے قریب پہنچ گیا جب بدھ کو پارلیمنٹ کے ایوان زیریں نے اس سلسلے میں ایک بل کی منظوری دی حالانکہ الفابیٹ کی گوگل اور فیس بک کی مالک کمپنی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63

برطانیہ میں امریکی فضائیہ کے اڈوں پر ڈرونز کی پروازیں

ان ڈرونز کو دشمن ڈرونز کے طور پر شناخت نہیں کیا گیا ہے، امریکی فضائیہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ایئر فورس کے ترجمان کی طرف سے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ برطانیہ میں قائم امریکی ایئر بیسز پر ڈرون طیارے اڑتے ہوئے دیکھے گئے ہیں تاہم امریکی فضائیہ نے کہا ہے کہ ان ڈرونز کو دشمن ڈرونز کے طور پر شناخت نہیں کیا گیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ بات امریکی فضائیہ کے یورپ کے لیے ترجمان نے کہی۔ امریکی فضائیہ کے ترجمان نے کہا ہے ہم یہ بھی تصدیق کر سکتے ہیں کہ یہ ڈرون

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62

نیتن یاہو کے بارے میں فوجداری عدالت کے فیصلے اور مینڈیٹ پر شکوک ہیں، اٹلی

ہم واضح نہیں کہ نیتن یاہو وارنٹ گرفتاری جاری ہونے کے بعد کسی مل بھی نہیں جا سکتے، وزیر خارجہ

روم (این این آئی) اٹلی کی طرف سے کہا گیا ہے کہ نیتن یاہو کی جنگی جرائم کے سلسلے گرفتاری کے بارے میں بہت سے شکوک اور قانونی پیچیدگیاں پائی جاتی ہیں۔ جب تک نیتن یاہو حکومت میں ہیں ان کی گرفتاری ممکن نہیں ہے۔ میڈیا رپورٹس کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61

لاہور، چیئرمین وزیر اعلیٰ ڈائریکٹوریٹ ایویلیوایشن مانیٹرنگ اینڈ فیڈ بیک بابر علاؤ الدین کو ٹی ڈی سی پی حکام بریفنگ دے رہے ہیں